جلد: ۹ شمارہ: ۳-۴
جولائی – دسمبر ۲۰۲۲

دبیر

UGC Care Listed

مدیر

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

ISSN: 2394-5567
S.No. 23

DABEER
July - December 2022
S.No. 23

ISSN: 2394-5567
S.No. 23

Vol: 09, Issue: 3-4
July - Dec 2022

DABEER

UGC Care Listed

Editor:
Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

ISSN:- 2394-5567 (UGC Care Listed) S.No. 23

بخواندم یکی مرد ھندی دبیر سخن گوی و گوینده و یادگیر (فردوسیؔ)

دبیر

(بین الاقوامی پیئر ریویوڈ ریفیر یڈ سہ ماہی ادبی وتحقیقی جریدہ)

جلد۔۹ شمارہ۔۳ - ۴

جولائی۔دسمبر ۲۰۲۲ء

☆ایڈیٹر☆

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

Mob. no. 09410478973

☆مراسلت کا پتہ☆

دبیر حسن میموریل لائبریری

۱۲۔چودھری محلّہ (جنوبی)،کاکوری،لکھنؤ۔۲۲۶۱۰۱

dabeerpersian@rediffmail.com

website: www.dabeerpersian.co.in

☆ریویو کمیٹی☆

پروفیسر آذرمی دخت صفوی، علی گڑھ

پروفیسر شریف حسین قاسمی، دہلی

پروفیسر مسعود انور علوی کاکوروی، علی گڑھ

پروفیسر عمر کمال الدین کاکوروی، لکھنؤ

پروفیسر طاہرہ وحید عباسی، بھوپال

پروفیسر مظہر آصف، نئی دہلی

☆مجلس ادارت☆

پروفیسر سید حسن عباس، صدر شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

پروفیسر سید محمد اسد علی خورشید، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

پروفیسر علیم اشرف خان، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

پروفیسر سید محمد اصغر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، شعبۂ فارسی، مانو، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد عقیل، شعبہ فارسی، دانشگاہ ھندوی، بنارس

ڈاکٹر محمد احتشام الدین، مرکز تحقیقات فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر افتخار احمد، شعبۂ فارسی، مولانا آزاد کالج، کلکتہ

ڈاکٹر محمد قمر عالم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر انجمن بانو صدیقی، شعبہ فارسی، کرامت کالج، لکھنؤ

☆معاون مدیر☆

ڈاکٹر محمد توصیف خان کاکر

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر عاطفہ جمال

پی ایچ ڈی، شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

فہرست مندرجات

	عنوان	مقالہ نگار	صفحہ
	اداریہ	ازلان حیدر	۵
۱	اقبال کے ''پیام مشرق'' کا پیامبر کیفی اعظمی	پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی	۶
۲	منور رانا	پروفیسر فخر عالم اعظمی	۱۴
۳	محمد دارا شکوہ کے حالات وتصنیفات	ڈاکٹر صاحبزادہ صولت علی خان	۲۰
۴	تصوف اور کشمیر کے سماجی وسیاسی حالات............	ڈاکٹر جہانگیر اقبال	۲۹
۵	ادب اطفال کا اجمالی تعارف	ڈاکٹر عابد گلزار / شاہینہ اختر	۳۴
۶	غالب کی فارسی مثنوی نگاری: ایک تحقیقی مطالعہ	ڈاکٹر محمد اقبال بابا	۴۰
۷	آنندرام مخلص کی فارسی شاعری کے متصوفانہ پہلو	مہ جبین عمر	۴۹
۸	صادق ھدایت کی نظر میں ایرانی معاشرہ میں عورت کی حیثیت	محمد سالم	۵۵
۹	دورۂ مملوک کے چند معروف ادباء وشعراء	یاسمین فردوس	۶۱
۱۰	علم الکتاب میں مباحث تصوف وعرفان	محمد سعد ظفر	۷۳
۱۱	فارسی ادب میں بلگرام کی شاعری کا حصہ	محمد رضا اظہری	۸۱
	دکنیات		
۱۲	خواجۂ دکن خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی چند تصنیفات کا اجمالی جائزہ	ڈاکٹر آزاد حسین	۹۳
	میراث خطی		
۱۳	تاریخ مظفری اور اس کے خطی نسخے: ایک تعارف	ڈاکٹر محمد احتشام الدین / زویا شہزاد	۱۰۵
۱۴	منبع الانساب اور اس کے خطی نسخے	ڈاکٹر روبینہ قیصر	۱۱۵
۱۵	ہنگامۂ عشق از آنندرام مخلص: ایک تعارف	ڈاکٹر محمد توصیف	۱۲۵
	شخصیات		
۱۶	مولانا محمد باقر جوراسی: شخصیت اور کارنامے	آمنہ زیدی	۱۳۷
	چشم بینش		
۱۷	نقش ھای رنگ رنگ	پروفیسر رضوان اللہ آروی	۱۴۳
۱۸	کلیات چندو لعل شاداںؔ: ایک تعارف	ڈاکٹر محمد قمر عالم / احمد نوید یاسر ازلان حیدر	۱۴۷

English Artilces

1	Historical Perspective of Muslim Women Education..................	Dr. Upasana Verma/ Imam Husain	3
2	The Religious Endowment Activities of Nayak's Subordinates- A Study	Dr. C. Chellapandian / Mrs. A. Anu	9
3	Influence of Persian on Bengali	Dr. Atiqur Rahman	15
4	Piety and Politics: Iltutmish in the Medieval Sufi and	Dr. Samana Zafar	27
5	Spiritual Sensibility in the Poetry of S.L. Peeran	Dr. Mashique Jahan	42
6	The Secret Learners: Muslim Women's Quest for Education..................	Dr. Pervaiz Ahmad Khanday	46
7	Gandhian Humanism in the Light of Contemporary Indian Society	Dr. Debasree Bhattacharya	54
8	Poverty and Pandemic in India: The Disparate Impacts of Covid-19	Dr. Uzma Saleem Malik / Dr. Abubakr Siddiqui	58
9	United States As a Factor in India-Iran Relations	Dr. Mohd. Javed / Dr. Faizul Hasan	66
10	A Comment on the Ancient Relations between India and Iran	Mohd. Aqib	80
11	Sufi Music, Its Validity & Impact:............	Md. Modassir	84
12	Depiction of Patrotism in Amir Khusrow's Masnavi	Mohammad Shahnawaz Alam	91

اداریہ

اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر واحسان ہے کہ اس نے ہمیں اس دنیا میں اشرف المخلوقات بنا کر بھیجا، رب کریم کا مزید فضل وکرم یہ ہے کہ اس نے ہمیں سید المرسلین خاتم النبیین حضور احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں پیدا ہونے کا شرف بخشا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ وسلم اور ان کے جانشین خلفائے راشدین آل پاک و صحابۂ کرام پر صدہا درود وسلام کہ جن کی بدولت ہم شریعت مطہرہ اور طریقت باطنہ کے روحانی برکات سے آج تک فیض یاب ہو رہے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے علم پر ارشاد گرامی کو امت آج تک پھیلانے سکھانے پڑھانے اور سمجھانے کا کام کر رہی ہے۔

علم کی ترویج واشاعت کا کوئی بھی راستہ اختیار کرنا بزرگان علم ودین کے ایصال ثواب، خود کے لئے کار خیر اور آنے والی نسلوں کے راہنمائی اور آسانیاں پیدا کرنا ہے۔ کچھ وقت قبل میرے استاد ومحسن جناب ڈاکٹر شعائر اللہ خاں وجیہی رامپور کی مرتبہ تصنیف خطیب اعظم حیات اور خدمات موصول ہوئی اس کتاب کی ضخامت کا اندازہ اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ صرف فہرست ہی تقریباً نو، دس صفحات تک پھیلی ہوئی ہے۔ خطیب اعظم حضرت مولانا شاہ وجیہ الدین احمد خان قادری مجددیؒ (۱۹۸۷ء-۱۸۹۹ء) شمالی ہندوستان کے خطۂ روہیل کھنڈ کے رامپور کی وہ شخصیت گزرے ہیں جنہوں نے علمی، فکری، اصلاحی اور دینی کاموں سے صرف اہلیان رامپور کو ہی نہیں بلکہ پورے خطہ کو سیراب کیا۔ خانقاہ احمدیہ قادریہ کا مدرسہ اب بھی اس کام کو آگے بڑھا رہا ہے۔ مدرسہ میں علمی وتدریسی کام جاری ہے جس سے سیکڑوں نونہال سیراب ہو رہے ہیں، مدرسہ کا ماہنامہ ''ضیاء وجیہ'' پوری پابندی و آب وتاب کے ساتھ نکل رہا ہے۔

ان تمام باتوں کے علاوہ یہ خانقاہ ہر سال ایک تصوف سیمینار کا انعقاد بھی کرتی ہے جس میں ملک و بیرون ملک سے علماء وادباء کو مدعو کیا جاتا ہے اور تمام مندوبین اپنے گراں قدر مقالات وخیالات سے تصوف، آج کے دور میں اس کی اہمیت وافادیت، صوفیاء کی طرز زندگی، ان کے اثرات جیسے موضوعات پر اظہار خیال کرتے ہیں۔

ازلان حیدر

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی
شعبۂ فارسی
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

اقبالؔ کے ''پیام مشرق'' کا پیامبر کیفی اعظمی

شاعر مشرق علامہ اقبال کی شاعری خودی، عشق، تخلیقِ زندگی، ارتقاء اور جد و جہد کی شاعری ہے، ان کے نزدیک زندگی کا سفر ایک تخلیقی عمل ہے، جو شوق نمو اور جوش ارتقاء سے سرشار ہے، ان کے فلسفۂ خودی میں نہ صرف اسلامی افکار و عقائد کی روح نظر آتی ہے بلکہ اس میں سوز عشق یقین و ایمان، جرأت، وقوت اور حریت فکر کی ایک تابناک شمع روشن دکھائی دیتی ہے، اقبال نے اس فلسفۂ حیات سے اپنی افسردہ اور شکست خوردہ ملت کو ایک نئی زندگی کا پیغام دیا جو حرف و صورت اور تخیل و نغمہ کے دل آویز قالب میں ڈھالا ہوا تھا، جس کے ذریعہ انہوں نے قوم کی دوبارہ شیرازہ بندی کی کوشش کی، اسرار خودی میں خودی کی ماہیّت و اہمیت، پرورش و تربیت اور اس کے مراحل و مدارج پر نہ صرف سیر حاصل بحث ہے بلکہ یہ بھی اجاگر کیا ہے کہ خودی سے کس طرح انسان مجبوری سے مختاری کی طرف گامزن ہوتا ہے، اور رموز بیخودی میں یہی خودی اجتماعی شکل اختیار کر گئی ہے، جو فرد سے اوپر اٹھ کر جماعت اور زندگی کی ترجمانی کرتی ہے، جب کہ پیام مشرق میں عشق، تصوف اور فلسفہ بھی زندگی کی قوت اور تقویت عطا کرتے نظر آ رہے ہیں، اور یہی قوت خاکی کو عرشی پر فوقیت دیتی ہے، اقبال نے زندگی کو خلاقی اور مشتاقی کے نام سے یاد کیا ہے، لذت تخلیق خودی کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے اور تخلیق کے عمل سے انسان کے اندر خدائی صفات پیدا ہوتی ہیں۔ علامہ اقبال کے نزدیک انسان قدرت کا وہ واحد شاہکار ہے، جو اپنی بے پناہ صلاحیت و ودیعت کے ذریعہ تسخیر کائنات کی قدرت رکھتا ہے، چونکہ خالق کائنات نے اپنی فطرت پر انسان کی تخلیق کی ہے اسلئے انسان اس کارخانۂ شیشہ گری میں روز بہ روز تخلیقی کارناموں کے ذریعہ اسکی تخلیق نو اور بازآفرینی کے فرائض انجام دیتا رہتا ہے اور یہی مشیّت ایزدی بھی ہے جب وہ اس عمل میں کمال حاصل کر لیتا ہے تو ''ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ'' کی تفسیر بن جاتا ہے، اقبال کو انسانی عظمت و رفعت کا اتنا شدید احساس ہے کہ کبھی کبھی وہ اپنے خالق سے بھی الجھ جاتے ہیں اور اپنے کارنامے بیان کرنے لگتے ہیں، جیسا کہ اقبال خدا سے یوں محو گفتگو ہیں:۔

تو شب آفردی چراغ آفریدم — سفال آفریدی ایاغ آفریدم
بیابان و کہسار و زاغ آفریدی — خیابان و گلزار و باغ آفریدم

من آنم کہ از زہر نوشینہ سازم من آنم کہ از سنگ آئینہ سازم

علامہ اقبال خدا سے انسانی عظمت کا اعتراف کراتے ہوئے کہتے ہیں کہ تو نے صرف ایک دنیا بنائی جو ویران اور ذوق سے خالی تھی جب کہ ہم نے اسے اپنی محنت مشقت دیدہ وری اور فکر وتخیل کی کھیتی سے عجیب وغریب گل وگلشن میں تبدیل کر دیا اے خدا تیری یہ دنیا صرف تمناؤں کا خون کرنے والی تھی جب کہ ہم نے ذوق وشوق کے ذریعہ اسے حسین تر کرنے کی کامیاب کوشش کی یہ دنیا جو امروز وفردا کے ایک حیرت کدے سے زیادہ کچھ نہیں تھی ہماری جدت پسند طبیعت ان قدیم اور فرسودہ مناظر سے تادیر آسودہ نہ رہ سکی تو ہم نے ایک نئے جہاں اور تازہ مناظر کی تخلیق کرا سے مزید حسن بخشا اگر چہ ہم خاک ہیں لیکن تندروی اور تیز رفتاری میں ستاروں کی طرح ہیں اور اس بحر نیل گوں میں ساحل کی تلاش میں سرگرم سفر ہیں ،ہم صرف ثریا بدوش نہیں بلکہ بدوش ثریا سوار ہیں اور یہ جذبہ عشق کے فیض اور جنون کی لذت سے حاصل ہوا ہے۔اقبال کی تمام تر شاعری میں یہی پیغام نمایاں ہے یعنی عظمت آدم حرکت حریت جد وجہد اور بلند پروازی کا درس ہی انکی شاعری کا محور ومرکز ہے انکے اردو مجموعۂ کلام بانگ درا، بال جبریل،ضرب کلیم اور ارمغان حجاز کے ساتھ ساتھ انکے فارسی مجموعۂ کلام اسرار خودی، رموز بے خودی، زبور عجم، جاوید نامہ، پس چہ باید کرد مع مسافر، ارمغان حجاز اور پیام مشرق اسی طرز زیست کی تفسیر ہیں۔ پیام مشرق ۱۹۲۳ء شاعر مغرب گوئٹے کی شاہکار تصنیف دیوان مغرب کے جواب میں ہے جو اس نے ۱۸۳۳ء میں لکھا تھا، پیام مشرق چار حصوں میں منقسم ہے، پہلا حصہ لالۂ طور، دوسرا افکار، تیسرا مئے باقی، اور چوتھا نقش فرنگ۔اس دیوان کے پہلے ہی حصہ میں زندگی کے نشیب وفراز پر بحث شروع ہو جاتی ہے،تعرف اور تعریف کے بعد اقبال مشرق کی مظلومیت اور بے بسی پر نوحہ گر ہوتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ زمین خون سے لالہ زار ہے اور سوز وساز زندگی سے محروم ہے مصر گرداب نیل میں محصور اور ہندوستانی مسلمان دین فروش، پیٹ پجاری اور عمل سے عاری ہے،لیکن اس غم کے گرداب میں وہ ڈوب نہیں جاتے بلکہ اپنے مخاطب کو رموزِ زندگی سے آراستہ کرتے ہیں:۔

زندگی جہد است و استحقاق نیست

جز بعلم نفس و آفاق نیست

یہاں اس بات کا تذکرہ بیجا نہ ہوگا کہ دیوان مغرب کی محرک حافظ شیرازی کی وجد انگیز شاعری ہے، پیام مشرق کے دیباچے میں علامہ اقبال لکھتے ہیں''جس طرح حافظ کے بظاہر سادہ الفاظ میں ایک جہان معنی آباد ہے، اس طرح گوئٹے کے بیساختہ پن میں بھی حقائق واسرار جلوہ افروز ہیں'' اقبال نے''دیوان مغرب سے متعلق جرمنی کے ایک اسرائیلی شاعر ہائنا کا قول نقل کیا ہے، وہ کہتا ہے کہ'' یہ ایک گلدستۂ عقیدت ہے جو مغرب نے مشرق کو بھیجا ہے.........................اس دیوان سے اس امر کی شہادت ملتی ہے کہ مغرب اپنی کمروز اور سرد روحانیت سے بیزار

ہوکر مشرق کے سینے سے حرارت کا متلاشی ہے'' اقبال نے گوئٹے کے مشہور سوانح نگار بیل سوشکی کے خیالات سے بھی ایک اقتباس پیش کیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ''بلبل شیراز کی نغمہ پردازیوں میں گوئٹے کو اپنی ہی تصویر نظر آتی تھی، اس کو کبھی کبھی یہ احساس بھی ہوتا تھا کہ شاید میری روح حافظ کے پیکر میں رہ کر مشرق کی سرزمین میں زندگی بسر کر چکی ہے۔'' اقبال نے گوئٹے کے فکر وفن کو خراج پیش کرتے ہوئے اس شہر کے تئیں بھی عقیدت کا اظہار کیا ہے جہاں وہ دفن ہے۔

صبا بہ گلشن ویمر سلام ما برساں
کہ چشم نکتہ وراں خاک آں دیار افروخت

اقبال نے دیباچے میں ''پیام مشرق'' کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ............اس کا مدعا زیادہ تر ان اخلاقی مذہبی اور ملی حقائق کو پیش نظر لانا ہے جس کا تعلق افراد وقوم کی باطنی انقلاب کے بغیر ادھورا ہے، لہٰذا انہوں نے اقوام مشرق کی ذہنی اور فکری بیداری کو اپنا مطمح نظر بنایا۔

اس تصویر کی روشنی میں اقبال نے انسان کو سوار اشہب دوران اور فروغ دیدۂ امکاں کی خوبصورت تراکیب سے آراستہ بھی کیا اور آواز بھی دی جس آواز پر ایک صالح صحت مند اور پاکیزہ نظام زیست تعمیر ہو سکے، کیفی اعظمی کی شاعری کا مقصد بھی کائنات میں انسان کی بہتری برتری اور اشرفیت کا گوناں گوں اظہار ہے، انہوں نے اپنی شاعری میں عظمت انسانی کے تصور کو نہایت قوت اور جذبے کے ساتھ پیش کیا، جب وہ انسان کی فضیلت اور اسکی تخلیقی وتعمیری استعداد کا تصور پیش کرتے ہیں تو انکے سامنے انسان کی صرف جسمانی یا روحانی قوت ہی نہیں بلکہ مکمل معنوی، عقلی اور جسمانی صلاحیتوں کا خاکہ ہوتا ہے جو اس روئے زمین پر انسان کی برتری کو مسلم اور مستحکم کرتا ہے فارسی شاعری میں اس نظریہ کی بنیاد مولانا روم نے ڈالی اور علامہ اقبال نے اس پر کاخ بلند تعمیر کیا:۔

دل بدست آور کہ حج اکبر است
از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

ان اموراور اس دستور کو نافذ کرنے کے لئے کیفی پوری زندگی سرگرداں رہے، ان کے دیوان ''جھنکار'' میں اس کی جھنکار ہے تو ''آخر شب'' میں یہ ہی نالۂ نیم شبی ہے اور جب اتحاد بکھرتا اور خواب سسکتا نظر آیا تو سجدہ بھی آوارہ ہو گئے اور بالآخر انہیں ابلیس کی دوسری مجلس شوریٰ کا اجلاس کرنا پڑا لیکن انہوں نے امید کا دامن نہیں چھوڑا اور زندگی بھر پرامید رہے:۔

نشانات ستم تھرّا رہے ہیں حکومت کے علم تھرّا رہے ہیں
غلامی کے قدم تھرّا رہے ہیں غلامی اب وطن سے جا رہی ہے

اٹھو دیکھو وہ آندھی آ رہی ہے

کیفی کی شاعری میں انسانی عظمت تازہ کاری اور تخلیقی استعداد پر خطیبانہ شعر کثرت سے ملتے ہیں، غلامی مزدوری اور مساوات پر یہ خطیبانہ اور کوہستانہ انداز عوام کے دلوں میں جگہ بناتا ہے، اشتراکیت انکے فلسفۂ شاعری کا وہ حربہ ہے جس سے وہ اس ملک کی سیاسی، سماجی اور معاشی ناہمواری کو ہمکنار کرنا چاہتے ہیں، اس کے لئے انہوں نے ان لوگوں کو صف آراء کرنے کی کوشش کی جن کے ساتھ ناانصافیاں ہوتی رہیں، کیفی اعظمی کے اس پیغام کو اگر آپ علامہ اقبال کے فارسی دیوان پیام مشرق کے آئینہ میں دیکھیں تو آپ کو ان دونوں شعراء میں اور مماثلت اور یکسانیت دکھائی دیگی، اس سے یہ مراد ہرگز نہیں ہے کہ اس میں ان کا مقابلہ یا موازنہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے بلکہ یہ ایک ہی پیغام ہے جو مختلف طرز بیان کے ساتھ دونوں شعراء کے یہاں ملتا ہے، اگرچہ اقبال کا انداز بیان کیفی سے منفرد ہے جسکا اعتراف خود کیفی نے کیا ہے۔ اقبال کے اس دیوان کے پہلے حصہ میں کیفی اعظمی کی رومانی شاعری تمام تر رعنائیوں کے ساتھ جلوہ گر ہے لیکن اس رومانیت میں صرف جلال و جمال ہی نہیں بلکہ انقلاب بھی ہے:۔

کیفی:۔ کبھی نظر سے نظر ملا کر کبھی نظر سے نظر بچا کر
ڈبو رہی تھی مٹا رہی تھی پلا رہی تھی چھکا رہی تھی

اقبال:۔ شہید ناز او بزم وجود است
نیاز اندر نهاد هست و بود است

اضطراب زمین مشرق کی روح کا خمیر بنتا ہے۔ وہ عزم و ولولے سے سرشار ہے اور زندگی میں ہر وقت ہنگامہ آرائی چاہتا ہے، سکون و سکوت کو موت گردانتا ہے، کیفی کہتے ہیں کہ:۔

قیامت ہر طرف منڈلا رہی ہے زمیں ہچکولے پیہم کھا رہی ہے

زندگی کو کسی بھی پل قرار نہیں، اسمیں سکوت و جمود کی گنجائش نہیں، یہ رہ نورد شوق ہے اور ہمیشہ سرگرم سفر رہتی ہے، ٹھراؤ ہی زوال ہے، اقبال کہتے ہیں کہ:۔

کجاست منزل ایں خاك دان تیره نهاد
که هر چه هست چور یك رواں به پرواز است

تو کیفی کہتے ہیں کہ:۔

اسی کا ہے ساحل اسی کے کگارے تلاطم میں پھنس کر جو دو ہاتھ مارے
اندھیری فضا سانس لیتا سمندر یونہی سر پٹکتے رہیں گے یہ دھارے

جو درس زندگی علامہ اقبال نے مشرق کو مغرب پر فوقیت کے لئے دیا وہی درس کیفی نے مزدور اور مجبور کو دیا کہ وہ حکومت، سرمایہ داری اور زمین داری کے خلاف صف آراء ہوں اور اپنے حقوق مانگیں نہیں بلکہ چھین لیں، کیوں کہ یہ اشتراکیت کا فارمولا اور مساوات کا درس ہے لیکن اس کے لئے مسلسل جدوجہد حرکت عمل اور اتحاد واتفاق کی ضرورت ہے، جو اقبال کے مطابق صرف خودی سے حاصل ہوسکتی ہے لیکن کیفی کے مطابق اشتراکیت سے ان شعراء نے نظام فکر و عمل اور تمدن وسیاست کو صرف للکارا ہی نہیں بلکہ اس کے تار و پو کو بھی بکھیر کر رکھ دیا۔ اس کیفیت میں کیفی کو حاکمیت، حکومت اور سرمایہ داری سے شدید نفرت ہے ان کے لہجہ میں خطیبانہ للکار اور شاعرانہ بے باکی، ''جگاؤ'' کا ایک انداز بیان ملاحظہ ہو:۔

شمشیر بکف جنگ کے میداں کی طرف دوڑ آندھی کی طرح آگ کے طوفاں کی طرف دوڑ
ہاں لٹتی ہوئی عظمت انسان کی طرف دوڑ ہاں مٹتا ہوا حضرت آدمؑ کا نشاں دیکھ
بھارت کے جواں اے میرے بھارے کے جواں دیکھ

اسی حساس تپش اور اضطراب کا ذکر علامہ اقبال اسی انداز میں کرتے ہیں:۔

تا شوی بیباک تر در نالہ ای مرغ بھار
آتشی گیر از حریم سینہ ام چندی دگر

پیام مشرق کا آخری عنوان نقش فرنگ کا ایک اہم موضوع مزدور سوشلسٹ اور سرمایہ دار ہے، روس کا انقلاب تاریخ میں پہلا اقلاب تھا جب مزدوروں اور کسانوں نے بادشاہوں کے جاہ وجلال کو اپنی طاقت اور جفا کشی سے روند دیا اور ایک غیر طبقاتی نظام کی بنیاد رکھی جس میں اشتراکیت ومساوات کا وہی طریقہ تھا جو کسی بھی مذہب کی بنیاد ہوسکتا ہے، نوائے مزدور، قسمت نامہ، سرمایہ دار اور مزدور میں اقبال نے سرمایہ دار اور زمین دار کی مجرمانہ اور مکارانہ چالوں پر زبردست طنز کرتے ہوئے کہا:۔

کوہ کن تیشہ بدست آمد و پرویزی خواست
عشرت خواجگی و محنت لالائی رفت
دور پرویزی گذشت ای کشتہ پرویز خیز
نعمت گم گشتہ خود را ز خسرو باز گیر

اقبال کا یہی نعرہ کیفی کے الفاظ اور شعر ہی نہیں بلکہ ریاست ٹراونکور کے مجاہدوں کا ایک لاثانی ولافانی ترانہ بھی ہے، جس کے جوش میں ان مجاہدوں نے ملوکیت وسرمایہ داری کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔

کیفی کہتے ہیں:۔

وہ دیکھو محل ہے وہ ایوان ہے
وہ مغرور راجا وہ دیوان ہے
ان انسان کی زد پہ شیطان ہے
قدم اور اپنے بڑھاتے چلو
بغاوت کا پرچم اڑاتے چلو
یہ راجا یہ انگریز کے میز باں
ہیں بھارت میں انگلینڈ کے پاسباں
جہاں پائی ہے رہزنوں نے اماں
وہ دیوار وہ در گراتے چلو
بغاوت کا پرچم اڑاتے چلو

اس جدوجہد اور کوشش کے ساتھ ساتھ کیفی کی شاعری نے ہمیشہ وسیع النظری کا بھی درس دیا، انہوں نے کائنات کی وسعت کی طرح انسان کے دل و دماغ کو بھی وسیع فکر عطا کی تاکہ ان میں تنگ نظری اور کم ظرفی نہ پیدا ہو جو آگے چل کر تصادم اور ٹکراؤ کا راستہ اختیار کرے، اس لئے انہوں نے ہر قید و بند سے آزاد ہو کر خدمت انسانیت اور بہبود آدمیت کا درس دیا اور اسی قید و بند سے آزادی کے اقبال بھی پیام مشرق میں متمنی نظر آتے ہیں:۔

چہ خوش بودی اگر مرد نکوئی زبند پاستان آزاد رفتی
اگر تقلید بودی شئی، خوب پیمبر ہم رہ اجداد رفتی

تحقیق وجستجو انسان کی فطرت اور خوب سے خوب تر کی تلاش مقصد زیست ہے، کبھی وہ اس میں کامیاب ہوتا ہے اور کبھی مزید کامیاب ہونے کی خواہش اسے خودی اور خدا تک پہنچا دیتی ہے لیکن جب وہاں بھی ناکامی ہوتی ہے تو کوئی ہرجائی کہہ کر ہی اپنا دامن چھڑا لیتا ہے تو کوئی اپنے سجدے کو ہی آوارہ کہہ کر اطمینان کر لیتا ہے۔

اس ضمن میں اقبال کہتے ہیں:۔

می تراشد فکر ما ھر دم خداوندی دگر
رست از یك بند تا افتاد در بندی دگر

کیفی کہتے ہیں:۔

راہ میں ٹوٹ گئے پاؤں تو معلوم ہوا جز میرے اور میرا راہ نما کوئی نہیں

ایک کے بعد خدا ایک چلا آتا ہے کہہ دیا عقل نے تنگ آ کے خدا کوئی نہیں

علامہ اقبال نے فارسی ہی کی طرح اردو شاعری میں بھی ہندوستان کے ہر ذرہ کو دیوتا مانتے ہوئے ہمالیہ کی بلندی جنگلات کی وسعت دریاؤں کے تقدس اور تہذیب وثقافت پر نہ صرف فخر ظاہر کیا ہے بلکہ اسے لائق تقلید بھی سمجھا ہے اسی ضمن میں انہوں تمام مذاہب اور انکے پیامبر و رہنماؤں کو بھی عقیدت کی نظر سے دیکھا ہے جسمیں گرونانک گوتم بدھ مہاویر سوامی کے ساتھ ساتھ انہوں نے رام کی عظمت کا اعتراف بھی انتہائی احترام اور دل پذیر انداز میں کیا ہے:۔

لبریز ہے شراب حقیقت سے جام ہند سب فلسفی ہیں خطۂ مغرب کے رامِ ہند

یہ ہندیوں کے فکر فلک رس کا ہے اثر رفعت میں آسماں سے بھی اونچا ہے بام ہند

اس دیس میں ہوئے ہیں ہزاروں ملک سرشت مشہور جن کے دم سے ہے دنیا میں نام ہند

ہے رام کے وجود پہ ہندوستاں کو ناز اہل نظر سمجھتے ہیں اسکو امام ہند

اعجاز اس چراغ ہدایت کا ہے یہی روشن طراز سحر ہے زمانہ میں شام ہند

تلوار کا دھنی تھا شجاعت میں فرد تھا

پاکیزگی میں جوش محبت میں فرد تھا

کیفی اعظمی ہندوستان کی تہذیب وثقافت رواداری مساوات یک جہتی یک گانگی کا رہنما رام کو ہی تصور کرتے تھے لیکن بابری مسجد کی شہادت شدت پسندوں کے واویلے اور انکے عقیدت مندوں کے یلغار سے اس قدر بیزار ہوئے کہ راجدھانی پر جنگل کو فوقیت دیتے ہوئے انہوں نے دوبارہ بن باس کا رخ اختیار کیا اپنے دوسرے بن باس پر وہ اس طرح نوحہ کناں ہیں:۔

رام بن باس سے جب لوٹ کے گھر کو آئے یاد جنگل بہت آیا جو نگر میں آئے

رقص دیوانگی آنگن میں جو دیکھا ہوگا چھ دسمبر کو سری رام نے سوچا ہوگا

اتنے دیوانے کہاں سے میرے گھر میں آئے جگمگاتے تھے جہاں رام کے قدموں کے نشاں

پیار کی کہکشاں لیتی تھی انگڑائی جہاں موڑ نفرت کے اسی راہ گذر میں آئے

دھر کیا انکا تھا کیا ذات تھی یہ جانتا کون گھر نہ جلتا تو انہیں رات میں پہچانتا کون

گھر جلانے کو مرا لوگ جو گھر میں آئے شاکاہاری تھے میرے دوست تمہارے خنجر

تم نے بابر کی طرف پھینکے تھے سارے پتھر ہے میرے سر کی خطا زخم جو سر میں آئے

پاؤں سرجو میں ابھی رام نے دھوئے بھی نہ تھے کہ نظر آئے وہاں خون کے گہرے دھبے

پاؤں دھوئے بنا سرجو کے کنارے سے اٹھے رام یہ کہتے ہوئے اپنے دوارے سے اٹھے
راجدھانی کی فضا آئی نہیں راس مجھے چھ دسمبر کو ملا دوسرا بن باس مجھے

کیفی کی شاعری کے خدا کا اقبال کی شاعری کے خدا تک ہی رشتہ نہیں بلکہ اقبال کا ابلیس بھی کیفی کے ابلیس سے آشنا ہے، کیفی نے طویل مدت کے بعد ابلیس کی دوسری مجلس شوریٰ بلائی اور ابلیس کے تمام رفقاء حاضر بھی ہوئے، حالات حاضرہ پر طویل بحث بھی ہوئی لیکن اقبال کے ابلیس کی مجلس شوریٰ سے کیفی کے ابلیس کی مجلس شوریٰ اس اعتبار سے مختلف ہے کہ اس شیطان کی چالوں سے انساں لرزاٹھا تھا اور اس بار انسانوں کی تخریب کاری سے شیطان لرزہ براندام ہے، گویا وہ اشرف المخلوقات سے کچھ نہ سیکھ سکا اور ہم نے اس سے سب کچھ سیکھ لیا، یہاں تک کہ رام کا دوسرا بن باس بھی ہو گیا جو ہمارے لئے عبرت کا مقام ہے لیکن پھر بھی یہ امید ہے کہ:-

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

☆☆☆

پروفیسر فخر عالم اعظمی
شعبہ اردو
خواجہ معین الدین چشتی اردو عربی فارسی یونیورسٹی، لکھنؤ

منور رانا

پستش بغایت پست وبلندش بغایت بلند

فطری اپج کا جوش نمو خلعت وجود کے لیے اسباب وعلل کا محتاج نہیں ہوتا وہ ان سے استفادہ تو کرسکتا ہے لیکن ان کا فقدان اس کے لئے مانع تخلیق نہیں ہوتا جس طرح خالق کائنات نے اس عالم اسباب کو ضوابط کے ذریعہ رواں دواں رکھا ہے لیکن اسے ضابطوں کا پابند نہیں بنایا ہے اسی طرح ملہم غیب شاعر کی کشت دل پر جب وجدان کا باران رحمت برساتا ہے تو اس سے تخلیق کی کونپلیں پھوٹ پڑتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال نے تخلیقی عمل کو درد زہ اور جنسی تحریک کے ٹنشن سے تعبیر کیا ہے یہ بات منور رانا کی شاعری اور زندگی دونوں پر صادق آتی ہے ۔ٹرانسپورٹ کے کاروبار کی غیر علمی وغیر ادبی مصروفیت نے ان کی تخلیقی صلاحیتوں پر قدغن لگانے کی بجائے ان کے تیشۂ فن کی دھار پر آب کا کام کیا ہے۔ کاروبار اور تخلیقی عمل کے بعد مشرقین کو منور رانا نے جس طرح **مرج البحرین یلتقیان** کا آئینہ بنایا وہ فن کی ودیعت اور صداقت کی شہادت کے لئے کافی ہے۔ منور رانا کی بے باکی اور بے ریائی ان کی شاعری کی شریانوں میں بھی رواں دواں ہے۔ ان کا باطن ان کے ظاہر سے مختلف نہیں ہے۔ وہ اندر سے بھی ویسے ہی ہیں جیسے باہر سے نظر آتے ہیں۔ اس اعتبار سے وہ خیام کے ہم مسلک اور ''من نیز ہماں کہ می نمایم ہستم'' کی سچی تفسیر ہیں۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ منور رانا ایک ''عظیم'' شاعر ہیں (ویسے مشکل یہ ہے کہ اردو کا ہر شاعر عظیم ہوتا ہے) یہ درست ہے کہ ان کا کنیوس بہت زیادہ وسیع نہیں ہے۔ وہ اندیشہ ہائے افلاکی کے نہیں بلکہ ''زمیں کے ہنگاموں'' کے شاعر ہیں۔ ان کے موضوعات بالکل سامنے کے ہیں لیکن اس سامنے والی بات میں بھی دور کے مطلب نکل ہی آتے ہیں۔ انھوں نے آج کے مشاعروں کے گرتے ہوئے معیار کو گلے بازی سے نہیں شعر کی نشتریت سے سنبھالنے کا فریضہ انجام دیا ہے۔ ان کی شاعری کوئی دوائے خواب آور نہیں بلکہ یہ ذہن ودل کے جھنجھوڑنے کا کام کرتی ہے۔ اس لحاظ سے ان کی ہنگامی موضوعات پر مشتمل شاعری ملفوظی ہونے کے ساتھ ساتھ مکتوبی بھی ہے۔ وہ داستان جوانی نہیں سناتے بلکہ اپنے قاری سے اپنی آنسوؤں کی تحریریں پڑھنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ لیکن جیسا کہ مذکور ہوا کہ وہ زندگی کے شاعر ہیں اس لیے بچپن، جوانی، بڑھاپا، حسن وعشق اور زندگی کے تمام تلخ وشیریں موضوعات

ان کی شاعری میں جلوہ گر ہیں۔ چند اشعار دیکھیں:

☆ کبھی خوشی سے خوشی کی طرف نہیں دیکھا تمہارے بعد کسی کی طرف نہیں دیکھا

☆ یہ جان کر کہ ترا انتظار لازم ہے تمام عمر گھڑی کی طرف نہیں دیکھا

☆ تجھے اکیلا پڑھوں کوئی ہم سبق نہ رہے میں چاہتا ہوں کہ تجھ پر کسی کا حق نہ رہے

☆ میری محبتوں کا عبادت میں کر شمار تنہا ملی تو تیری سہیلی بری لگی

☆ مری سرشت میں شامل رہا ہے بچپن سے پتنگ ہاتھ نہ آئی تو اس کو پھاڑ دیا

☆ جو پڑھ سکو تو پڑھو آنسوؤں کی تحریریں میں داستاں جوانی نہیں سناتا ہوں

☆ یہی موسم تھا جب ننگے بدن چھت پر ٹہلتے تھے یہی موسم ہے اب سینے میں سردی بیٹھ جاتی ہے

☆ نقاب الٹے ہوئے جس دم وہ گلشن سے نکلتے ہیں سمجھ کر پھول ان کے لب پہ تتلی بیٹھ جاتی ہے

منور رانا نے اپنی شاعری کی بنیاد اپنے اطراف واکناف میں رونما ہونے والے واقعات پر رکھی ہے۔ جن کے کردار سماج کے کمزور ترین طبقات سے لئے گئے ہیں جیسے غریب مائیں، معصوم غریب بچے، محنتی مزدور، قربتوں میں نکلتی دوریاں، زندگی بھر چپ چاپ غم وآلام جھیلتی بیبیاں، کوئلہ چننے والے گلبدن، کھدر پوش منافق وغیرہ۔

ذات کی بھول بھلیوں میں گھومنے کا وقت غالباً شاعر کے پاس نہیں ہے۔ حالانکہ اندر کی یہ دنیا باہر کی دنیا سے کہیں زیادہ وسیع وعریض ہے۔ لیکن شاعر ابھی زمیں کے ہنگاموں کو سہل کرنے میں مصروف ہے کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ اس کے بغیر ع

بری ہے مستیٔ اندیشہ ہائے افلاکی

منور رانا کا ایک اہم وصف یہ ہے کہ وہ لفظوں کے صرف میں کسی طرح کا تکلف نہیں محسوس کرتے۔ وہ برجستہ ایسے غیر شاعرانہ الفاظ استعمال کر جاتے ہیں جنھیں کچھ نازک مزاج شعرا نے غزل باہر کر دیا ہے۔ مثلاً کتا، الو، جوکر، چیچک، جھاڑو، فٹ پاتھ وغیرہ۔ لیکن خوبی یہ ہے کہ اس قدر عامیانہ اور غزل باہر الفاظ جو اکثر و بیشتر تحقیر وتمسخر کے مصداق ہو کر رہ گئے ہیں، منور رانا کی شاعری میں آکر موقر ومعتبر ہو گئے ہیں۔ یہاں ان کو پڑھ کر قاری کسی قسم کی کراہت محسوس نہیں کرتا۔ چند اشعار دیکھیں:

☆ حکومت منھ بھرائی کے ہنر سے خوب واقف ہے یہ اک کتے کے آگے شاہی ٹکڑا ڈال دیتی ہے

☆ فرشتے آکے ان کے جسم پر خوشبو لگاتے ہیں وہ بچے ریل کے ڈبے میں جو جھاڑو لگاتے ہیں

☆ سو جاتے ہیں فٹ پاتھ پہ اخبار بچھا کر مزدور کبھی نیند کی گولی نہیں کھاتے

منور رانا نے گیسوئے جاناں کی شانہ کشی کی ہو یا کاکل گیتی کی آرائش کا فریضہ انجام دیا ہو، ان کی مشاطگی فن ہر سطح پر خوبصورت نقوش مرتسم کرتی ہے۔ وہ رزم اور بزم دونوں کے مرد میدان ہیں۔ ان کی انقلابی شاعری ہو یا رومانی کلام جمال وزیبائی کا اہتمام واحترام ہر جگہ نظر آتا ہے۔ برادرانہ وحدت اور قومی یکجہتی جیسے خشک موضوعات میں بھی انھوں نے فنی چاشنی برقرار رکھی ہے۔ وہ بنیادی طور پر صلح کل اور عظمت انسانی کے قائل ہیں اور بایں سبب وہ ہر مذہب وفرقہ کے لوگوں میں یکساں طور پر مقبول ہیں لیکن جو لوگ محبت کی زبان نہیں سمجھتے اور اپنی تنگ نظری اور سرکش رویے کی بنا پر امن وآشتی کے پیغام کو کمزوری پر محمول کرتے ہیں، ایسے لوگوں سے خطاب کرتے وقت وہ کسی طرح کی رعایت، یا مصلحت سے کام نہیں لیتے۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

☆ کسی کا قد بڑھا دینا کسی کے قد کو کم کہنا ہمیں آیا نہیں نا محترم کو محترم کہنا
چلو مل جل کے ہم دونوں وطن پر جان دیتے ہیں بہت آسان ہے کمرے میں وندے ماترم کہنا
☆ آپ نے کھل کے محبت نہیں کی ہے ہم سے آپ بھائی کہاں کہتے ہیں میاں کہتے ہیں
☆ قرض ویسے تو نکلتا ہے زیادہ لیکن میری مسجد ہی فقط تم مجھے واپس کردو

منور رانا نے عصر حاضر کے تناظر میں بعض جگہوں پر اجتہاد سے کام لیا ہے۔ ان کے اس عمل کو کلاسیکل غزل کے پرستار بدعت سیئہ اور جدید غزل کے حامی بدعت حسنہ قرار دیتے ہیں۔ مثلاً انھوں نے 'ماں' کے عنوان سے اتنے اشعار کہہ ڈالے ہیں کہ انھیں ایک کم گو شاعر کے تمام شعری سرمائے کے برابر کہا جائے تو غالباً غلط نہ ہوگا۔ ان اشعار کے تعلق سے پڑھے لکھے لوگوں کی طرف سے مختلف قسم کے ردعمل سامنے آتے ہیں۔ لیکن ان تمام تنقیدوں اور تبصروں کے باوجود وہ بات زیادہ درست نظر آتی ہے جو ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد نے کہی ہے۔ ڈاکٹر صاحب رقمطراز ہیں ''شاعروں کو اپنی محبوباؤں سے فرصت ہی کہاں ملی کہ وہ ماں بہنوں کی جانب توجہ دیتے۔ حالی نے مقدمۂ شعر وشاعری میں ان رشتوں کی محبتوں کا تذکرہ بھی کیا ہے مگر ان کا یہ خواب اب جا کر منور رانا کے کلام میں شرمندۂ تعبیر ہوا''۔ (شہر ادب، ص ۴)

ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد منور رانا پر اپنے مضمون کے آغاز میں لکھتے ہیں ''کاش وہ (ڈپٹی نذیر احمد) ہمارے عہد میں ہوتے تو میں بیسویں صدی کی آٹھویں دہائی میں جب تہذیبی اور اخلاقی قدروں کی شکست وریخت زندگی کے معمولات میں شامل ہوگئی ہے، ان کو غزلوں کا ایک مجموعہ پیش کرتا۔ مجھے یقین کامل ہے کہ وہ اس مجموعے کو ریشمی جزدان میں رکھتے اور اپنے گھر کی بہو بیٹیوں سے کہتے کہ روزانہ اس کی تلاوت کیا کرو تاکہ تمہاری زندگیاں سنورتی رہیں اور یہ مجموعہ ہوتا کلکتہ کے ابھرتے ہوئے فنکار منور رانا کا جو میرے نزدیک گاؤں کی راحتوں، شہر کی صعوبتوں اور ماں بہنوں کی تقدیس اور عصمتوں کا شاعر ہے''۔ اس اقتباس میں ملک زادہ صاحب کا یہ خیال صداقت سے کتنا پرے اور مبالغے سے کتنا

قریب ہے اس پر بحث کی گنجائش ہے لیکن اس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ منور رانا نے بڑی جسارت کے ساتھ ایک بار پھر وہی روش اختیار کی جس کی بنیاد نظیر اکبرآبادی نے ڈالی تھی۔ ان کی آزادروی اور قلندر مزاجی نے منصب نقد وانتقاد اور مسند ارشاد پر متمکن صاحبان اقتدار کی چشم وابرو کے تیور کی طرف کبھی چشم التفات وانہیں کی۔ انھیں اپنے شعری خلوص اور زمانے کے عدل وانصاف پر اعتماد کامل تھا۔ قسمت نے یاوری کی اور وہ بہت جلد شہرت ومقبولیت کی فصیلوں پر کمند ڈالنے میں کامیاب ہوگئے۔ وہ خواص کے سخت معیار نقد ونظر پر تو پوری طرح کھرے نہیں اترتے لیکن عوام کے دلوں کی دھڑکن بن گئے اور

شعرمی گویم به از قند و نبات   من ندانم فاعلاتن فاعلات

کو اپنا مطمح نظر بنالیا۔ لیکن مولانا جیسے کامل فن شاعر کا فاعلاتن فاعلات سے لاعلمی کا اعتراف امر واقعہ پر نہیں بلکہ ان کی عظمت انکسارانہ پر محمول کیا جاسکتا ہے۔ اور اگر ان کی شاعری میں بہ تقاضائے بشری معدودے چند اسقام درآئے ہین تو ان کی کیفیت پر یہ کمیت اثر انداز نہیں ہوتی کیونکہ ان کی حیثیت کھانے میں نمک کی مانند ہے بلکہ یہ ملاحت ان کی حلاوت کی لذت میں اضافے کا باعث ہے۔ لیکن جہاں لغزش قلم کو سنبھالا دینے کے لئے ''قند ونبات'' موجود نہ ہوں وہاں ''فاعلاتن فاعلات'' سے غفلت شاعر کو کہیں کا نہیں رکھتی۔ منور رانا نے بحرفن کی غواصی ضرور کی لیکن وہ اس گوہر تابدار کی حیثیت نہ حاصل کرسکے جس کی والی آسی جیسے استاد فن کے صدف تربیت سے توقع تھی۔ ورنہ آج ڈاکٹر شعیب نظام کو یہ کہنے کا موقع نہ ملتا:

> ''منور رانا آج مشاعروں کے سپر اسٹار ہیں۔ ان کے پرستار دنیا بھر میں موجود ہیں مگر شہرت اگر بہت کچھ دیتی ہے تو لاشعوری طور پر خاصی قیمت وصول بھی کر لیتی ہے۔ ابھی حال مین ایک ٹی وی مشاعرہ میں منور بھائی کی غزل مسلسل، چھوڑ آئے ردیف میں سن کر افسوس ہوا کہ شہرت کس طرح اچھے برے شعروں کی پرکھ سے شاعر کو محروم کرسکتی ہے۔ کاش والی بھائی (والی آسی) زندہ ہوتے تو اس غزل سے کمزور شعر لڑ جھگڑ کر کٹوا چکے ہوتے''۔

(گمشدہ لکھنؤ کا ایک روشن ستارہ۔ والی آسی از شعیب نظام نیا دور، ص۹۲ جنوری ۲۰۱۳ء)

محنت ومزاولت اور مشق وریاضت کی کمی کے سبب اکثر مواقع پر شاعر کا کیسۂ فکر مضمون کی گرانی اور کاسۂ نطق الفاظ کی ارزانی کی دولت سے محروم نظر آتا ہے حالانکہ شاعر کا دعویٰ ہے۔

میں نے لفظوں کے برتنے میں لہو تھوک دیا   آپ تو صرف یہ دیکھیں گے غزل کیسی ہے

لیکن دیانت داری کی بات یہ ہے کہ صحت الفاظ اور آداب فن کے میخانے سے شاعر کی نسبت پیمانہ ذرا کم کم

ہی رہی ہے۔شریعت شعر میں اقتدائے فن سے پہلو تہی شاعر کے خشوع وخضوع کو مشکوک کردیتی ہے۔ایک ذمہ دار شاعر کو غلط العام اور غلط العوام کے مابین خط امتیاز کھینچنی لازم ہے۔حکیم سنائی، جلال الدین رومی، مرزا غالبؔ اور علامہ اقبالؔ پر بھی انحراف فن کے الزامات عائد کیے گئے اور اس شد و مد کے ساتھ عائد کیے گئے کہ مولانا کو

شعر می گویم بہ از قند و نبات
من ندانم فاعلاتن فاعلات

غالبؔ کو:

نہ ستائش کی تمنا نہ صلے کی پروا
گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی

اور اقبالؔ کو:

نغمہ ام زندازۂ تار است بیش
من نترسم از شکست عود خویش
خردہ بر مینا مگیر اے ہوشمند
دل بہ ذوق خردہ مینا بہ بند

کہہ کر اظہار عجز کرنا پڑا لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ اس عاجز الکلامی کو ان قادر الکلام اساتذہ فن کی اعلیٰ ظرفی پر ہی محمول کیا جا سکتا ہے ورنہ وہ بلا شبہ ''شعر می گویم بہ از قند و نبات'' کے منصب جلیلہ پر فائز تھے۔ہاں یہ ضرور ہے کہ انھیں اپنا پیغام اس قدر عزیز تھا (خصوصاً رومی اور اقبال کو) کہ اس کے اظہار میں ہیئت وتکنیک پر لگنے والی ضرب بھی انھیں گوارا تھی۔ اقبالؔ نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اگر میرے ساز کے تار میرے نغمے کی تاب نہ لا کر ٹوٹ جاتے ہیں تو ٹوٹ جائیں۔ مجھے اس کا کوئی خوف نہیں ہے۔ میں نغمہ سرائی سے باز نہیں آ سکتا۔مطلب یہ کہ اگر میری فکر تیز وتند فن کی لطافت ونزاکت پر بار ہے اور اس سے فن کے تقاضے مجروح ہوتے ہیں تو مجھے اس کی کوئی پروا نہیں۔آپ میرے الفاظ پر تنقید کرنے کی بجائے میرے پیغام پر توجہ دیجیے۔لیکن قابل غور بات یہ ہے کہ مذکورہ شعرا نے جن فلسفیانہ تصورات کو پیش کیا اس کے لیے روایتی زبان کی ساخت ناکافی تھی اور اس کے لئے اجتہاد ضروری تھا۔منور رانا نے چونکہ ایسے دقیق وعمیق افکار کو موضوع سخن نہیں بنایا جن کے اظہار کے لئے زبان کی مروجہ اور روایتی ساخت و بافت ناکافی ہو لہذا ان کے طرز اظہار کو سہل پسندی اور تن آسانی پر ہی محمول کیا جا سکتا ہے۔اگر انھوں نے موضوعات کے انتخاب کے ساتھ ساتھ الفاظ واظہار کے تئیں اس اہتمام و التزام کو بھی یقینی بنایا ہوتا جو ''برہنہ حرف نہ گفتن کمال گویائی ست'' سے عبارت ہے تو عجب نہیں کہ بازاروں، کارخانوں،

کھیتوں اور کھلیانوں سے وابستہ لوگ ان کے آئینے میں نظیر کا عکس تلاش کر لیتے لیکن مستقبل قریب میں اس کے کوئی آثار نظر نہیں آتے کیونکہ شاعر ادھر کچھ برسوں سے اپنے شعری رویے پر جس طرح قناعت و اکتفا کیے بیٹھا ہے وہ اس امر کا مظہر ہے کہ وہ **هل من مزید** کے جوش و جذبہ سے عاری ہے اور اس کے مداحوں کے ''**تقنطو**'' کے بھنور سے نکل کر ''**لا تقنطو**'' کے ساحل پر پہنچنے کے امکانات تقریباً موہوم ہو چکے ہیں۔

☆☆☆

ڈاکٹر صاحبزادہ صولت علی خان
صدر شعبہ فارسی
گورنمنٹ پی جی کالج، ٹونک، راجستھان

محمد داراشکوہ کے حالات و تصنیفات
(مولانا ابوالکلام آزاد عربک پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ٹونک راجستھان کے مخطوطات و مطبوعات کی روشنی میں)

بر لذت و عیش دنیوی ناز مکن
چون خواب و خیال است باین ساز مکن
یك لحظه مباش غافل از یادِ خدا
بر قسمت باش قانع و آواز مکن
(ماخوذ رسالہ حق نما، مصنفہ داراشکوہ)

داراشکوہ مغل بادشاہ شاہجہان کے فرزندار جمند کی ولادت ۱۹/ صفر ۱۰۲۴ھ مطابق ۲۰/ مارچ ۱۶۱۵ء کو دارالخیر اجمیر کے قریب ہوئی۔ تعلیم و تعلم کے بعد شہزادہ داراشکوہ مختلف مناصب پر ممتاز ہوئے۔

۱۶۳۳ء میں پہلی مرتبہ بارہ ہزار ذات، چھ ہزار سوار کا منصب عطا ہوا۔ الہ آباد، ملتان، گجرات، بہار اور پنجاب کی صوبہ داری بھی عطا کی گئی اور فیروزہ کی جاگیر بھی مرحمت ہوئی۔ داراشکوہ کی ولی عہدی کا اعلان بھی کیا گیا۔ ۱۶۴۸ء میں تیس ہزار ذات اور دس ہزار سوار کا منصب عطا کیا گیا تھا۔ یہ وہی اعلیٰ منصب تھا جو شاہجہاں کو تخت نشینی سے پہلے عطا ہوا تھا۔

۱۶۴۹ء میں ایرانیوں نے قندھار پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا پھر دو بار واپس لینے کی کوشش کی گئی مگر واپس نہیں ہوا۔ داراشکوہ نے قندھار کو فتح کرنے کا ارادہ کیا، اسی کے ایماء پر قندھار کی جنگ کا فیصلہ کیا گیا۔ فروری ۱۶۵۳ء کو جنگ کی تیاریاں مکمل کرنے کے بعد قندھار کے لئے روانہ ہوئے اور قندھار کا محاصرہ کیا گیا مگر داراشکوہ کو لشکر کے باہمی اختلاف اور تجربہ کی کمی کی وجہ سے فتح حاصل نہیں ہوئی۔

شاہجہاں بادشاہ نے داراشکوہ کو قندھار سے واپسی کے بعد پہلے سے زیادہ امور سلطنت میں اپنا شریک بنایا اور

منصب میں اضافہ کیا۔ چالیس ہزاری اور ساٹھ ہزاری کا منصب عظمیٰ بھی عطا کیا گیا۔ یہ ایسے حالات و واقعات ہیں جن سے مترشح ہوتا ہے کہ شاہجہاں داراشکوہ کو تخت سلطنت پر متمکّن دیکھنا چاہتا تھا مگر کسی کو نہیں معلوم!

''مادرچه خیالیم، فلك در چه خیال''

قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔

جب شہنشاہ شاہجہاں کی طبیعت ناساز ہوئی تو اورنگ زیب نے اپنے والد بزرگوار سے ملاقات کا شرف حاصل کرنا چاہا تا کہ ملکی مصالح کے پیش نظر، صورتِ حال، خدمت عالی میں پیش کرے لیکن اس وقت رسائی نہیں ہوئی۔

داراشکوہ ولی عہد سلطنت تھا مگر اورنگ زیب چند وجوہات سے اسے تخت و تاج کا اہل نہیں سمجھتا تھا۔ داراشکوہ میں سیاسی بصیرت اور عسکری مہارت نہیں تھی وہ ہندی علوم کے مطالعہ کے بعد ویدانت سے کافی متاثر ہو گیا تھا۔ ہندو یوگیوں اور سنیاسیوں سے کافی میل جول رکھتا تھا۔ سیاسی اور عسکری صلاحیت مفقود ہونے کی وجہ سے حکمرانی کے لائق نہیں سمجھتا تھا۔ اورنگ زیب تخت نشینی کے لحاظ سے داراشکوہ کا مخالف تھا۔ آخر کار تخت نشینی کے لئے جنگ چھڑ گئی۔ داراشکوہ تمام وسائل بروئے کار لایا اور اورنگ زیب نے بھی جنگ کی تیاری بڑی حکمت عملی کے ساتھ انجام دی۔ دونوں کے درمیان سخت مقابلہ ہوا۔ نتیجہ کے طور پر اورنگ زیب کو اس جنگ میں فتح حاصل ہوئی۔

داراشکوہ نے شکست کے بعد اپنا ایلچی، اپنا قاصد شاہ عباس دوم کے پاس مدد حاصل کرنے کے لئے روانہ کیا۔ شاہ عباس دوم سے ایران آنے کی اجازت مانگی، شاہ عالی مقام نے نہ صرف اجازت مرحمت فرمائی بلکہ حکام کے نام فرمان جاری کیا کہ داراشکوہ، جہاں جہاں پہنچے اور جس علاقے میں داخل ہو اس کا پُر تپاک استقبال کیا جائے۔

داراشکوہ قندھار کے راستے سے ایران جانے کے لئے روانہ ہوا۔ راستے میں ایک افغان سوار نے حکومت وقت سے وفاداری کرتے ہوئے دارا اور اس کی اولاد کو گرفتار کر کے اورنگ زیب کے پاس دہلی پہنچا دیا۔ داراشکوہ پر الحاد اور بے دینی کا مقدمہ دائر کیا گیا اور ۳۰ راگست کی رات عالموں کے فتویٰ کی روشنی میں قتل کیا گیا۔ مقبرہ ہمایوں میں مدفون ہے۔

داراشکوہ کا اپنے دور کی ممتاز شخصیتوں میں شمار تھا۔ تصوف سے خاص رغبت تھی اور ہندو فلسفہ کے زیر اثر رہا تھا۔ اس نے مسلمان صوفیوں اور ہندو سنیاسیوں سے بڑے مراسم پیدا کر لئے تھے۔ مضبوط اور گہرے تعلقات کا حامل تھا۔

ان افراد میں مشہور حسب ذیل حضرات ہیں۔

ملا شاہ بدخشی، جن سے بہت عقیدت و محبت تھی اس بناء پر داراشکوہ مرید ہونے کے شرف سے مشرف ہوا۔ میاں میر اور شاہ محبّ اللہ الٰہ آبادی، شاہ دلربا، سرمد اور بابالال داس بیراگی سے خوب تعلقات رہے ہیں۔

داراشکوہ نظریہ وحدت الوجود رکھتا تھا۔ وہ ہندو فلسفہ اور صنمیات سے متاثر تھا یہی وجہ تھی کہ وہ ملحدانہ خیالات کی

طرف راغب ہو گیا تھا۔دارا، اپنے مطالعہ کی روشنی میں قائل تھا کہ ویدانت اور تصوف کے ذریعے حق کا ادراک کرنا چاہئیے ۔کیونکہ یہ دونوں باہم مخالف نہیں صرف الفاظ کا فرق ہے۔اُپنشد کے ترجمہ دارا کے نزدیک سرچشمۂ وحدت ہیں۔اس نے دو بڑے مذاہب، اسلام اور ہندومت کے تابعداروں کے مشترکہ نظریات کو ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی اور اس نے چاہا تھا کہ ہندوؤں کے اعتقادات سے مسلمانوں کو آشنا کرائے۔دارا نے اپنشد کے جو تراجم ماہران ویدا اور اپنشد کی مدد سے سنسکرت سے فارسی میں کئے اور کرائے۔ان تراجم کی تعداد میں کچھ اختلاف ہے۔اردو دائرۃ المعارف اسلامیہ کی جلد نمبر ۹ کے صفحہ ۱۵۴ پر پچاس اپنشد کا ترجمہ لکھا ہے۔سرِ اکبر جلد سوم کے صفحہ ۲۱۱ پر تقریظ منشی پنا لال جے پوری میں ۵۱ اپنشد کے لئے تحریر کیا ہے اور کسی نے پچاس اپنشد کا ترجمہ لکھا ہے۔

داراشکوہ خوشنویسی کے فن سے بھی واقف تھا اور علوم وفنون کی سرپرستی بھی کرتا تھا، کریم النفس، صلح جو، فارسی عربی اور سنسکرت کا عالم اور تصوف کا شیدائی بھی تھا۔اس نے ویدانت کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔داراشکوہ کے وسیع المشرب ہونے کی وجہ سے سکھوں کے گروؤں سے بھی بہت اچھے مراسم رہے ہیں۔اور سکھوں کی ہمدردیاں بھی داراشکوہ کے ساتھ رہی ہیں۔

تاریخی کتب میں داراشکوہ کی حسب ذیل تصنیفات پائی جاتی ہیں۔

سفینۃ الاولیاء سکینۃ الاولیاء رسالہ حق نما، حسنات العارفین،

مکالمہ بابالال و داراشکوہ مجمع البحرین سرِّ اکبر

مذکورہ تصانیف کے علاوہ دارا کی سرپرستی میں ہندوؤں کی کئی مذہبی کتابوں کے فارسی زبان میں تراجم ہوئے اور زیورِ طبع سے آراستہ ہوئے ہیں۔

ادارہ مولانا ابوالکلام آزاد عربک پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ٹونک راجستھان میں داراشکوہ کے حسب ذیل مخطوطات ومطبوعات موجود ہیں۔

مخطوطات میں مجمع البحرین کے تین نسخے ادارے میں محفوظ ہیں۔سفینۃ الاولیاء، حسنات العارفین اور رسالہ حق نما کے مخطوطات محفوظ ہیں۔

مطبوعات میں سفینۃ الاولیاء، حسنات العارفین، سرِ اکبر، جلد نمبر۱۔سرِ اکبر جلد نمبر۲۔سرِ اکبر جلد نمبر۳۔

اے پی آر آئی ٹونک میں موجود مخطوطات کی تفصیلات حسب ذیل ہیں۔کاغذ سے اندازہ ہوتا ہے کہ سو دو سو اور ڈھائی سو سال قدیمی ہیں :

حسنات العارفین : مصنف شہزادہ داراشکوہ نمبر شمار ۲۱۳۴ ایکسیشن نمبر ۳۶۹۱/۱ سال تصنیف

۱۰۶۲ھ اوراق ۳۶ سائز ۱۱×۱۷ سینٹی میٹر سطور ۱۱ خط نستعلیق مخطوطہ مکمل ہے۔

اس مخطوطہ میں تصوف کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ کاغذ دیسی اور رنگ بادامی ہے۔ مختلف مشائخ کے حوالہ جات کے ساتھ مسائل تصوف کو بیان فرمایا ہے۔ زبان فارسی ہے۔ اس مخطوطے میں مختلف سلسلوں کے اولیاء کے اقوال سپرد قلم کئے گئے ہیں۔ اقوال صوفیہ کے علاوہ آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ سالکان راہِ طریقت کے لئے تحریر کی گئی ہیں۔

مجمع البحرین : مصنف محمد داراشکوہ نمبر شمار ۲۲۶۸ ایکسیشن نمبر ۲/۵۰۷۶ اوراق ۲۱ سائز ۲۴×۵۔۱۵ سطور ۱۵ خط نستعلیق مخطوطہ مکمل ہے۔ مخطوطہ میں عناصر خمسہ، حواس خمسہ روح کے اقسام اور دیگر عنوانات پر سپرد قلم کیا گیا ہے۔ کاغذ دیسی اور رنگ بادامی ہے۔

مخطوطہ کے آغاز میں حمد وصلوٰۃ کے بعد تحریر کیا ہے کہ ترک تکلف اور انصاف کا نام تصوف ہے۔ اس کے بعد عناصر کا ذکر کرتے ہوئے اہل ہند عناصر کو، کن الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں ترقیم کیا ہے۔ حواسِ خمسہ اور دیگر اصطلاحات عربی اور ہندی میں تحریر کی ہیں جن کا رسم الخط نستعلیق ہے۔

اس مخطوطے میں ویدانت اور تصوف کی اصطلاحات کا تقابلی مطالعہ کیا ہے۔

قرآن وحدیث اور اولیاء کرام کے حوالے سے مخطوطے کو مزیّن کیا ہے۔ عنوانات سرخ روشنائی سے دیئے گئے ہیں۔ روح، باد، نور کے اقسام، رویت خداتعالیٰ، بیان اسمائے باری تعالیٰ، نبوت وولایت، بیان برہما، بیان جہاد، آسمان، زمین واقسام زمین، سمندر، کواکب اور آسمان وزمین کے طبقات اور ہندی میں ان کو کن ناموں سے موسوم کیا ہے ضبط قلم کئے ہیں۔ سالکان راہِ طریقت کی تعلیم کے لئے کئی آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ تحریر کی گئی ہیں۔

كُلّ شيءٍ هَالِكٌ اِلّا وَجْهَه یعنی ہمہ چیز فانی خواہد شد مگر روئ اللہ تعالیٰ۔ روئی کے معنیٰ چہرہ۔ منہ، مگر یہاں ذات کے معنیٰ میں ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اللہ کی ذات کے سواسب فانی ہیں اور فرمایا كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَ يَبْقىٰ وَجْهُ رَبّكَ ذُو الجلال والاكرام یعنی ہر چہ برروئ زمین است فانی خواہد شد۔ وباقی می ماند روئ پروردگار یعنی ذات پروردگار کہ صاحب جلال واکرام است۔

اللہ کی ذات کے سوا تمام اشیاء فانی ہیں۔ اللہ کی ذات باقی رہنے والی ہے۔ (جب ایک دن فنا ہونا لازمی ہے تو پھر ہمیشہ رہنے کی تمنا بے کار ہے۔ اپنے فرائض کو سمجھو اور سب کے حقوق کا خیال رکھو۔

اور قرآن مجید میں ارشاد فرمایا : مِنها خلقنٰكم وفيها نُعيدكم و منها نُخرجكم تارةً اُخرىٰ یعنی از ان خلق کردیم شمار او دران خاک باز خواہیم بردشمارا و از ان خاک بیرون می آریم شمارا بار دیگر۔

اس زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں پھر واپس لوٹائیں گے اور اسی سے دوبارہ پھر تم سب کو نکال کھڑا کریں گے۔(جو پیدا ہوا ہے وہ ناپید ہوگا لہٰذا انسان غفلت میں نہیں رہے اور آخرت کی تیاری کرے)

اورقرآن شریف میں ارشادفرمایا: لَیس کَمِثلِہٖ شَئ۔ یعنی نیست مانند او چیزی۔

اس کی طرح کوئی چیز نہیں ہے۔(اللہ کی ذات سب سے اعلیٰ وبالا ہے اس کی کوئی مثال پیش نہیں کرسکتا ہے)

وَاللّٰہ غَنِیّ عَنِ العٰلمین یعنی خدائے تعالیٰ بی نیاز است از عالمیان۔

تمام عالموں سے، تمام جہانوں سے، اللہ بے نیاز ہے۔ قرآن مجید میں ارشادفرمایا: وَ اِن مِّن شئ الّا یُسَبّحُ بِحَمْدہٖ وَلٰکن لاّ تَفقھُون تَسبیحَھُم یعنی نیست ہیچ شئی الا تسبیح می کند بحمد خالق خود ولیکن نمی فہمید شما تسبیح آنہا۔

مطلب یہ ہے کہ ہر چیز خالق کی حمد بیان کرتی ہے لیکن ان کی تسبیح تم نہیں سمجھتے ہو۔(مختلف طریقوں سے سالک کی رہبری کی گئی ہے۔ ہدایت کی ہے، نصیحت کی ہے، سب چیزیں تسبیح میں مصروف ہیں، مگر انسان اپنے رب سے غافل ہے۔ اپنی ذمہ داری سمجھ کر زندگی گذارنی چاہیئے)

مجمع البحرین : مصنف دارا شکوہ۔ نمبر شمار ۲۲۳۴۔ ایکسیشن نمبر ۴۹۶۷۔ اوراق ۲۱۔ سائز ۵۔۱۹×۱۴سینٹی میٹر سطور ۱۳۔ خط نستعلیق۔ مخطوطہ ناقص الآخر ہے۔

اس نسخۂ خطی کا کاغذ انگریزی ہے۔

مجمع البحرین : مصنف داراشکوہ۔ ایکسیشن نمبر ۱۴۱۹۔ اوراق ۲۲۔ سائز۱۹×۱۲سینٹی میٹر۔ سطور ۲۴۔ خط نستعلیق، زبان فارسی، فن تصوف۔ نسخۂ خطی مکمل ہے۔ کاتب محمد حیات ہیں۔

اس نسخہ کا خط نستعلیق جاذب نظر اور پختہ ہے۔ عربی عبارات کو سرخ سیاہی سے خط نسخ میں بہترین طریقے سے کتابت کیا ہے۔ کاغذ دیسی ہے رنگ بادامی ہے قدرے کرم خوردہ ہے۔

رسالہ حق نما : مصنف داراشکوہ قادری (متوفی ۱۰۶۹ھ/ ۱۶۵۸ء)

نمبر شمار ۲۲۵۹ ایکسیشن نمبر ۵۰۵۸ اوراق ۶۹ سائز ۱۵×۲۰ سطور ۱۳ خط نستعلیق ناقص الآخر ہے

یہ نسخۂ خطی لیمینیشن کیا ہوا ہے۔ کاغذ دیسی رنگ بادامی اور کرم خوردہ ہے۔ یہ رسالہ طالبان طریقت کے لئے حق نما ہے۔ اعمال واشغال وغیرہ سے متعلق ہے۔ تصوف کی اصطلاحات کے مترادف سنسکرت میں تحریر کئے ہیں۔ حکمت کے نسخے بھی دیئے گئے ہیں۔ عالم ارواح، عالم ملکوت، عالم ناسوت اور عالم جبروت کا ذکر کیا ہے اور تاکید کی گئی ہے کہ انسان از

خود غافل نہ باشد۔ انسان کبھی بھی غفلت نہ کرے اور اپنے حقوق پہچان کر زندگی گذارے۔ اپنے شیخ کی دل و جان سے خدمت کرے اس لئے کہ خدمت سے عظمت ملتی ہے اور کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

ہر کہ خدمت کرد اُومخدوم شد ہر کہ خود را دید اومحروم شد

اسی مخطوطے میں مرید کو اس طرح نصیحت فرماتے ہیں

ہر کہ ساز د خدمت مرشد بجان سُرخ رویست در دو عالَم جاودان

خدمتِ مرشد نما اول بجان تا شود از نہان برتو عیان

جو شخص کہ اپنے پیرو مرشد کی خدمت دل و جان سے کرتا ہے، دونوں عالم میں ہمیشہ کامیاب ہے، اے سالک طریقت اپنے پیرو مرشد کی خدمت دل و جان سے کرتے رہو تا کہ جو پوشیدہ چیزیں ہیں وہ تم پر ظاہر ہو جائیں۔

اور نسخۂ خطی رسالہ حق نما میں ارشاد فرمایا کہ :

چشم و گوش و بنی و لب را بہند پس ازان انوار حق بین بی گزند

اے سالک : آنکھ، کان، ناک، اور ہونٹوں کو بند کر لے پھر اس کے بعد بغیر کسی پریشانی کے انوار حق دیکھ لے۔ انسان خاموشی سے عبادت میں مشغول رہے گا تو انوار الٰہی سے بہرہ ور ہوگا۔

سفینۃ الاولیاء : مصنف دارا شکوہ حنفی قادری

ایکسیشن نمبر ۱۳۱۴ سائز ۵-۱۵×۲۳ اوراق ۱۳۰

سطور ۱۹ خط نستعلیق سال کتابت ۱۲۰۰ھ

یہ نسخۂ خطی جے پور میں ۱۲۰۰ھ میں کتابت کیا گیا۔ خط نستعلیق نہایت ہی دل کش ہے اور جاذب نظر و پختہ ہے۔

حضرت سرور کائنات، بہترین موجودات، صلی اللہ علیہ وسلم، خلفاء اربعہ، ائمہ اربعہ، اولیاء کرام و علماء عظام کے احوال، کتب معتبرہ سے اخذ کر کے تحریر کئے ہیں۔ عناوین سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔

مخطوطہ کے آغاز میں سرکار دو عالم کے نسب اطہر، تاریخ ولادت باسعادت، نزول وحی، معراج، مکہ معظّمہ سے ہجرت کر کے مدینہ شریف جانا اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے بعد امیر المؤمنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت امیر المؤمنین عمر فاروقؓ، حضرت امیر المؤمنین عثمانؓ حضرت امیر المؤمنین علیؓ کرم اللہ وجہہٗ، حضرت امیر المؤمنین حسنؓ، حضرت امیر المؤمنین حسینؓ، اور دیگر ائمۂ کرام کا ذکر کیا گیا ہے۔ سلسلۂ قادریہ، سلسلۂ چشتیہ، اور دیگر سلاسل کے اولیائے کرام کا ذکر کیا گیا ہے۔ ذکر نساء عارفات اور ذکر ازواج مطہرات

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اوراور ذکر بنات طاہرات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر ذکر نساء عارفات ترقیم کیا گیا ہے۔

ادارہ اے پی آر آئی ٹونک کے ذخیرے میں مذکورہ بالا مخطوطات کے علاوہ داراشکوہ کی حسب ذیل مطبوعات موجود ہیں۔

سرّ اکبر جلد نمبر ۱ : مصنف محمد داراشکوہ، ایکسیشن نمبر ۳۹۹۵،
مطبوعہ ہیرالال پریس جے پور ۱۹۱۱ء، اس میں نو اپنشد ہیں۔

سرّ اکبر جلد نمبر ۲ : مصنف محمد داراشکوہ، ایکسیشن نمبر ۲۰۵۰۹،
مطبوعہ ہیرالال پریس جے پور ۱۹۱۱ء، اس میں دو اپنشد ہیں۔

سرّ اکبر جلد نمبر ۳ : مصنف محمد داراشکوہ، ایکسیشن نمبر ۲۰۵۱۱،
مطبوعہ ہیرالال پریس جے پور، ۱۹۱۱ء۔ اس میں ۳۸ اپنشد ہیں۔

سرّ اکبر جلد نمبر سوم کے صفحہ ۲۲۱ پر منشی پنالال صاحب ساکن جے پور کی ایک تقریظ میں لکھا ہے کہ :

سرّ اکبر وید مقدس کے پوشیدنی اسرار اور چاروں ویدوں میں سے توحید اور تصوف کا خلاصہ ہے۔ جس میں نجات کا سیدھا راستہ ہے شائق عاملان طریقت اور سالک طالبان حقیقت کو بے شک وشبہ منزل مقصود پر پہنچانے کا ذریعہ ہے۔

چار سو برس پہلے بادشاہ زادہ عرفان پناہ، حقائق پژوہ، سکندر شوکت داراشکوہ نے بمقام بنارس، ماہران وید و اپنشد کی مدد سے ۵۱ اپنشد کا نہایت سلیس اور فصیح فارسی زبان میں صحیح صحیح ترجمہ کیا تھا اور ان ہادیان متبحر کی دریا دلی سے اپنا دامن مراد، گوہر مقصود سے بھر لیا تھا۔ اور ''سرّ اکبر'' اس مجموعہ کا نام رکھا تھا۔ اس ترجمہ میں کسی طرح کا تعصب نہیں ہے۔ بہت مناسب طریقے سے اس کام کو انجام دیا گیا ہے۔ داراشکوہ کے ترجمہ اور تحقیقی کاموں میں یہ کام نمایاں طور پر نظر آتا ہے۔ یہ بہت اہم کتاب ہے جسے کئی جگہ سے شائع کیا گیا ہے۔

سفینۃ الاولیاء : مصنف محمد داراشکوہ ۔ ایکسیشن نمبر ۶۳۱۵ مطبوعہ منشی نول کشور مطبع لکھنؤ ۱۸۷۲ء

حسنات العارفین : مصنف محمد داراشکوہ قادری۔ ایکسیشن نمبر ۱۳۲۶۰
مطبوعہ مطبع مجتبائی واقع دہلی ۱۳۰۹ھ باہتمام جناب مولوی حافظ محمد عبدالاحد صاحب۔

داراشکوہ مختلف مذاہب کے مطالعہ کا شوقین تھا۔ اس نے عیسائی یہودی ہندو اور مذہب اسلام کے بنیادی عقائد کا بنظر غائر مطالعہ کیا تھا۔ عمیق النظری اور دقیق الفکری کے ساتھ مطالعہ کرنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ تمام مذاہب کا اصل فلسفہ توحید پر ہی محتوی ہے۔ اس نے تصوف کے متفرق نظریات کا مطالعہ بہت عرق ریزی اور جانفشانی سے کیا تھا۔ اور اس

سلسلہ میں اپنے زمانے کے مجذوب صوفی سرمد دہلوی کی شاگردی اور صحبت میں رہا تھا۔

داراشکوہ نے ہندو مذہب کی مذہبی تصانیف کا سنسکرت سے فارسی زبان میں با قاعدہ تحقیق اور انصاف کے ساتھ تراجم کا اہتمام کیا۔ بھگوت گیتا کا ترجمہ بھی فارسی جاننے والے پنڈتوں کی مدد سے کیا گیا جو داراشکوہ کے اہم تراجم میں شمار ہے۔ انڈیا آفس لائبریری اور برٹش میوزیم میں بھی اس کے نسخے موجود ہیں۔

مغلیہ سلطنت میں اکبر کے بعد اس کے پوتے مغل شہزادے داراشکوہ ہی نے سنسکرت کتابوں کے فارسی تراجم پر اپنی توجہ مرکوز کی۔ اس نے رزمیہ داستانوں کے بجائے فلسفیانہ کتب کو اہمیت دی۔ کئی ادیبوں عالموں اور شاعروں کی مدد سے تراجم و تالیفات کی خدمات انجام دیں۔ داراشکوہ سے وابستہ بنوالی داس شاعر نے ویدانتی فلسفہ پر مبنی ایک ڈرامائی تمثیل کا ترجمہ گلزار حال یا طلوع قمر معرفت کے نام سے کیا۔ اس کے علاوہ بنوالی داس یوگ وشسٹ کے ایک ملخص ترجمہ میں بھی شریک رہے ہیں۔

چندر بھان برہمن بھی داراشکوہ سے وابستہ رہا۔ شنکر آچاریہ کی ویدانتی تصنیف کا ترجمہ کیا اور نازک خیالات کے نام سے موسوم کیا۔ مذکورہ دونوں ادیب و منشی فارسی زبان کے بڑے عالم و فاضل تھے۔

داراشکوہ نے راماین کے ترجمہ کی بھی خدمت انجام دی ہے جو تلسی کی راماین پر محتوی ہے۔

یہ ترجمہ منشی چراغ دین سراج دین پریس راول پنڈی سے طبع ہوا جسے نجم خوشتر کے نام سے موسوم کیا۔

مغل شہزادوں میں داراشکوہ نے ہندو مسلم کی کتابوں کا مطالعہ کر کے موازنہ اور مقابلہ کیا اور اس طرح اپنی تصانیف و تراجم میں ان کو بیان کیا کہ دونوں مذاہب کے لوگ ایک دوسرے کے قریب آئیں اور محبت و خلوص کے ساتھ رہیں، ایک دوسرے کے بنیادی عقائد کو سمجھیں۔ اتفاق و اتحاد آپس میں پیدا کرتے رہیں۔ داراشکوہ نے اپنی تصانیف و تراجم میں موقع و محل کے اعتبار سے اشعار بھی پیش کئے ہیں۔ جو سبق آموز ہیں سالکان طریقت کی رہبری کرتے ہیں۔ آخر میں داراشکوہ کی تصنیف ''رسالہ حق نما'' میں دی گئی ایک رباعی پیش کر کے اپنے مقالے کو ختم کر رہا ہوں۔

عارف بگذار آرزوی دنیا بیقدر شمار جستجوی دنیا
زنهار مبند تاتوانی دل را بی فائده است گفتگوی دنیا

مراجع :

مخطوطات :

سفینۃ الاولیاء محمد داراشکوہ مخطوطہ مخزونہ، ایم اے اے پی آر آئی ٹونک،

مجمع البحرین	,,	ایضاً
حسنات العارفین	,,	ایضاً
رسالہ حق نما	,,	ایضاً

مطبوعات :

سفینۃ الاولیاء محمد داراشکوہ۔	مخزونہ مطبوعہ ایم اے اے پی آر آئی ٹونک	
حسنات العارفین	,,	ایضاً
سر اکبر جلد نمبر ۱	,,	ایضاً
سر اکبر جلد نمبر ۲	,,	ایضاً
سر اکبر جلد نمبر ۳	,,	ایضاً

اردو دائرۃ المعارف اسلامیہ جلد نمبر ۹ مطبوعہ ۱۳۹۲/۱۹۷۲ء، زیر اہتمام دانشگاہ پنجاب، لاہور۔

☆☆☆

ڈاکٹر جہانگیر اقبال
صدر شعبہ زبان وادبیات فارسی
کشمیر یونیورسٹی حضرت بل سری نگر

تصوف اور کشمیر کے سماجی وسیاسی حالات پر اس کے اثرات چودھویں سے سولھویں صدی تک

مقدمہ: کشمیر کو بجا طور پر ریشور یا پیرو یر یعنی ریشوں و بزرگوں کی جگہ کہا جاتا ہے کیونکہ یہاں دنیا بھر کے متعدد معروف صوفی اور سنتوں کو اپنی جنت جیسی خوبصورتی سے اپنی طرف متوجہ کیا ہے جو ایک صوفیانہ ماحول فراہم کرتی ہے۔ ان سنتوں نے نہ صرف لوگوں کی ذاتی زندگیوں پر بہت زیادہ اثر ڈالا بلکہ کشمیر کی سیاسی، سماجی، اقتصادی اور معاشرتی نظام کو بھی متاثر کیا۔ ان صوفیا کرام کی وجہ سے ہی وادی میں اسلام متعارف ہوا۔ ان بزرگوں نے اسلام کے ساتھ ساتھ تصوف کو بھی متعارف کرایا اور وادی میں داخل ہونے والے پہلے صوفی حضرت عبدالرحمٰن المعروف بلبل شاہؒ تھے جو چودھویں صدی میں کشمیر میں تشریف آور ہوئے۔ اس مضمون میں چودھویں سے سولھویں صدی تک کشمیر کے معاشرے میں صوفیا کرام کی طرف سے کی جانے والی تبدیلیوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ اس میں سیاست اور سلاطین اور اسی دور کی ان کی ریاستی پالیسی پر صوفیوں کے اثر ورسوخ کی تلاش کرنے کی بھی کوشش کی گئی ہے۔

تعارف: تصوف کی اصطلاح اپنے معنی میں بہت وسیع ہے۔ اس موضوع کا خلاصہ کرنا مشکل معلوم ہوتا ہے کیونکہ تصوف کی صرف ایک ہی تعریف نہیں ہے بلکہ مختلف ادوار کے علماء کی طرف سے مختلف صوفی احکامات کے اعمال اور عقائد کے لحاظ سے اس کی وضاحت کی جارہی ہے۔ کارل۔ ڈبلیو ارنسٹ نے اپنی کتاب ''تصوف'' میں رسالہ القشیر ی کے حوالے سے لکھا ہے کہ ''قشیری نے مختلف ابتدائی صوفی بزرگوں کے اقوال کی ایک متاثر کن فہرست تیار کی ہے جو اس آئیڈیل کی طرف راغب ہونے والوں کے لئے مختلف نقطہ نظر اخلاقی اور روحانی اہداف پیدا کرتی ہے۔ یہاں کچھ مثالیں ہیں جو انہوں نے دی ہیں:

☆ تصوف مثالی طرزِ عمل کی مثال ہے جو نالائقانہ طرز عمل سے انحراف ہے۔
☆ تصوف کا مطلب یہ ہے کہ خدا آپ سے اپنے آپ کو جذب کرتا ہے اور آپ کو اس میں زندہ کرتا ہے۔
☆ صوفی جوہر میں اکیلا ہے۔ کوئی چیز اسے تبدیل نہیں کرتی اور نہ ہی وہ کچھ بدلتا ہے۔
☆ تصوف کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے پاس کچھ بھی نہیں ہے اور آپ کسی چیز کی ملکیت نہیں ہیں۔

☆تصوف کا مطلب ہے روحانی حقائق پر قبضہ کرنا اور مخلوقات کے پاس جو کچھ ہے اسے ترک کرنا۔
اس قسم کی بے شمار دوسری مثالوں کا ذکر کیا جا سکتا ہے۔(۱)

مذکورہ بالا تعریفوں سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ تصوف خداوندی کے ساتھ اتحاد کی ایک روحانی جستجو ہے جو دنیا کے بیشتر مذاہب میں مختلف شکلوں میں پائی جاتی ہے۔ بدھ مت میں نروان (معدومیت) کی طرف بڑھنے کے ایک ذریعہ کے طور پر مراقبہ پر بہت زور دیا گیا ہے۔ ہندومت میں، تصوف اس سوچ کے ساتھ کہ روح کو سب میں جذب کرنے کے لئے فطری طور پر صوفیانہ تجربے پر مبنی ہے۔ ڈاکٹر تاراچند کا ماننا ہے کہ ہندو صوفیانہ فکر، کم از کم جنوبی ہندوستان میں، اسلامی تصوف سے بہت زیادہ متاثر ہے۔ عیسائیت میں تصوف وجد اور بے خودی کے فلسفہ پر ٹکا ہوا ہے اور اس کے نقوش سینٹ آگسٹین اور سینٹ ٹریسا کی تحریروں میں پائے جاتی ہیں۔(۲)

ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تصوف ایک ایسا راستہ پیش کرتا ہے جس پر چل کر انسان خود شناسی اور خدا شناسی کی طرف بڑھ سکتا ہے اور بعض مورخین کا خیال ہے کہ تصوف اس وقت سے موجود ہے جب سے اسلام قائم ہے۔ اسلام کے تصوف میں پروفیسر نکلسن بجا طور پر کہتے ہیں، ''صوفی ایک فرقہ نہیں ہیں، ان کا کوئی دقیانوسی نظام نہیں ہے، طریقت وہ راستہ ہے جس کے ذریعے وہ خدا کو تلاش کرتے ہیں وہ مردوں کی روحوں کے طور پر تعداد میں ہیں اور لامحدود طور پر مختلف ہیں، اگرچہ ان سب میں ایک خاندانی مماثلت کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس طرح کے تغیر پسند رجحان کی وضاحت ایک دوسرے سے وسیع پیمانے پر مختلف ہونی چاہئے، اور ہر معاملے میں پیدا ہونے والا تاثر مواد کے انتخاب اور اِس یا اُس پہلو کو دی جانے والی اہمیت ہوگا۔(۳)

کشمیر میں تصوف اور اسلام کی آمد:

کشمیر اپنی خوبصورتی، جغرافیائی خصوصیات، منفرد ثقافت و تمدن، گرم جوش لوگوں اور دیگر خصوصیات کی وجہ سے دنیا بھر میں جانا جاتا ہے۔ اس کی سرسبز و شاداب سرزمین، برف کی بڑی بڑی چوٹیاں، بہتی ہوئی چاندی جیسی صاف و شفاف نہریں اور دیگر قدرتی منظر نامے ایک صوفیانہ اور پُر جوش ذہنیت فراہم کرتے ہیں اور اس طرح دنیا بھر کے صوفیوں، سنتوں، علماء، شاعروں کو خاص طور پر ایران اور وسطی ایشیا سے اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ چودھویں صدی میں ان صوفیوں کے آنے کے ساتھ ہی وادی کشمیر میں اسلام آغاز ہوا۔ اس وادی میں اسلام کو جس عمل سے متعارف کرایا گیا وہ اس عمل سے مختلف تھا جس کے تحت یہ برصغیر کے دوسرے حصوں میں داخل ہوا کیونکہ یہ فتح سے نہیں بلکہ پُر امن دخول سے آیا تھا۔ وادی میں داخل ہونے والے پہلے بزرگ یا مسلمان سید شرف الدین عبدالرحمٰن تھے جنہیں حضرت بلبل شاہؒ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ وہ پہلے بزرگ تھے جنہوں نے کشمیر میں اسلام کے بیج بوئے۔ انہوں نے سختی سے ذات پات پر مبنی برہمن غلبہ

والے معاشرے میں تبدیلیاں کیں۔سوہد یوا(۱۳۰۱ء۔۱۳۲۰ء) کے سورحکومت کے دوران وادی میں داخل ہوئے۔ان کے کئی سال بعد حضرت میر سید علی ہمدانی تشریف لائے اوران کے ساتھ ان کے ۷۰۰ شاگرد بھی تھے اگر چہ وہ سب صوفی نہیں تھے لیکن ان کا مشن وادی میں اسلام کی ترویج واشاعت تھا۔آخر کار وہ کشمیر کے مختلف حصوں میں آباد ہو گئے اور قطب الدین کے بعد آنے والے سلطانوں کی سر پرستی حاصل کی۔آہستہ آہستہ گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ صوفیوں کے چار بڑے سلسلے سامنے آئے۔سہروردیہ سلسلہ جس کی بنیاد شیخ ضیاء الدین عبدالنجیب سہروردی (مصنف ادب المریدین) نے رکھی تھی اور کشمیر میں اسے سید شرف الدین نے متعارف کرایا تھا (۴،ص ۱۹)۔کبرویہ سلسلہ، جس کی بنیاد احمد بن عمر وخیوقی نے رکھی جو نجم الدین کبریٰ کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں،اور کشمیر میں اس سلسلے کو حضرت میر سید علی ہمدانی نے متعارف کرایا تھا۔نقشبندی سلسلہ، جس کی بنیاد خواجہ بہاء الدین محمد نقشبندی نے رکھی تھی، کشمیر میں سلطان سکندر کے دور میں سید ہلال نے اس کی پیش کش کی تھی (۴،ص ۱۴۷)۔سلسلہ قادریہ کی بنیاد شیخ عبدالقادر جیلانی (غوث اعظم) نے رکھی اور کشمیر میں سید نعمت اللہ شاہ قادری نے اسے پھیلایا۔(۴،ص ۱۵۴) پندرھویں صدی میں وادی میں ریشی سلسلہ کے نام سے جانا جانے والا ایک نیا سلسلہ بھی سامنے آیا۔جو صوفی احکامات سے مختلف تھا۔سہروردی اور کبروی کے برعکس ریشی خود کو ریاستی امور میں شامل نہیں کرتے تھے بلکہ نسبتاً تنہائی میں رہتے تھے اور دنیاوی لوگوں کی صحبت سے گریز کرتے تھے۔

سیاست پر اثرات:

تصوف اگر چہ شروع سے ہی نہیں لیکن کشمیر کی سیاست پر آہستہ آہستہ اثر انداز ہوا جو سلطان سکندر کے دور میں واضح ہوا۔میر محمد کے زیر اثر ان کے دور حکومت میں ریاست کا مفاد اسلام کے رسومات واحکامات کے ساتھ الجھا ہوا تھا۔ (۴،ص ۲۵۱) اس کا اثر ورسوخ اتنا زیادہ تھا کہ اس نے ہر اس شخص کو گرفتار کر لیا جس کے بارے میں اس کا خیال تھا کہ وہ ان کی پالیسی کے خلاف ہے۔(۵) سکندر کے بعد، علی شاہ تخت نشین ہوا۔ان کی دور حکومت میں ایک برہمن رئیس، سہد یو نے اسلام قبول کر لیا تھا، تو اس کے ذریعہ غیر مسلماں کو ہراساں کیا جاتا تھا (۵،ص ۶۸)۔اس کے بعد زین العابدین (۱۴۲۰ء۔۱۴۷۰ء) جنکو بڈ شاہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، تخت نشین ہوئے۔ان کے دور حکومت میں کشمیر نے ہر شعبے میں سنہری دور کا مشاہدہ کیا۔انہوں نے ہر مذہب اور فرقے کے ساتھ یکساں سلوک کیا اور صوفیوں اور سنتوں کے لئے خانقاہیں تعمیر کیں۔اس کے نتیجے میں وادی میں تصوف کی زبردست نشو ونما ہوئی۔ان کی وفات کے کئی سال بعد بیہقی سیدوں نے سیاست کو متاثر کیا یہاں تک کہ ۱۵۷۹ء میں تخت نشین ہوئے۔دربار سے وابستہ ہونا اور امراء جیسے عہدوں پر فائز ہونا، صوفیوں کے ریاست کی سیاست پر اثر انداز ہونے کی واحد وجہ نہیں تھی بلکہ اس کی ایک اور وجہ بھی تھی۔امرا اور شہزادت کبھی کبھار طاقت اور فتح حاصل کرنے کے لئے ارباب اقتدار سے ان کی برکتوں کے لئے رجوع کرتے تھے اور اگر کبھی انہوں

نے اسے حاصل کیا تو انہوں نے خود کو سنتوں کی پیروی کرنے کا پابند سمجھا (۴،ص ۲۵۰)۔

معاشرے پر اثرات:

کشمیر ہجرت کرنے والے صوفی بزرگوں، خاص طور پر وسطی ایشیا اور ایران سے، اور کچھ مقامی صوفیوں نے نہ صرف سیاست کو متاثر کیا بلکہ کشمیر کے معاشرے اور ثقافت پر بھی اثر انداز ہوئے۔ وہ مدرسوں کے قیام کے ذمہ دار تھے جہاں اسلامی علوم بشمول اسلام کے علمی نظریات، معاشرتی مساوات اور اخلاقیات کے اسباق طلباء کو دیئے جاتے تھے۔ کشمیر میں قائم ہونے والے ابتدائی مدرسوں میں مدرسہ الاسلام، مدرسہ الدار الشفاء، مدرسہ العروۃ الواسقہ شامل ہیں۔ (۴، ص ۲۵۵) بہترین مدرسہ جہاں ہر قسم کا علم دیا جاتا تھا، شیخ اسماعیل کبروی نے قائم کیا تھا۔ اس میں ایک ہاسٹل، ایک بہترین لائبریری اور اس سے منسلک ایک مسجد تھی۔ یہاں تک کہ ہندوستان اور کابل سے بھی طلباء اس مدرسے میں آتے تھے۔ (۶)

بعض صوفیاء کرام نے خواتین کی تعلیم پر بہت زور دیا۔ حضرت بابا داؤد خا کی امام غزالی کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ شوہر پر واجب ہے کہ وہ اپنی بیوی کو دینی تعلیم دے اور اگر وہ اس پر پورا نہ کرے تو عورت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر علم شرعیہ حاصل کرنے کے لیے استاد کی طرف بڑھے (۷)۔ اس طرح اس پر زور دیتے ہے اور عورتوں کے علم کے حصول کو بہت اہمیت دیتے ہے۔

تصوف کے ذریعہ شاہی دربار میں کی جانے والی ایک اور تبدیلی یہ تھی کہ سنسکرت کی جگہ درباری زبان کے طور پر فارسی نے لے لی تھی۔ (۸) اس زبان کو عوام میں بھی زبردست تحریک ملی۔ صوفیوں نے کسی نہ کسی طریقے سے ثقافت کو بھی متاثر کیا۔ سلطان سکندر کے دور میں ہندوؤں نے بھی مسلم لباس اور بھی بہت سے اسلامی رسومات کو اپنایا۔ چونکہ اسلام میں کوئی فرقہ پرستی یا ذات پات کا نظام نہیں ہیں سبھی مسلمان برابر کے حق دار ہے اسی وجہ سے کشمیر میں اسلام ہر جگہ پھیلا۔ (۸، ص ۲۳۴) مجموعی طور پر صوفیاء کرام کا رویہ ہمدردی اور غور و فکر کا تھا۔ انہوں نے لوگوں کے درمیان اخلاقیات کو فروغ دیا اور سماجی زندگی کے تمام متنوع پہلوؤں میں لوگوں کے نقطہ نظر کو مثبت طور پر تبدیل کر دیا۔

خلاصہ:

کشمیر میں تصوف کو اسلام کے ساتھ ساتھ متعارف کرایا گیا تھا۔ وسطی ایشیا اور ایران سے صوفی تارکین وطن اسلام کی تبلیغ کے مشن کے ساتھ وادی کشمیر میں پہنچے اور انہوں نے لوگوں کو اپنے مہذب طرز زندگی اور عمدہ خیالات سے متاثر کیا۔ کشمیر کی وادی کئی نشیب و فراز سے گزری ہے۔ ان نے سلطان زین العابدین کا سنہری دور اور جابر سکھوں اور ڈوگروں کا دور بھی دیکھا ہے۔ لیکن ایک چیز جو تمام ادوار میں عام رہی وہ تصوف اور صوفیانہ بصیرت صوفی بزرگوں پر عام لوگوں کا اعتقاد تھا۔ جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ صوفیوں کے چار بڑے سلسلے سامنے آئے جن میں سہروردی اور کبروی

سلسلہ زیادہ نمایاں تھا۔انہوں نے سیاست میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جس کی وجہ سے ریاستی پالیسی متاثر ہوئی اوران پر عام لوگوں کے اعتماد کی وجہ سے ان کی سماجی زندگی مثبت انداز میں متاثر ہوئی۔مجموعی طور پر تصوف وادی میں اسلامائزیشن (اسلام کے پھیلاو) کا ذمہ دار ہے جس کی وجہ سے وہاں زندگی کے تمام متنوع پہلوؤں میں تبدیلی آئی۔چاہے وہ سیاست ہو،معاشرہ ہو،معشیت ہو یا فرہنگ ہو یا کشمیر کے لوگوں کی ذاتی زندگی ہو۔

حوالہ جات:

۱: کارل،ڈبلیوارنسٹ،(1997):صوفیزم(Sufism):شمبھالہ پبلی کیشنز انکارپوریٹڈ بوسٹن۔

۲: فاضلی ،منظور،(ایڈیشن2015):ریش ویئر:(rash waer: the valley of saints):گلشن بکس کشمیر۔

۳: نکلسن ،اے رینولڈس، (1914): اسلام کے صوفیاء(the mystics of islam): کرییٹ اینڈ یپنڈنٹ پبلشنگ پلیٹ فارم، ہند۔

۴: رفیقی، عبدالقیوم، (ایڈیشن 2003): کشمیر میں تصوف:(sufism in Kashmir): گڈورڈ میڈیا، سڈنی آسٹریلیا۔

۵۔ سری کانت کول، (1967) : جونا راجا کے راجترنگنی کا ترمیم شدہ ورژن: وشویشورانند انسٹی ٹیوٹ ہوشیار پور، ہندوستان۔

۶: کھو یہامی ،غلام حسن،(1954): تاریخ حسن: تحقیق واشاعت شعبہ جموں وکشمیر۔[جلد:3]

۷: خاکی ، باباداؤد،(2011): دستورالسالکین: شیخ عثمان اینڈ سنز سری نگر کشمیر۔

۸: جے سی دت،(2012): کنگز آف کشمیر(راجترنگنی سر یورا): جنرل بکس پبلشرز انڈیا۔

۹: قادری، شفیع احمد،(2002): کشمیری تصوف:(Kashmiri Sufism) گلشن پبلشرز سری نگر کشمیر۔

۱۰: طاہری، پیرزادہ عبدالخالق،(2013): تاریخ بزرگان کشمیر: شیخ محمد عثمان اینڈ سنز سری نگر کشمیر۔

☆☆☆

ڈاکٹر عابد گلزار
اسسٹنٹ پروفیسر، سینٹر آف سنٹرل ایشین اسٹڈیز، کشمیر یونیورسٹی
شاہینہ اختر
ریسرچ اسکالر، سینٹر آف سنٹرل ایشین اسٹڈیز، کشمیر یونیورسٹی

ادب اطفال کا اجمالی تعارف

مقدمہ: خداوند عالم نے اس کائنات کو بہت دلکش و حسین رعنایوں سے لبریز خلق کیا ہے اس میں تمام نعمتیں، رحمتیں اور برکتیں سب انسان کے لیے پیدا کی گئی ہیں چونکہ دنیا کی بہترین مخلوق انسان ہے اس جہاں میں ابن آدم کا وجود بچّے کی صورت میں ظہور پاتا ہے۔ طفل جو پھول جیسی شکل میں رونما ہوتا ہے، جس کے آمد سے پورا گھرانہ مسرت سے کھل اُٹھتا ہے، جسکی صحت وحفاظت کا خیال تمام اہل خانہ رکھتے اور جس کے رونے چیخنے کی آواز پر سبھی گھر والے متوجہ ہوجاتے ہیں ۔بچوں کے رونے پر مائیں انھیں موزون اور ہم وزن الفاظ میں چپ کراتی ہے اور بچّوں کوسلانے کے لئے اپنی اپنی زبان میں منظوم لوریاں گاتی، داستانیں، قصہ کہانیاں سناتی ہے جن سے بچے کافی متاثر ہوتے ہیں پھر بڑی آسانی سے بچے گہری نیدکی آغوش میں پہنچ جاتے ہیں۔ دراصل انہی لوریوں، ترانوں سے بچّوں کے ادب کی ابتداء ہوئی ہیں اس طرح انسان لاشعوری طور پر ماں کی گود سے ہی ادب اطفال سے مانوس ہوجاتا ہے۔ معاشرہ میں ماں کی آغوش کو ہی پہلا مدرسہ قرار دیا جاتا ہے اور محد سے لیکر لحد تک یعنی گود سے لیکر گور تک تعلیم وتربیت حاصل کرنے کی ترغیب دی گئی۔ اس سے ثابت ہوا کہ علم کے بغیر شاہد ہی انسان کو انسان کہنا مناسب ہوگا کیونکہ علم سے ہی انسانیت کی روح بیدار ہوتی ہے۔ غرض انسان اگر دنیا میں سعادت وسربلندی حاصل کرنا چاہتا ہے تو لازم ہے کہ وہ صحیح وسالم تربیت کے سائے میں پروان چڑھا ہو اور اسکے فکر وفطرت کی سالم تربیت ہوئی ہو۔ تربیت بچپن سے ہی انجام دی جاتی ہیں۔ پس بچّے کی نگہداشت تعلیم وتربیت کے لئے ایک ایسے ادب کی ضرورت ہے جو انکے نفسیات، عمر، غور وفکر، دلچسپی اور جدید زمانے کے تقاضوں ضرورتوں اور رجحانات سے ہم آہنگ ہو یہ ادب بچوں میں باہمی انس ومحبت، جزبہ انسانیت، جستجو وتلاش، فکر وعمل، زندگی کے سخت مراحل کو سمجھنے میں معاون ہو بچّوں میں بے لوث خدمت وایثار، حب الوطنی، انسان دوستی جیسے اعلیٰ صفات کو فروغ دیتا ہو اور مشکلوں سے جولڑنا سکھاتا ہو وہی ادب اطفال کہلاتا ہے۔ ادب اطفال سے ہی بچوں کی مثبت ذہن سازی اور انکو متوازن شخصیت میں ڈالا جا سکتا ہے اسلئے بچوں کے لئے ادب بہت ضروری ہے۔ اس مقالے میں کوشش کی گئی ہے کہ ادبیات کودکان کی ضرورت

واہمیت اوراس کے مقاصد کو بیان کیا گیا ہے۔

تاریخی پس منظر

بچّے قوم کا مستقبل اور ملک کا سرمایہ ہوتے ہیں۔ان ہی سے کائینات میں رنگینی اور فضاوں میں خوشبوں ہے۔انسان کی زندگی کا مقصد اپنی کامیابی کے علاوہ اولاد کی فلاح و بہبودی ہوتی ہے۔بعض لوگ اپنے بچوںّ کی کامیابی کو ہی اپنی کامرانی مانتے ہیں۔دورقدیم سے لے کراور آج تک فرزندوں کی تعلیم وتربیت کا یہ سلسلہ جاری ہےاور آیندہ بھی رہے گا۔دنیا کے شہنشاوں ، بادشاوں اور راجاوں نے بھی اپنی اولادوں کی تعلیم وتربیت کا بہترین انتظام کیا تھا۔اس سے ثابت ہے کہ ہر انسان نے اپنی حیثیت اورتوانا کے مطابق اس عمل کو دہرایا ہے۔تاریخ کی ورق گردانی سے یہ ثابت ہوا کہ اس ادب کا تاریخی سفر مغرب سے شروع ہوکر لگ بھگ دنیا کے تمام ممالک میں جاری رہا۔اس ادب کے تاریخی شواہد اٹھاریں صدی کے اواخر میں غرب میں ملتے ہیں اور زمانے کی کروٹ کے ساتھ اس ادب کی روایت اور مضبوط و مستحکم ہوتی چلی آئی ۔مغربی ادب اطفال کی دلچسپ بات یہ ہے کہ وہاں کے ادیبوں نے زمانہ بدلنے کے ساتھ ساتھ بچوںّ کی ذہنی قوت اور نفسیات کے عین مطابق ادب تخلیق کیا۔ابتداء میں اس ادب کا ھدف محض تفریح وتفنن تھا لیکن انیسویں اور بیسویں صدی میں جب ذہنی مطابقت ومشابہت رکھنے والے ادب کی کمی کا احساس ہوا توان ادیبوں نے تفریح کے ساتھ ساتھ جدید علوم و فنون اور معلوماتی موضوعات کو بھی بچوں کے ادب کا حصہّ بنایا اوراس طرح یہ ادب بیسویں صدی میں اپنے عروج کی بلندیوں کو چھونے لگا۔لیکن تالیفی کام کے نمونے بہت پہلے سے ملتے ہیں

سترہویں صدی میں انگریزی زبان میں ایسی تخلیقات شائع ہوئیں جنہیں بڑوں کے علاوہ بچوںّ نے بھی خوب پڑھا اور وہ اس قدر مقبول ہو ہیں کہ عالمی ادب میں لافانی سرمایہ کی حیثیت اختیار کردی۔اس سرمایہ میں Deni el Defoe کی تخلیق رابنسن کروسواولین درجہ رکھتی ہے۔اگر چہ ان نونہالوں سے سبھی پیار کرتے ہیں لیکن انکی شخصیت کو سمجھنے ،انکی فطرت کے رازوں کو آشکار کرنے کی کوشش بالکل نئی ہے ۔مشہور فرانسسی مصنف روسو نے اپنی شہرہ آفاق کتاب ایمل جو۱۷۶۲ء میں شائع ہوئی غالباً یہ پہلی کتاب تھی جس نے بچوںّ کے جذبات وخواہشات کے اظہار پر سے پابندی اُٹھانے کا مشورہ دیا اسے پہلے والدین کی بچوّں سے دلچسپی اتنی ہی تھی کہ وہ انکی تربیت اس طرز پر کریں کہ ان میں فرمابرداری ،شرافت اور ضبط نفس وغیرہ جیسے صفات حسنہ پیدا ہوجائے۔اس مقصد کی حصول یابی کے لئے انہیں بچوں کی فطری صلاحیتوں کو سمجھنے کی چنداں ضرورت محسوس نہیں ہوتی تھی چونکہ انکے فطرت کے اسباب بڑوں کی فطرت سے مختلف نہ تھے دونوں پر ایک ہی قسم کے قوانین کا اطلاق ہوتا تھا۔انکا ماننا تھا اگر ہم اپنی دلچسپیوں اور خواہشات کو کنٹرول میں رکھ سکتے ہیں تو بچے بھی ان پر ضبط کیوں نہیں رکھ سکتے اسی لیے انکے طریقہ تربیت پر تنقید ہوئی۔روسو نے اس قسم کے خیالات کے

خلاف بغاوت کی اور طفل کو قدرت کے حوالے کرنے اور انہیں مکمل آزادی دینے کی حمایت میں علم بلند کیا۔ ان تحریکوں سے لوگوں میں نو عمروں سے حقیقی دلچسپی لینے کا شوق پیدا ہوا اس شوق کا مقصد انکی شخصیت سے آگاہ ہونا تھا۔ سب سے بڑا اثر جو ان تحریکوں سے ہوا وہ یہ کہ عمومی طور پر یہ تسلیم کر لیا گیا کہ بچے بھی ایک الگ ہستی و شخصیت کے مالک ہوتے ہے۔ لہذا انکی عمدہ تعلیم، مناسب تربیت، اچھی پرورش ، سلیقہ مند نگہداشت اور مکمل دیکھ بال اولین فرض بنتا ہے اور ان تمام قوانین کی طرف رجوع کرنا ضروری ہے جو انکی فطرت و ہستی کو واضع کرتے ہے۔ پس ثابت ہوا اس ھدف کی حصول یابی کے لئے ادب اطفال بہت بہترین وسیلہ ہے۔[۱،۲]

تعریف ادب اطفال

بچوں کے ادب سے مراد نظم و نثر کا وہ ذخیرہ ہے جو مخصوص نو عمروں کے لکھا جاتا ہو اور اس میں بچوں کی عمر فہم و نفسیات کو مد نظر رکھکر تحریر کیا جاتا ہے چاہئے وہ نصابی ہو یا غیر نصابی اسکے لئے ضروری ہے کہ زمانہ کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو ورنہ بے رنگ اور روایتی ہو کر رہ جائے گا اس نوع ادب کی تمام مقبول زبانوں بڑی اہمیت ہے بچے بھی بڑے شوق و اشتیاق سے اس کو پڑھتے ہیں۔ بچوں کی ایک الگ دنیا ہے ان کی اپنی پسند، ناپسند، دلچسپی، ضرورتیں، احساسات و جذبات ، سوج بوجھ، شعور اور مختلف عادتیں ہوتی ہے عمر بڑنے کے ساتھ ساتھ ان کی تمام چیزوں میں تبدیلیاں رونما ہوتی ہے۔ غرض بچوں کے فکر، احساس اور فہم کی دنیا بڑوں سے بالکل علئٰیدہ ہوتی ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ادب جس کے ذریعے بچّوں کی دلچسپی اور شوق و ذوق کا تسکین ہو جو مختلف سن کے بچوں کی نفسیات اور ان کی ضرورتوں رجحانات و میلات اور تمایلات روحی اور انکی فکر و فہم ادراک کی قوت ّ جستجو و تلاش اور ان کی تخلیقی قوّت کو پیش نظر رکھ کر جو ادب تخلیق کیا گیا ہو صحیح معنوں میں وہی ادب اطفال کہلانے کا مستحق ہے[۳،۲]

ادب کی اہمیت

ادبیات اطفال وہ بہترین ذریعہ ہے جس کے بدولت ہی ایک صحت مند معاشرے کی تعمیر ممکن ہے۔ ادب سماج کا عکاس اور آئینہ دار ہوتا ہے جتنا یہ مستحکم اور موثر ہوگا اتنا ہی معاشرہ بہتر تربیت ہو جائے گا یہی سماجی سیاسی اقتصادی تبدیلی کا موثر ہتھیار ہے۔ یہ ایک ایسا آلہ ہے جس سے بچّے کی خمیر و ساخت کو ایک بہترین دشا دے سکتے ہے۔ ہر میدان میں انکی بہترین تربیت کر سکتے ہے وہ چاہے ادبی میدان ،نفسیاتی ، اخلاقی ، سماجی ، سیاسی یا مذہبی ہو غرض ہر میدان میں عملاً کام انجام دے سکتے ہے اس ادب سے ہی ممکن ہے کہ بچوں کی تخلیقی اور مخفی صلاحیتوں کو جلا بخش سکتے ہیں اور اس قابلیت کے ہنر کو نکھارنے میں ادب اہم رول ادا کرتا ہے ادیبوں نے جدید سائنسی اور تکنیکی ایجادات کو بھی اس طرح لطیف طرز میں پیش کر کے بچوں کو اس سے ایسے متصل کیا کہ اسے دور ہونا مشکل ہے۔ بچوں کے ادب کے لئے ایسے ٹکنیک و سبک کی اشد

ضرورت ہے کیونکہ آج کے بچوں کا شعور پختہ ہو چکا ہے ۔وہ ہر چیز کی حقیقت اور اصلیت جاننا چاہتا ہے اور اکثر اب بچے جنوں ،پریوں ،دیو مالائی ،طلسماتی ،مجیر العقول کہانیوں سے زیادہ دیر تک بہلنے والے نہیں ہے وہ اب چاند ،ستاروں اور حقیقت رکھنے والے تمام چیزوں کے مطلق جانکاری چاہتے ہے ،وہ کمپوٹر اور انٹرنٹ کے ذریعے پوری دنیا کی سیر کرنے کا خواں ہے اسی لئے اسے ایسا ادب پڑھنے کو ملے جوان تمام تقاضوں سے لبریز ہوں اس کی تمام خواہشوں اور ضرورتوں کو پورا کراسکے تاکہ بچے کی متوازن شخصیت کی بہترین تربیت ہو جائے ۔[۳،۴]

بچوں کے ادب کے مقاصد

اقوام کی تقدیر علوم وفنون سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں جو قوم علم کا جوہر رکھتی ہے وہ نا قابلِ تسخیر ہوتی ہے لہذا ادب اطفال کا ھدف اب واضح ہے کہ اگر کوئی بھی ملک کامیاب و غیر تسخیر بننے کا عاشق وخواں ہے انہیں بچّوں کے ادبیات پر خاص توجہ دینی کی ضرورت ہے ۔لازم ہے یہ ادب ادبی مضامین کے ساتھ ساتھ اخلاقی ،سماجی ،ثقافتی اور معاصر ٹیکنالوجی کے مضامین و تجربات سے آراستہ ہوں تو اسی ادب سے تربیت شدہ بچّے ہی ملت و ملک کا حقیقی سرمایہ بن سکتے ہے ۔والدین کے بعد بچّوں کی بہترین نگہداشت رکھنے والا استاد ہے ۔استاد ہی دنیا میں ایسا ماہر معمار ہے جو بچّے کی ہستی کو صحیح تعمیر کرنے میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے اس کی ہستی میں تب چار چاند لگتے ہیں جب متدین ماحول اور والدین کی تربیت قوانین عقل وفطرت کے عین مطابق ہو تب استاد کے لیے بچّوں کی شخصیت کو بہت بہترین ساخت میں ڈالنا آسان ہوتا سکتا ہے ۔لہذا کامیاب سماج اور معاشرے کی صحیح تربیت وہی ممکن ہے جہاں صالح و ماہر استاد اور بچّوں کے لئے صحیح و سالم ادبیات ہوں ان تمام شرائط کے ساتھ ہی آپ ملک و ملت کے لئے نا قابلِ شکست سرمایہ حاصل کر سکتے ہو۔اس لیے بچّوں کے ادب کے موضوعات میں توسیع اور تنوع وقت کا تقاضا ہے ۔آج کے دور کے اکثر بچّے ذہین ،جستجو پسند ،بے باک ،نئے جہانوں و جہتوں کو سمجھنے اور جاننے کا متلاشی ہے ۔قدیم و جدید سائنسی معلومات ،ایجادات ،ماحولیات ،ارضیات ،فلکیات ،آبی وسائل ،نئے کھیل ،دنیا کی عظیم ترین شخصیات ،پرندوں اور جانوروں کی حیرت انگیز دنیا ،ممالک اور جزائر کی سیر و سیاحت و ذہنی معلومات اور دیگر زبان و ادب کے ترجم بچّوں کے ادب میں شامل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ بچے میں علمی بردباری آجایے ۔[۴،۵]

ادب کا بنیادی مقصد بچوں کی پوشیدہ قابلیت و ہنر کو اجاگر کرنا ہوتا ہے اس مقصد کی حصویابی کے لئے ماں باپ و استاد اہم و بنیادی کردار ادا کرتے ہے ۔بچے ابتدائی چار پانچ سالوں تک خود نہیں پڑھ سکتے لیکن انہیں جو دکھائی یا سنائی دیتا ہے اس کا ان کی ذہنی نشونما میں خاصا عمل دخل رہتا ہے ۔والدین اکثر اس عمر میں بچوں کو بہلانے کے لئے کھلونوں کا سہارا لیتے ہے لیکن والدین کا فرض ہے وہی کھلونے بچوں کے لئے استعمال کریں جن کا ان کی شخصیت پر مثبت اثرات ہوں

اوران کے تخیلات کوزیادہ ابھارے اور انکی تعلیم وتربیت پر بھی موثر ثابت ہوجائے،لہذا ادباء سے پہلے یہ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اولاد کی تعلیم،غذا،رہن سن،میل جول،صاف ستھرائی،کھیل اور کھلونوں پر دھیان دیں تاکہ وہ ایک نفیس ماحول میں پرورش پاکراس قابل ہوجائے کہ ادب اطفال میں مخفی رازو سے مستفید ہوسکے۔ان تمام اھداف کوخود میں اس طرح سموں دیں کہ ایک بہترین انسان کے ساتھ صحت مند سماج کی تعمیر ہوجایے۔نسل نو کی رغبت وشوق کوملحوظ خاطر رکھ کرادب کوتخلیق کرنا وقت کا اہم تقاضا ہے تاکہ حقیقی طور پر بچوں کے ادب کے اغراض ومقاصد کوحاصل کیا جائے۔بچوں کے ادب کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

۱: بچوں کی ذہنی وفکری تربیت

۲: خیالات وجذبات کی نشونما

۳: تخلیقی قوت بیداری

۴: بلند ہمتی اور بلند پرواز

۵: فرایض وذمہ داری سے واقفیت اورانکی احسنت طریقے سے ادائیگی

۶: باکرداروبااخلاق بنا

۷: کامیاب شہری بنا

۸: انسانیت کی ہمدردی کی حس بیدار کرنا

۹: قوم پرستی،ایثاروقربانی کا جذبہ دلانا

۱۰: قوم وملت سے بےلوث محبت

۱۱مثبت ذہن سازی

۱۲: علم دوستی

۱۳: قوانین ملک ومذہب اورکی پاسداری وپابندی کرناوغیرہ۔ان تمام مفاھیم کوایک ادیب جب بہترین قالب میں ڈال کربچوں کی پسند وچاہت اورسطح سواد کے مطابق تحریر کرتا ہے تو یہ ادب اطفال کی عظیم دین ثابت ہوتی ہے ایسے ہی ادب سے تربیت یافتہ بچے قوم وملک کا حقیقی افتخار ہوتے ہے[۷،۶،۵]

نتیجہ گیری

بچوں کے ادب،تعلیم ونفسیات کے ماہرین اورادباء وشعراء کے باہمی اشتراک سے بچوں کے لئے تخلیق کیا جانے والا ادب ان کی ذہنی پرورش،تلاش وجستجو کی قوت کو بروئے کار لانے میں کافی سودمند ثابت ہوا ہے

۔اس اشتراکِ عمل سے نہ صرف بچوں کے لئے معیاری ادب تخلیق ہوا ہے بلکہ بچوں کے ادیبوں کی اہمیت بھی بڑھ جائے گی ہے اسی لئے بچوں کی درسی کتابوں میں ادیبوں کی ان کہانیوں کو شامل نصاب کرنا ضروری ہے جوان کے ذہن میں وسعت پیدا کرا سکے اور ان کتابون میں بچوں کی ذہنی، سن وعمر کے عین مطابق صاف سادہ اور آسان طریقے سے معلوماتی مواد جمع کرنے کی کوشش کریں تا کہ یہ بہترین تعلیمی سرمایہ سے سرفراز ہوجائے۔اگر چہ درسی اور نصابی کتابوں کو ادب اطفال کے زمرے میں نہیں رکھا جاسکتا لیکن یہ کتابیں اسی مقصد کے لئے کی جاتی ہے تا کہ بچے انہیں قلیل عرصے میں پڑھ کر زندگی کے طویل سفر کے لئے سرمایہ، تجربات بنالیں۔ادبیات کو ایسے بہترین طرز میں اس طرح تحریر کرے کہ بچے اسے پڑھ کر اس ھدف کو ضرور حاصل کر سکے جوان کا خواب ہے اور سب سے بڑا مقصد ادبیات کا یہ ہے کہ بچہ اس ادب سے انسان وانسانیت کے خادم اس کے دفاع کے لئے بہترین کارنامے انجام دیں تا کہ قوم کا حقیقی سرمایہ افتخار بن سکے۔[۸،۹]

منابع:

۱: زیدی ڈاکٹر خوشحال،(۱۹۸۹ء)، اردو میں بچّوں کا ادب، ناشر نہرو چلڈرن اکیڈمی نئی دہلی

۲: زیدی ڈاکٹر خوشحال،(۱۹۹۳ء)اردو ادب اطفال کے معیار، ناشر نہرو چلڈرن اکیڈمی نئی دہلی

۳: حسین پروفیسر ممتاز،(۱۹۹۲ء)ادب اور شعور، ناشر نقد ادب کراچی

۴: بیگم النساء زیب(۲۰۰۰ء)، اقبال ارو بچّوں کا ادب، ناشر انجمن ترقی اردو دہلی

۵: خوشتر ڈاکٹر منصور،(۲۰۲۱ء)بہار میں بچّوں کا ادب کل اور آج، ناشر ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاوس دہلی

۶: اقبال ڈاکٹر شاہد،(۲۰۱۸ء)ادب اطفال روایت اور مسائل، ناشر قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی

۷: محمدی ھادی محمد قایینی زہرا،(۲۰۰۰ء) تاریخ ادبیات کودکان ایران، ناشر بخش فنی مئوسسہ پژوھشی

۸: ،ایمن لیلی ، میر ھادی توران مھدخت دولت آبادی،(۱۹۷۳ء)، گزری درادبیات کودکان، ناشر چاپ خانہ تہران

۹: نژاد اکبر علی شعاری(۱۹۹۱ء)ادبیات کودکان، ناشر انتشارات اطلاعات تھران

☆☆☆

ڈاکٹر محمد اقبال بابا
شعبہ فارسی
گرونانک دیو یونیورسٹی، امرتسر

غالب کی فارسی مثنوی نگاری: ایک تحقیقی مطالعہ

مثنوی ایرانیوں کی ایجاد ہے، مثنوی فارسی کی اھم اور مشہور ترین صنف سخن ہے، آغا احمد علی ''ہفت آسمان'' میں لکھتے ہے ''مثنوی کا لفظ اثنیٰ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی دو کے ہیں، چونکہ مثنوی میں شعر کے دونوں مصرعے ھم وزن اور ھم قافیہ ہوتے ہیں اور اگلا شعر قافیہ میں آزاد ہوتا ہے، اس لئے یہ نظم اھل بلاغت کے نزدیک مثنوی کہلائی ہے، مثنوی میں ردیف کا استعمال نہیں ہوتا اور نا ہی اس کا موقع اور محل رہتا ہے، مثنوی میں اشعار کی تعداد متعین نہیں ہوتے ہیں، ڈاکٹر محمد یوسف لون اپنی کتاب ''کشمیر میں فارسی مثنوی نویسی کا ارتقاء'' میں لکھتے ہے ''فارسی ادب میں مثنوی وہ صنف شعر ہے، جس میں ہئیت کے اعتبار سے ہر شعر کے دونوں مصرعے ھم قافیہ ہوں مگر ہر شعر کا قافیہ بدلتا ہو، دو ھم قافیہ مصرعوں کی رعایت سے اس کا نام مثنوی طے پایا ہے، حالانکہ مثنوی کا نام نہ صرف اس کی ہئیت سے طے پایا ہے، بلکہ اس کا موضوعی دامن اتنا وسیع ہے کہ دوسرے اصناف شعر میں اتنی ہمہ گیر وسعت نہیں ہیں، چنانکہ بیانیہ شاعری نے اپنے لئے مثنوی کا جامہ پسند کیا ہے''

مثنوی اگر چہ ڈرامہ کا متبادل ہے اور ادب میں ڈرامہ کے مقصد کو بخوبی پورا کرتی ہے، لیکن کچھ خصوصیات کی بموجب مثنوی اور ڈرامہ کو الگ کیا جا سکتا ہے، جن کا مطالعہ مثنوی کو سمجھنے کے لئے لازمی ہے، سب سے پہلی خاص بات یہ ہے کہ مثنوی نگار اپنے سوچ کے مطابق قصہ کو ترتیب دیتا ہے، اپنی خودمختاری اور قلمی طاقت سے وہ جس طرح چاہئے مثنوی کے کرداروں کو پیش کرتا ہیں، جبکہ ڈرامہ میں ایسا نہیں ہوتا ہے، ڈرامہ نویس نے چاہئے کیسا بھی زبردست اور شہکار فن پارہ تخلیق کیا ہو، لیکن اگر کردار نبھانے میں اداکار کھرا نہیں اترپاتا ہے، یا جی لگا کر کردار کو پیش نہیں کرتا ہے تو مصنف کا فن بے جان ہوتا ہے، مثنوی ایک قصہ گو کی گرفت میں ہوتی ہے جو مکمل طور پر اس سے پیش کرتا ہے، اس بات میں کوئی شک نہیں ہے، کہ قصہ گو کو بھی ڈرامہ کے کرداروں کی مانند چابک دست اور ذہین ہونا چاہئے، لیکن یہ فرق اپنی جگہ قائم ہے، کہ مثنوی کا قصہ گو بہت سے کرداروں کی زبان بولتا ہے، اور قصہ گو کی کامیابی اور ناکامی بہت سے کرداروں کے بجائے ایک ہی شخص پر منحصر ہوتی ہے، فارسی مثنوی کے بادشاہ اور ایران کے نامور شاعر فردوسی طوسی کی شاہکار تخلیق ''شاہنامہ'' پانسٹھ ہزار اشعار پر

مشتمل ہے، جس کے تحریر میں فردوسی نے زندگی کے پینتیس سال صرف کیں۔

فارسی میں مثنوی نگاری کی تکنیک دیگر اصناف شعر سے جدا ہے، فارسی مثنوی نگاروں کے بقول مثنوی چند مخصوص بحروں میں تحریر کی جاتی ہے اور مثنوی نگاران متعین بحروں کی قید سے نہیں نکل سکتا ہے، ملاحسین واعظ کاشفی نے اپنے ''رسالہ عروض و بلاغت میزان الوافی'' میں لکھا ہے کہ ''مثنوی کے لئے سات بحریں مخصوص ہیں، جن میں ھزج مسدس کی دو بحریں، رمل مسدس کی دو بحریں، سریع کی ایک بحر، خفیف مسدس کی ایک بحر اور متقارب مثمن کی ایک بحر سے مشتق ہیں'' مثنوی کی مختلف اقسام ہیں مثلاً عشقیہ مثنوی، تاریخی مثنوی، اخلاقی مثنوی، رزمیہ مثنوی اور واقعاتی مثنوی قابل ذکر ہیں،

ھندوستان غزنوی عہد سے ہی فارسی علماء، فضلاء، دانشمندوں اور شعراء کا مسکن رہا ہے جنھوں نے یہاں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر کے خوب شہرت حاصل کی ہیں، خاص کر شعراء نے ھندوستانی تاریخ، رزمیہ اور عشقیہ داستانوں کو نظم کا جامہ پہنا کر ہمیشہ کے لئے زندہ کر دیا ہیں، جہاں تک ھندوستان میں فارسی مثنوی کا تعلق ہے، تو بلا شبہ کہا جاسکتا ہے کہ فارسی مثنوی گوئی کی بنیاد ھندوستان میں حضرت امیر خسرو دھلوی نے ڈالی ہے، امیر خسرو ھندوستان کے شہر پٹیالی (اتر پردیس) میں پیدا ہوئے، لیکن ان کی زندگی کا زیادہ تر حصہ دھلی میں گزرا، یہ وہ زمانہ تھا جب ایران میں دنیائے ادب کے چمکتے ستارے مولانا روم، مولانا حافظ شیرازی، سعدی شیرازی اور مولانا جامی جیسے بلند پایہ شعراء کا بول بالا تھا، امیر خسرو بھی ان ہی دنوں ھندوستان میں فارسی شاعری کو پروان چڑھا رہے تھے۔

ھندوستان میں مغلیہ دور کے زوال پزیر ہوتے ہوتے، فارسی ادب کے آسمان پر ایک ایسا ستارا چمکا، جس نے ھندوستان سے لیکر ایران تک اپنا سکہ بٹھایا، جو سب پر غالب ثابت ہوا، اور جس نے غالب نام سے شہرت دوام پائی، غالب دھلی میں بڑے امن وسکون سے زندگی گزارتا تھا کہ اچانک دھلی اجڑنے لگی، غالب کی زندگی میں پی در پی کئی موڑ آئے لیکن غالب، غالب ہی رہا اور ہر طرح کی سختیاں جھیلتا ہوا آگے بڑھتا گیا۔

دیگر ز ساز بی خودی ما صدا مجوی

آوازی از گسستن تار خوریم ما

مرزا اسداللہ خان غالبؔ نے ذاتی طور سے ایرانی شعراء کے کلام سے بہت زیادہ استفادہ کیا تھا، اور اس کی بدولت وہ اس رتبہ پر پہنچے کہ بعد کے آنے والے شعراء اس کے سامنے سر تسلیم خم ہیں، انھوں نے مغلیہ دور کے آخر میں جبکہ فارسی کی جگہ اردو اور انگریزی لے رہی تھی، فارسی کو اپنا اظہار خیال کا رابطہ بنایا، ویسے تو غالب نے اردو اور فارسی میں شاعری کی ہے، لیکن انھیں اپنی فارسی منظومات پر بڑا فخر تھا، ذوق سے مخاطب ہو کر کہا تھا۔

فارسی بین تا بہ بینی نقشہای رنگا رنگ

بگذر از مجموعہ اردو کہ بی رنگ من است

غالب کو اپنے کلام پر اس لئے فخر تھا کیونکہ اس کے مطابق اس زمانے کا خاقانی اور رومی خود ہی تھا اس کے کلام میں قدیم شعراء کا رنگ جھلکتا ہے، رودکی سے لیکر ظہوری اور عرفی تک کے مضامین اور خیالات اس کے کلام میں جابجا پائے جاتے ہیں ؎

امروز من نظامی و خاقانی ام بدہر
دلی زمن بگنجہ و شروان برابر است

اس طرح کی بہت ساری مثالیں غالب کے کلام میں جابجا ملتی ہیں غالب کی شاعری میں ایک رنگارنگی، تنوع اور جدت کے ساتھ ساتھ قدامت بھی ملتی ہے، اس میں گزشتہ شعراء کا رنگ نمایاں ہے، ھندوستان کے سیاسی اور اقتصادی بدلتے ہوئے حالات کا رنگ نظر آتا ہے، غالب نے ھندوستان میں فارسی ادب کی تاریخ کو دوہرانا شروع کیا اور یہ بات صاف کردی کہ وہ افراسیابی سلسلہ کا ایک فرد ہے اور ہر حالت میں فارسی کو زندہ رکھنے کی کوشش کرتا رہے گا۔ غالب ایک ہمہ جہیت شاعر ہے، انھوں نے تقریباً ہر ایک صنف سخن خاص طور سے غزل، قصیدہ اور مثنوی میں طبع آزمائی کی ہے اور کامیابی کے جھنڈے گاڑ دئے ہیں، قصیدے لکھئے تو ایسے کہ ان میں انوری اور خاقانی کے قصائد کا عکس نظر آتا ہے، قصیدوں میں مدح کے ساتھ ساتھ فلسفہ اور تصوف کی بھی آمیزش ہے، ان کے قصاید میں خاص طور سے پیغمبر اسلامؐ، مولای کائنات علی ابن ابو طالبؑ اور آئمہ اطہارؑ کی مدح بیان کئے گئے ہیں، ان میں عقیدت کے ساتھ ساتھ خلوص کے اتنے گہرے احساسات ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک معصوم بچے کی زبان ہے، کچھ قصائد تو دوستوں اور عزیزوں کی تعریف میں بھی لکھئے ہیں، وقت کی مجبوری کے سبب غالب کو حاکم وقت، نوابوں اور راجاوں کے قصیدے بھی کہنے پڑے، اس کے ممدوحوں میں اکبر شاہ ثانی، بہادر شاہ ظفر، شاہزادہ فتح الملک، شاہان اودھ، رام پور کے نواب، مہاراجہ الور، مہاراجہ پٹیالہ اور نواب ٹونک بھی شامل ہیں، مگر مرزا کا مرکز نظر بہادر شاہ ظفر ہی رہا، وہ ظفر کو شہر یار سخنور سمجھتا تھا۔

غالب کی غزل شہرہ آفاق مقبولیت کی حامل ہے، اس میں غیر معمولی دلکشی ہے، اپنی غزلوں کے بارے میں غالب کہتے ہے "اگر شاعری کا آئین آسمانی صحیفوں کے لئے قبول ہوجاتا تو میرا دیوان کتاب ایزدی بن جاتا" غالب نے اپنی شاعری کو نقشہای رنگارنگ کے ساتھ دستگاہ ناز بھی کہا ہے، جس کی قدردانی شیخ و برھمن سب کرتے ہیں، غالب کے فارسی غزل کے اشعار کی تعداد تین ہزار پانچ سو ہیں، فن اسلوب جیسے بحر، قافیہ ان کی پوری شاعری مغلیہ دور کے شعراء کے نقش قدم پر گامزن نظر آتی ہے، اور ایران کی صدائے بازگشت سنائی پڑتی ہے، غالب نے خاص طور سے عرفی شیرازی کا سبک اختیار کیا ہے، غزل آخر میں غالب کے ہاتھ میں آئی، اب وہ اپنی انتہائی ترقی یافتہ شکل میں تھی، اس میں عشق تو

مرکزی حیثیت رکھتا ہے، لیکن شاعر اپنے ہر مقصد اور منزل کو جسے وہ حاصل کرنا چاہتا ہے، جو اس کی نظر میں بلند مقام رکھتا ہے۔

غالب کی شاعری کا خاص اور اہم حصہ ان کی مثنویات ہیں، انھوں نے کل گیارہ مثنویاں نظم کی ہیں، جہاں مرزا نے اعلیٰ پایہ مثنویاں لکھی ہیں، وہی مناجات، معراج نامہ، منقبت، مغنی نامہ اور ساقی نامہ بھی لکھے ہیں، یہ مثنویوں کی طرح طویل نظمیں ہیں، اور ان سب کو ملا کر ایک مثنوی تیار کر دی گئی ہے، مرزا کی مثنویات میں تخیل کی فراوانی، تازگی اور برجستگی ہے، ان میں اشعار کی روانی اور تسلسل بھی پایا جاتا ہے، یہ مثنویات نسبتاً طوالانی نہیں بلکہ مختصر ہیں، اور یہ جدید مذاق کی رعایت ہے، ان مثنویات میں فنی باریکیاں پوری طرح موجود ہیں غالب کی فارسی مثنویات اس طرح سے ہیں۔

سرمۂ بینش: یہ مثنوی حضرت مولانا رومؔ کی مثنوی کے مطلع سے شروع ہوتی ہے، اس مثنوی کا دوسرا شعر اس طرح سے ہے ؎

من نہم کز خود حکایت می کنم
از دم مردی روایت می کنم

اس مثنوی کا آغاز مولانا رومؔ کے شعر سے کرنے کا مقصد یہ ہے، کہ غالب بتانا چاہتے ہے کہ وہ استاد اور مرشد کی حکایت بیان کر رہا ہے، وہ رہبر کامل بھی ہے اور مرد حق بھی ہے، لوگوں کو چاہیے کہ اگر وہ حق کا ساتھ چاہتے ہیں، تو مرد حق کا دامن تھام لیں، اس وقت غالب کے سامنے بہادر شاہ ظفرؔ تھے، اس مثنوی میں عرفان، اخلاق اور تزکیہ نفس کے نکات بھی موجود ہیں اس مثنوی کا اختتام دُعا پر ہوتا ہے ؎

بر دعای شہ سخن کوتاہ باد
تا خدا باشد بہادر شاہ باد

درد داغ: یہ مرزا غالب کی دوسری مثنوی ہے، جس میں نظامی گنجویؔ کی نظم کردہ مثنوی ''مخزن الاسرار'' کی بحر (مفتعلن مفتعلن فاعلن) استعمال کی گئی ہے، اس مثنوی میں ایک کسان کی داستان بیان کی گئی ہے، ایک بوڑھا کسان، اس کی بیوی اور جوان بیٹا اس میں بحیثیت کردار لائے ہیں، یہ لوگ بدنصیبی اور مفلسی کے سبب گھر چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، جنگلوں، بیابانوں اور پہاڑوں کی مسافتیں طے کرنے کے بعد ایک ایسے علاقہ میں داخل ہوتے ہیں، جہاں پانی کی بہت قلت ہے، تلاش کرنے پر انھیں ایک سیاہی دکھائی دیتی ہے، یہ لوگ اس طرف بڑھتے گئے اور دیکھا کہ کٹیا میں نورانی چہرے والا ایک فقیر آنکھیں بند کئے ہوئے خدا کی یاد میں مشغول ہے، فقیر نے انھیں بٹھایا، پانی پلایا اور حال دریافت کیا، ان لوگوں نے اپنا حال بیان کیا، فقیر کو ان لوگوں پر رحم آیا اور ان کے لئے دُعا کرنے لگا، اچانک غیب سے ایک آواز آئی کہ ان کے لئے دُعا نہ کر! ان کی تقدیر میں مصیبت اور خستہ حالی ہے اور تقدیر کبھی بدلتی نہیں ہے، لیکن فقیر نے ایک نہ سنی وہ برابر

دُعا کرتا رہا، کچھ دیر بعد دُعا کے بدلے میں اسے ایک شرط حاصل ہوگئی، ان لوگوں میں سے ہر ایک کی صرف ایک دُعا قبول ہوسکتی ہے، یہ خوشخبری انھیں سنادی، عورت نے فوراً سوچا کہ مجھے اپنی جوانی کا رنگ روپ مل جائے تو سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا، دُعا قبول ہوئی اور وہ ایک حسین وجمیل لڑکی بن گئی، کسان اور اس کے بیٹے نے سوچا کہ اب گھر جا کر مال و دولت کی دُعا مانگ لیگیں، اور تینوں گھر کی طرف چل دئے، راستے میں دیکھا کہ ایک شہزادہ گھوڑے پر سوار ہوکر جارہا تھا کہ اچانک اس کی نظر عورت پر پڑی، اور فوراً اس پر فریفتہ ہوگیا، عورت بھی اشارہ پاتے ہی اس کے پیچھے گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہوگئی، اور شہزادے نے گھوڑے کو ایڑھ لگادی، کسان سے یہ کیفیت برداشت نہ ہوئی اور اس نے دُعا مانگی کہ اے خدا اس عورت کی صورت سور کی بن جائے، شہزادے نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو اپنے پیچھے عورت کے بجائے ایک گندے جانور کو بیٹھا پایا، اس نے گھوڑے کو ایڑھ لگائی اور اس سے نیچے گرا کر بھاگ نکلا، بیٹے نے ماں کی یہ بری حالت دیکھی تو گھبرا گیا تو کہا اے خدا! میری ماں کو صحیح حالت میں لادے، بس وہ عورت پھر سفید بالوں والی اور کمر خمیدہ بوڑھی عورت کی شکل میں آگئی، پھر یہ کہنے لگے کہ تقدیر کے سامنے کسی کی نہ چلے گئی، جیسے پڑے گی برداشت کرلیں گے۔

مطلب یہ کہ انسان کو تقدیر پر صبر وشا کر رہنا چاہیے، غالب اس وقت ایک داستان گو ہوتے ہوئے مسلہ جبر کی حمایت بھی کرتا ہے، یہ مثنوی سماج کے مزاج اور کردار کی آئینہ دار ہے، ھندی اور عجمی سبھی قدیم حکیموں اور مفکروں نے اس کی تائید کی ہے جن میں عمر خیاؔم اور حافؔظ جیسی ہستیاں بھی شامل ہیں، اس مثنوی کا مطلع اس طرح سے ہے ۔

بی ثمری بزرگری پیشہ داشت
در دل صحرائی جنون ریشہ داشت

چراغ دیر: مرزا اسداللہ خان غالب نے مثنوی چراغ دیر بنارس کے قیام کے دوران نظم کی، اس میں انھوں نے شہر بنارس کی خوبصورتی اور پاکیزگی کا ذکر کیا ہے، وہ کہتے ہے کہ بنارس ایک ایسی جگہ ہے کہ دھلی بزرگی کے باوجود اس کا طواف کرے ۔

کہ می آید بہ دعوی گاہ لافش
جہاں آباد از دھر طوافش

مثنوی چراغ دیر کی تصنیف کا ذکر بڑا دلچسپ ہے، ایک بار غالب پینشن کے مقدمہ کے سلسلے میں دھلی سے کلکتہ جارہا تھا، کہ کچھ دن بنارس میں قیام کرنا پڑا، بنارس اور گنگا کو دیکھ کر ان کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ ان کے دماغ نے تحسین و تبریک کی شمع روشن کردی، جس کے نتیجے میں یہ مثنوی معرض وجود میں آگئی، اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ بنارس ایک مقدس اور پُرعظمت مقام ہے، یہاں بزرگوں اور رشیوں نے ہمیشہ عبادت کی ہیں، یہ شہر علم وفن کا گھوارہ رہا ہے، اسی لئے

پرانوں میں بھی بنارس اور گنگا کی پاکیزگی کی تعریف درج ہیں، غالب نے بھی بنارس اور گنگا دونوں کی تعریف میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی ہے وہ لکھتے ہے ؎

مگر بوی بنارس شاهد هست   ز گنگش صبح و شام آئینه هست
ز بس عرض تمنا می کند گنگ   ز موج آغوشها وا می کند گنگ

مرزا نے اس مثنوی میں نظامی گنجوی کی مشہور مثنوی ''خسرو شریں'' کی بحر استعمال میں لائی ہے،

رنگ وبوُ: یہ مرزا کی چوتھی مثنوی ہے، اس میں ایک ھندی فلسفہ بیان کیا گیا ہے، جس کے مطابق ھندوستانی رشیوں کا ایک عام خیال ہے کہ وہ لوگ ذات اور صفات کو الگ رکھنے کے قائل ہیں، اس طرح کی متعدد کہانیاں ھندوسماج میں رائج ہیں، اور مسلم صوفیوں نے بھی اس کی مشق کی ہے، مثنوی رنگ وبوُ میں ایک بادشاہ کا کردار بیان کیا گیا ہے، جو بڑا ہی رحم دل بادشاہ ایک دن کسی فقیر سے اس کا کاسہ اور خرقہ مول لیتا ہے، وہ رات کو خواب میں دیکھتا ہے کہ کاسہ اور خرقہ کی موجودگی میں اس کی ساری صفتیں ایک ایک کر کے رخصت ہوتی جارہی ہیں، آخر میں ہمت آجاتی ہے، بادشاہ کسی طرح خوشامد کر کے اسے روک لیتا ہے اور کہتا ہے، اگر چہ شان وشوکت چلی بھی جائے تو کوئی بڑی بات نہیں ہے، لیکن ہمت میرے پاس ہمیشہ رہنی چاہیے اور یہی میرے لئے کافی ہے، آخر میں غالب نے ہمت کے لئے دُعا کی ہے ؎

غالب افسرده دل و جان بیا
بی سرو پا در صف رندان بیا

بادمخالف: مرزا کی پانچویں مثنوی ہے، یہ مثنوی ایران کے ایک بلند پایہ شاعر حکیم سنائیؔ کی مثنوی ''حدیق الحقیقت'' کی بحر میں نظم ہوئی ہے، غالب کہتے ہے کہ ''امیر خسرو دھلویؔ اور کبھی کبھی فیضی فیاضیؔ کے علاوہ ھندوستان کے شعراء میں کوئی بھی پیروی کے قابل نہیں ہیں'' جب غالب کلکتہ پہنچے تو وہاں کے شعراء ان کے پیچھے پڑ گئے اور معرکہ آرائی ہونے لگی، کلکتہ کے شعراء کے مطابق قتیلؔ اور واقفؔ قابل پیروی استاد ہیں، اور وہ ان ہی کی پیروی کرتے تھے، کوئی بھی محفل ہوتی کلکتہ کے شعراء غالب پر اعتراضات کی بوچھاڑ کر ڈالتے تھے، وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے غالب نے ان سے صلح کر لی اور معذرت میں مثنوی بادمخالف تحریر کر ڈالی۔

بیان نموداری نبوت وولایت: غالب کی ایک اور مثنوی ہے، ان کے دور میں وھابیت کا زور تھا اور شاہ ولی اللہ کی تحریک کا بازار گرم تھا، کچھ تنگ نظر اور سخت گیر لوگ مسلمان اصلاح کے نام پر مسلم روایات کو باطل اور بدعت قرار دیتے تھے، جیسے کہ دُعا کے وقت حضورؐ اور حضرت علیؑ کے اسماء مبارک کا واسطہ دینا، حضور اکرمؐ کے موی مبارک یا پیراہن کی زیارت کرنا، مزاروں پر جانا اور نذر و فاتحہ کرنا وغیرہ، غالب نے ان رسومات کی صفائی میں جواز پیش کئے ہیں، کہ یہ رسومات عوامی عقائد

کالازمی سہارا ہیں، اولیا کے مزارات پر جا کر عقیدت ظاہر کرنا اس لئے اہم ہے، کہ ان ہی کے دم سے حقیقت کے چراغ روشن ہیں، مثنوی بیان نموداری نبوت وولایت دراصل ان ہی مضامین کے پیش نظر نظم ہوئی ہے، بعد میں ایک اور سوال پیدا ہوا جس پر کافی دن تک مسلمان بحث کرتے رہے کہ کیا خدا دوسرا محمدؐ پیدا کرسکتا ہے؟ اس پر غالب نے کہا کہ خدا قادر ہے، وہ چاہیے تو کرسکتا ہے، اس بات کو لیکر لوگ بہت ناراض ہوئے کہا کہ غالب شیعہ ہے، یہ حضرت علیؑ کو حضرت محمدؐ کے برابر سمجھتا ہے، آخر میں غالب نے اپنے دوست مولانا خیر آبادی کے کہنے پر اس مثنوی پر نظر ثانی کی، اس مثنوی کے چند اشعار حسب ذیل ہیں ۔

این که می گوئی توانا کردگار　　چون محمدؐ دیگری آرد بکار
با خدا وند دو گیتی آفرین　　ممتنع نبود ظهور این چنین
لیك دریك عالم از روی یقین　　خود نمی گنجدد و ختم المرسلین
بعد حمد ایزد و نعت رُسول　　می نگارم نکته چند از اصول

تہنیت عیدشوال: اس مثنوی میں مرزا نے بہادر شاہ ظفر کو عید کی مبارک باد پیش کی ہے، اور ساتھ ساتھ بادشاہ کی تعریف بھی کی ہیں، اس مثنوی میں غالب نے اپنے ممدوح کو دُعا بھی دی ہے۔

درتہنیت عید بہ ولی عہد: غالب کی یہ خوبصورت مثنوی بھی فن کا اعلیٰ نمونہ ہے، یہ مثنوی ان کی اپنی مثنوی تہنیت عیدشوال کی بحر میں نظم کی گئی ہے، اور مثنوی کا آخری حصہ ولی عہد کی تعریف پر مشتمل ہے۔

دیباچہ نثر: یہ ایک مختصر سی نظم ہے، اس میں دراصل مثنوی کی بحر استعمال کی گئی ہے، اس لئے اسے مثنویات میں شمار کیا جاتا ہے، اصل میں یہ منظوم تقریظ ہے، جو اودھ کے شاہ کی نثر جس کا نام بیست وھفت افسر ہے پر لکھی گئی ہے۔

تقریظ آئینہ اکبری: سید احمد خان صدر الصدور مراد آبادی نے ائینہ اکبری کا نسخہ مرتب کر کے چھپوایا، سید احمد خان دھلی ایک بڑی ذہین اور مشہور ھستی تھی، اس کے کہنے پر غالب نے منظوم تقریظ لکھی، اس میں سید احمد کو کچھ نصیحتیں کی گئی ہیں اور آخر میں دُعا کی گئی ہے۔

ابر گہر بار: یہ مثنوی مرزا کی گیارھویں اور آخری مثنوی ہے، اس میں تقریباً ساڑھے چھ سو اشعار ہیں اور ضخامت کے اعتبار سے یہ مثنوی سب سے بڑی ہے، کچھ مصنفین کے بقول مثنوی ابر گہر بار مکمل نہیں ہو پائی ہے، اس مثنوی میں فکری پختگی، بیان کی روانی، تخئیل کی بلندی اور زبان کی سلاست پائی جاتی ہیں، اس سے دیکھ کر معلوم ہوتا ہے، کہ غالب کو مثنوی نگاری پر پوری قدرت حاصل ہے، مثنوی ابر گہر بار میں قدیم رواج کے مطابق سپاس نامہ دیا گیا ہے، اس کے بعد مناجات، نعت رُسولؐ، منقبت حضرت علیؑ اور ساقی نامہ جیسے عنوانات کے تحت نظمیں تحریر ہیں، اس مثنوی کے ابتداً میں ایک سو چودہ اشعار

ہیں، جن میں ھمہ اوست کا فلسفہ بیان کیا گیا ہے، مناجات اس مثنوی کی جان ہیں، اس حصہ میں بے حد شرینی، رعنائی اور لطافت پائی جاتی ہیں، اس مثنوی کے اندر اتنا سوز و گداز ہے، کہ جس کی مثال کسی عجمی شاعر کے یہاں نہیں ملتی ہے۔

مناجات کے بعد نعت رُسول مقبولؐ اور معراج کے مضامین زیر بحث آئے ہیں، مثنوی کا یہ حصہ بھی اپنی مثال آپ ہے، جس میں ندرت فکر ہے اور ایک نایاب تصور پیدا کیا گیا ہے، وہ لکھتے ہے کہ جب حضور پاکؐ پانچویں آسمان پر پہنچے، تو وہاں میرے آباواجداد خاص کر پشنگ بادشاہ فوجی انداز میں صف آرا کھڑے تھے، حضورؐ نے عسکری قواعد کا ملاحظہ کیا اور سلامی لی، تورانی ترکوں کو سپہ گری کے پیشہ کا اعزاز بخشا گیا، جب حضورؐ معراج سے لوٹے تو سب سے پہلے حضرت علیؑ سے ملاقات ہوئی، یہاں سے حضرت علیؑ کی شان میں منقبت شروع ہو جاتی ہے، اس منقبت سے ظاھر ہوتا ہے کہ یہ مثنوی حضرت علیؑ کی محبت کے اظہار میں لکھی گئی ہے، اس کا ثبوت مثنوی ابر گہر بار کا دوسرا نام اسداللہ غالب ہے۔

منقبت کے بعد مغنی نامہ درج ہے مغنی نامہ دراصل مرزا غالب کی ہی ایجاد ہے، آپ سے پہلے کسی نے بھی مغنی نامہ نہیں لکھا ہے، مرزا کا یہ مغنی نامہ ۱۳۰ ابیات پر مشتمل ہے، اس میں عقل کی تعریف کی گئی ہے اور عقل کی خوبیوں کو تسلیم کرنے کی تاکید بھی کی گئی ہے، مثنوی ابر گہر بار کے آخر میں ساقی نامہ نظم ہوا ہے، اس میں ۱۵۴ اشعار ہیں بقول غالب مثنوی ابر گہر بار اپنے نبیؐ اور امام برحقؑ کی شان میں لکھی ہے۔

حوالہ جات:

۱ آرزو، سراج الدین علی خان، مجمع النفاس، پٹنہ

۲ آزاد، علی بلگرامی، خزانہ عامرہ، کانپور

۳ احمد، جلال الدین، تاریخ مثنوی اردو، دھلی

۴ بہزور، دکتر ثروتیان، خسرو شریں نظامی گنجوی، تہران

۵ پزمان، بختیاری حسین، مخزن الاسرار نظامی گنجوی، تہران

۶ پزمان، بختیاری حسین، لیلیٰ و مجنوں نظامی گنجوی، تہران

۷ تمنا، اسد علی خان، گل عجائب، اورنگ آباد دکن

۸ حاکم، عبدالحکیم، مردم دیدہ، لاھور

۹ خان، غلام حسین، سیر المتاخرین، لکھنؤ

۱۰ خان، آغا احمد علی، ھفت آسمان، کلکتہ

۱۱ خسرو، امیر، دیوان امیر خسرو، لکھنؤ

۱۲ سرھنگ، خواجہ عبدالرشید، تذکرۂ شعرای پنجاب، کراچی
۱۳ شمیم، مظفر حسین، شعر فارسی در ھند و پاکستان، تہران
۱۴ عابد، امیر حسن، ھندوستانی فارسی ادب، دھلی
۱۳ عبدالحی، مولانا، گل رعنا، اعظم گڈھ
۱۴ قیصری، بزم سخن، تہران
۱۵ لون، محمد یوسف، کشمیر میں فارسی مثنوی نویسی کا ارتقاء، کشمیر
۱۶ نعمانی، شبلی، شعر العجم، لاھور
۱۷ ھندی، بھگوان داس، سفینۂ ھندی، پٹنہ

☆☆☆

مہ جبین عمر
ریسرچ اسکالر،شعبہ فارسی
جامعہ ملیہ اسلامیہ،نئی دہلی

آنندرام مخلص کی فارسی شاعری کے متصوفانہ پہلو

آنندرام مخلص ۱۷۰۲ء میں موجودہ پاکستان کے سیالکوٹ شہر میں پیدا ہوا۔اس کے والد کا نام راجہ ہردی رام تھا۔ مخلص کا تعلق کھتری قوم سے تھا۔اس کے اجداد دربار مغلیہ میں اعلیٰ حکومتی مناصب پر فائز تھے۔مخلص خود بھی دربار مغلیہ میں اعلیٰ عہدے پر مامور رہا اور ۱۷۲۰ء میں قمرالدین خان خلف و جانشین محمد امین خان اور سیف الدولہ عبدالصمد خان حاکم لاہور وملتان اور زکریا خان کا بھی وکیل رہا۔اس نے دہلی میں بھی ایک سال فارغ بالی سے بسر کیا۔لیکن ۱۷۴۶ء میں نادرشاہ درّانی کے ہندوستان پر حملہ کے بعد وہ خانہ نشین ہوگیا اور اس نے آمدورفت بالکل بند کردی۔مخلص کو مغل بادشاہ محمد شاہ نے ۱۷۴۱ء میں ''راے رایان'' کا خطاب عطا کیا تھا۔۱۷۶۳ء میں نفث الدم کی بیماری کی وجہ سے اس کی وفات ہوگئی۔

مخلص کا شمار ہندوستانی فارسی ادب کے صف اوّل کے شعراء ومصنفین میں کیا جاتا ہے۔اس کی سراج الدین علی خان آرزو سے بہت قریبی دوستی تھی۔وہ ۱۷۲۰ء میں عبدالقادر دہلوی کی وفات کے بعد وہ آرزو سے اصلاح لیتا تھا۔مخلص نے نثر و نظم دونوں میں اپنی گرانقدر کتابیں یادگار چھوڑی ہیں۔اس کی منثور کتابوں میں ''مراۃ الاصطلاح، بدائع وقائع اور انشائے آنندرام وغیرہ قابل ذکر ہیں۔نظم میں چمنستان،گلدستہ اسرار، پری خانہ، کارنامۂ عشق، ہنگامۂ عشق، مجموعۂ یادداشت، دیوان مخلص، رباعیات مخلص، مثنویات مخلص اور انتخاب تحفۂ سامی شامل ہیں۔

چونکہ اس مقالہ کا مرکزی موضوع مخلص کی فارسی شاعری میں صوفیانہ افکار ونظریات کا جائزہ پیش کرنا ہے۔اس لئے غیر ضروری گفتگو سے پرہیز کرتے ہوئے۔سیدھے موضوع کی طرف رجوع کرنا ہی بہتر ہے۔

آنندرام مخلص کے کلام کی نمایاں خصوصیات تغزل اور عاشقانہ مضامین ہیں۔ان کے کلام میں معشوق بسا اوقات مرد ہوتا ہے۔جس کے لئے وہ سبز، دستار گل اور گوشۂ دستار وغیرہ جیسی تشبیہات استعمال کرتا ہے۔باوجود اس کے کہ مخلص عاطفی وتخلیلی ذوق رکھتا ہے۔اس کے اشعار میں تغزل کے عناصر ملتے ہیں۔جبکہ وہ خود ہندو دھرم کا پیروکار تھا لیکن اس کی شاعری میں اسلامی عقائد اور صوفیانہ افکار کی طرف رجحان دکھائی دیتا ہے۔شاید اس کی وجہ متاخرین کے کلام وآثار کا مطالعہ اور دلچسپی ہوسکتی ہے چونکہ ان کا کلام اسی مکتبۂ فکر سے وابستہ ہے۔اس کے علاوہ فارسی زبان کے عظیم متصوفانہ شاعر مرزا

عبدالقادر بیدلؔ دہلوی کی نشست و برخاست اور شاگردی نے بھی مخلص کو متاثر کیا ہوگا۔ جو وہ گاہ بہ گاہ اس طرح کے شعر کہہ دیتا تھا۔حتیٰ کے اس کے منثور آثار بھی اسلامی عقائد سے خالی نہیں ہیں۔

وہ ''مراۃ الاصطلاح'' کے مقدمہ میں خداوند رحمان ورحیم کے آگے سر تسلیم خم کرتے ہوئے لکھتا ہے:

" ربنا در مقامی که کرّ و بیان ملاء اعلا باوجود سرودن زمزۂ حمد به گونا گون لغت اعتراف به قصور نمایند "مخلص"بی زبان را چه قدرت که لب به سخن گشاید و در محلی که ساکنان عرش معلی با وصف ترنّم ترانۂ ثنا به رنگا رنگ اصلاح جاده ی عجز پیمایند ، این هیچ مدان را چه جرأت که بساط گفتگو آراید-این جا پشت دست بر زمین گذاشتن خوش نماتر است از گردن دعوا بر افراشتن، زیرا که : جز عجز چه در بساط مشت خاك است" (مخلص-۱:۲۰۱۶)

وہ دیگر فارسی شعراء کی طرح غزلیات اور رباعیات میں بھی یاد خدا سے اپنے کلام کا آغاز کرتا ہے ؎

الهی آب و رنگ شور بلبل ده بیانم را
زبرگ لاله قدری خون چکان، تر کن زبانم را

☆

ای در گه ی تو قبله ی نسیم کرمت
افضال عمیمت همه جا شامل ما
صد شکر به تصدیق نسیم کرمت
گردید به رنگ غنچه حل مشکل ما

مخلصؔ نظام الدین اولیاؒء اور خواجہ معین الدینؒ چشتی جیسے صوفیاء اور بزرگان دین کا ذکر خیر کرتا ہے اور خاک غیاث پور (موجودہ نظام بستی دہلی کا علاقہ) کو''ضیاء بخش چشم'' خیال کرتا ہے۔جیسا کہ اس نے خود اپنے اشعار میں کہا ہے ؎

خاك غیاث پور كه بخشد مرا ضیای چشم
كحل الجواهری است مرا از برای چشم
سلطان نظام ملت و دین آن كه تا ابد
حاصل شود زخاك درش كیمیا ی چشم

خورشید دیده سود بر آن آستان و گفت

صد شکر حاصل است کنون مدعای چشم

نالیده ام ز بس به مزار معطرش

خوش بو چو نرگس است مرا پرده های چشم

مخلص روم به دیده من این ره از آن که هست

هر ذره خاک در گه او توتیای چشم

مخلصؔ نے جن صوفیانہ اور اسلامی عقائد کا اپنے اشعار میں ذکر کیا ہے۔ان میں رحمت وعفو الٰہی ، جایگاہ دل، فقر و لذات دنیوی کی تئیں حقارت، استغنا، خیر وخدمت خلق قابل ذکر ہیں۔

لطف خداوندی:

خداوند کریم کی رحمت بندوں کے حال پر بے شمار ولامحدود ہے۔صوفیانہ شاعری میں لطف خداوندی جو کہ صفات رحیمی وکریمی ہیں، کی طرف بارہا اشارہ کیا گیا ہے ۔ہمارے صوفیاء نے خدا کی اپنے بندوں پر رحمت کو لامحدود مانا ہے اور مخلصؔ بھی خدا کے فضل کو بے حد تسلیم کرتا ہے اور اس کی فضل وکرم کے تئیں پر امید ہے ۔

بر امید فضل خاص او که کارش رحمت است

می برم مخلص زدنیا مشت عصیانی و بس

☆

مخلص آن مصروف عصیان روز و شب

تکیه بر آمرزش یاری زده

☆

لطف صاحب بر سر گستاخی آرد بنده را

عفو او در اصل باشد باعث تقصیر ما

☆

چون شود مخلص بینم عفو جرم بی حدم

کار رحمت با گنه کاری چو من افتاده است

☆

مخلص اندیشه مکن رب کریم
از سر جرم تو در می گذرد

☆

به عصیان گرچه عموم صرف گردید
هنوز از فضل حق امیدوارم

جایگاہ دل:

صوفیاء نے دل انسانی کو خدا شناسی کا بہترین ذریعہ جاتا ہے اور انسانی تن کی جایگاہ معنوی اور نظر گاہ و خانہ خدا قرار دیا ہے۔ مولانا روم اپنی مثنوی معنوی میں ''دل مؤمن'' کو ''جایگاہ یگانہ'' تسلیم کرتے ہیں، جہاں حق تعالی بستا ہے ؎

گفت پیغمبرؐ که حق فرموده است
من نگنجم هیچ در بالا و پشت
درزمین و آسمان و عمر نیز
من نگنجم این یقین دان ای عزیز
درد مؤمن بگنجم ای عجب
گر مرا جوی در آن دل ها طلب

(مولانا، مثنوی،ا:۱۳۸۶/۲۶۶۵۳)

مولانا روم اپنی غزلیات میں معشوق حقیقی کی تلاش قبلہ و کعبہ کے بجائے دل میں کرتے ہیں۔ حضرت خواجہ عبد اللہ انصاری نے بھی دل کو خدائے تعالی کی نظر گاہ تسلیم کیا ہے۔ مخلصؔ بھی مولانا رومی کی طرح معشوق حقیقی کو کعبہ دل تصور کرتا ہے ؎

آن چه خلق از کعبه جوید من ز منزل یافتم
حضرت حق را درون پرده ی دل یافتم

فقر:

فقر صوفیاء کے لئے ایک مرحلہ رہا ہے اور لغت میں اس کے معنی نیاز مندی و احتیاج کے ہیں لیکن صوفیاء کی نظر میں دست درازی، حق تعالی سے اور بے نیازی غیر اللہ سے ہے۔ صوفیاء کا عقیدہ ہے کہ فقیر وہ ہے جو تمام تعین و وابستگیوں سے مستغنٰی ہو۔ اور صرف خدا سے ہی امید رکھتا ہو۔ اگر کوئی معرفت الٰہی تک رسائی حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ

دنیوی و مادی وسائل سے مکمل طور پر کنارہ کش ہو جائے اور ہر قسم کی مادیت اور دنیوی تعلقات کو پس پشت ڈال دے۔وہ متاع دنیوی کو ایک حجاب تصور کرتے ہیں جو محبوب حقیقی سے دوری کا سبب ہے۔صوفی شاعروں نے فقر کی تعریف میں بے شمار اشعار کہے ہیں۔حافظ شیرازی،خدا سے دولت فقر مانگتا ہے اور اس کو اپنی حشمت و تمکنت کا باعث گردانتا ہے ؎

آن چه خلق از کعبه جوید من ز منزل یافتم
حضرت حق را دوزن پیرده ی دل یافتم

استغنا:

استغنا بھی سیر و سلوک کا ایک مرحلہ ہے۔جس کو سالک طریق حق ماسوا اللہ کے بے نیازی تک رسائی کے لئے ،اس کو اپنے خود کے وجود میں محسوس کرتا ہے۔مخلص نے اپنی شاعری میں دنیا کی بے اعتباری و قلندری کی طرف اشارہ کیا ہے۔اپنے آپ کو ایک قلندر کی حیثیت سے یاد کیا ہے۔وہ اسی آلودہ معاشرت اور زمانہ پرست لوگوں سے گریز کرتا ہے اور خدا سے استغنا طلب کرتا ہے۔اس کا یقین ہے کہ استغنا اس کو بجز خدا کے ہر چیز سے بے نیاز کر دے گا۔

مخلص نے خود کو صرف اس خالق حقیقی اور غنی مطلق کا محتاج مانا ہے اور دعویٰ پیش کرتا ہے کہ مخلوق تو خود فقیر ہے ۔اس سے کوئی امید رکھنا درست نہیں ہے۔وہ آزادی،استغنا اور علو طبع جو آدمی کی اخلاقی و روحانی شخصیت کی علامت ہیں، پرزور دیتا ہے۔اور کہتا ہے کہ اپنے لب حاجت کو سوائے اپنے پروردگار کے کسی اور کے سامنے نہ کھولو۔

پیش هم چو خود مخلوق ،لب به حاجتی مگشا
آنچه آرزو داری از خدا تمنا کن

☆

اعتبار ی پیش او دنیا و مافی ہا نداشت
مخلص از حالش خبر دارم قلندر بوده است

☆

بهر دنیا سماجت دونان
شیوه ی مخلص قلندر نیست

☆

مردم دنیا سماجت خواه و من نازك مزاج
ای خدا فضلی كه استغنا به فریادم رسد

☆

بہ فضیلت بگو تا دهد داد فضل

تو یار ب کریمی و مخلص گدا

خیر وامداد:

سب کی مدد کرنا اعلیٰ ترین انسانی قدر اور عظیم ترین اسلامی تعلیم ہے۔اسلامی تصوف کا ایک اہم ترین سماجی عنصر خدمت خلق،حسن اخلاق،ایثار وفدا کاری،انسانی کمال معرفت کی علامت ہے۔اللہ تعالی نے قران مجید کی سورہ بقرہ میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے۔انسانی دوستی کی فکر اور دقیق اخلاقی نکات اور آداب اجتماعی کو ہندوستانی مکتب فکر کی خصوصیت شمار کیا جاتا ہے۔مخلصؔ کے اشعار میں یہ ہی مضامین دیکھائی دیتے ہیں۔جن میں اکثر انفرادی اور اجتماعی تعلقات کی اصلاح پر توجہ مذکور کی گئی ہے۔

آن گونہ بزی کہ ذکر خیرت

بر صفحہ ی روزگار باشد

☆

خیر و یاری است مرد را لازم

شر مخلص همیشہ تب دارد

☆

حاصل کلام یہ کہ مخلصؔ کے فارسی کلام میں صوفیانہ رنگ واضح ہے اور اسطرح نمایاں ہے کہ کوئی یہ فرق نہیں محسوس کرسکتا کہ یہ کلام کسی غیر مسلم شاعر کا ہے۔

☆☆☆

محمد سالم
ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی
جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

صادق ہدایت کی نظر میں ایرانی معاشرہ میں عورت کی حیثیت

افسانوی ادب کا جائزہ لیتے وقت ہمیں اس بات کا علم ہوتا ہے کہ داستانیں ہر معاشرے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ایران میں مختصر افسانہ نگاری کا عہد محمد علی جمالزادہ کے ایک افسانوی مجموعہ 'یکی بود یکی نبود' سے شروع ہوتا ہے اور صادق ہدایت کے اولین مختصر افسانوں سے اپنے عروج پر پہنچ جاتا ہے۔ ہدایت ایران کے افسانوی ادب میں وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے صحیح معنوں میں افسانہ نویسی کی بنیاد رکھی۔ اگر چہ افسانہ نگاری میں جمالزادہ کو شرف اوّلیت حاصل ہے لیکن افسانہ نگاری کو اوج کمال تک پہنچانے کا شرف صادق ہدایت کو حاصل ہے۔

صادق ہدایت 17 فروری 1903ء میں ایران کے دارالحکومت تہران کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ دارالفنون سے ابتدائی تعلیم کے حصول کے بعد تہران ہی کے سن لوئی مدرسہ سے فرانسوی زبان سیکھی۔(۱) بیس سال کی عمر میں مزید تعلیم کے لئے فرانس چلے گئے۔ اس طرح انھیں یورپ میں پہلی عالمی جنگ کے تباہ کن اثرات اور اس کے نتیجے میں پیش آنے والی ادبی تبدیلیوں کا بہ غور مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ صادق ہدایت کے والد اعتضاد الملک قاچاری حکومت میں اہم عہدوں پر فائز تھے چنانچہ جب ایران کی حکومت قاچاری خاندان سے پہلوی خاندان میں منتقل ہوئی تو صادق ہدایت کی سماجی ساکھ بھی متاثر ہوئی اور وہ اچانک اشرافی طبقے سے متوسط طبقے کے فرد بن گئے۔ اس بنا پر ان کی ہمدردی اور وابستگی سماج کے نچلے طبقات سے گہری ہوتی گئی اور ان کی تمام تحریروں کا محور بھی انہی طبقات کی مشکلات کا بیان ٹھہرا۔ طبقاتی تبدیلی کی وجہ سے صادق ہدایت ذاتی زندگی میں بھی تضادات کا شکار تھے۔

ادبی اصناف میں داستانیں، افسانے اور ناول دراصل انسانی زندگی کو نئے نئے اقدار سے روشناس کراتے ہیں۔ بیسویں صدی کا پہلا نصف اول عالمی سطح پر تمدّن کی شکست و ریخت کا زمانہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس زمانے میں پیش آنے والی دو عالمی جنگوں نے انسانی جان کی وقعت کو یکسر ختم کر کے رکھ دیا تھا۔ انسانی تہذیب دم توڑتی نظر آرہی تھی۔ دنیا بھر میں انارکی اور مایوسی نے ڈیرے ڈال رکھے تھے۔ ایسے ناگفتہ بہ حالات کا عکس اُس دور کے ادب میں بھی واضح دکھائی دیتا ہے۔ ایسے حالات میں صادق ہدایت نے ایک طرف یورپ کی ادبی حقیقت نگاری [Realism] کی تحریک سے

متاثر ہوکر جدید فارسی ادب میں حقیقت نگاری کی بنیاد رکھی تو دوسری جانب قنوطیت اس کے ناولوں کا لازمی جز قرار پایا۔یہی وجہ ہے کہ ان کی تمام داستانیں، ناول اور ڈرامے عام آدمی کے روز مرہ کے مسائل ومشکلات کے گرد گھومتی نظر آتی ہیں۔ سماج کی تلخ حقائق پر مبنی تصویر کشی صادق ہدایت کے ناولوں کا خاصہ ہے۔ایک ایرانی ناقد شاپور جورکش اپنی کتاب 'زندگی، عشق ومرگ از دیدگاہ صادق ہدایت' میں لکھتے ہیں:

داستانهای هدایت هر کدام حامل پیام و مضمونی هستند که آنان را با فرهنگ و آداب و رسوم این مرز و بوم پیوند می دهد. (۲)

ترجمہ: ہدایت کی تمام کہانیاں کوئی نہ کوئی پیغام اور موضوع رکھتی ہیں جو انہیں اس سرحد کی ثقافت اور رسم ورواج سے جوڑتی ہے۔

چنانچہ ایران کے معاصر افسانوی ادب میں بہت سارے ایسے افسانہ نویس دیکھنے کو ملتے ہیں جنھوں نے اپنے زمانے کی ضرورت کے پیش نظر معاشرے کے اجتماعی ماحول کو سامنے رکھ کر انھیں الفاظ کے سانچے میں ڈھالا ہے جس سے ہمیں معاشرے کے اصلی رجحانات کا پتہ چلتا ہے۔انقلاب مشروطیت کے زمانہ (۱۹۰۵تا۱۹۱۱ء) میں بہت عمدہ ادبی آثار وتصانیف لکھی گئیں۔ان میں معاشرتی ناول بھی شامل ہیں ان ناولوں میں فقر وتنگدستی، بے روزگاری، محرومیت اور تہذیب کی کمی جیسے موضوع بکثرت پائے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ عورتوں کے مسائل جو کہ اس وقت ایرانی عورتوں کو درپیش تھے جیسے گھروں سے نکلنا، لباس کی پابندی، تعلیم سے دوری اور آزادی نسواں کا مسئلہ بھی اس عہد کے اجتماعی ناولوں میں دکھائی دیتا ہے۔اس دور میں جو معاشرتی ناول لکھے گئے ہیں ان میں زیادہ تر عورتوں کی ذلت آمیز حالت کو واضح طور سے پیش کیا گیا ہے۔

ہدایت نے اپنی بعض کہانیوں میں ایرانی عورتوں کی قسمت اور خاندان اور معاشرے میں اس کی محرومیوں کا ذکر کیا ہے، بطور مثال چند کہانیاں جیسے: "حاجی مراد"، "زنی کہ مردش را گم کرد یعنی وہ عورت جس نے اپنے شوہر کو کھو دیا"، "تجلی"، "حاجی آغا" اور "آبجی خانم۔" وغیرہ وغیرہ۔ان میں سے حاجی مراد ایسی کہانی ہے جس میں حاجی اپنی بیوی کو گھر سے باہر نہیں نکلنے دیتا ہے اور جب اسے لگتا ہے کہ اس کی بیوی اس کی اجازت کے بغیر باہر آئی ہوئی ہے تو اسے تھپڑ مارتے ہوئے پوچھتا ہے کہ وہ باہر کیوں آئی؟:

"در کوچه زن مشهدی صراف را با زن خود اشتباه گرفت از اینکه بدون اجازه به کوچه آمده بود به او سیلی زد." (۳)

اس سے عورت کی قید وبند کی زندگی اور وغلامی کی حالت زیادہ واضح نظر آتی ہے۔ہدایت کی دیگر تصانیف کا

ماحصل بھی مردوں کے اقتدار سے ضدیت ہے وہ اپنی بیشتر کہانیوں اور ناولوں میں اس بات کو بخوبی دکھاتے ہیں جیسے افسانہ 'آفرینش'، 'ولنگاری'، 'توپ مرواری' اور 'حاجی آقا' کے افسانوں میں پدرسالاری سے ضدیت کا موضوع اچھی طرح سے پایا جاتا ہے۔

ہدایت نے اپنی زیادہ تر کہانیوں میں ایرانی عورتوں کی مظلومی، بےبسی اور اجتماعی استحصال کو موضوع بنایا ہے۔ اس کے علاوہ تنوع، تکنیک، نوع انسان سے ہمدردی، وطن پرستی، یاًس وقنوطیت، مذہب سے دوری یہ ایسے موضوعات ہیں جو ہدایت کی کہانیوں میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ ان کی کہانیوں میں جنسی مسائل اور اس جیسے معاشرتی مسائل سے متعلق موضوعات اردگرد گھومتے نظر آتے ہیں۔(۴)

ہدایت نے داستان 'طلب آمرزش یعنی معافی مانگنا' میں عورت کے سماجی تحفظ کے فقدان کو بیان کیا ہے اور اسی طرح داستان 'زنی کہ مردش راگم کرد' میں اداسی، غمگینی اور بےبسی کو اجاگر کیا ہے۔

> "چون زرین کلاه گمان می کرد هر زنی که گل ببو را ببیند طاقت نمی آورد، خودش را می بازد، و ممکن است خیلی زود شوهرش را زندان از دستش بیرون بیاورند۔" (۵)

ترجمہ: چوں کہ 'زرین کلاہ' کا خیال تھا کہ ہر وہ عورت جو 'گل ببو' کو دیکھے گی وہ برداشت نہیں کر پائے گی اور اپنے ہواس کھودے گی، اور ہوسکتا ہے کہ اس کے شوہر کو بہت جلد جیل سے نکالا جائے۔

اسی طرح مردوں کے ہاتھوں عورتوں کے اجتماعی حقوق کی پامالی کا ذکر صادق ہدایت نے اپنی کہاں 'حاجی آقا' میں کچھ اس طرح سے بیان کیا ہے:

> "اما موضوع زنهایش جدی بود۔ بیلان زندگی حاجی آقا عبارت بود از شش زن طلاق گرفته و چهار زن که سرشان را خورده بود و هفت زن دیگر که در قید حیات بودند و اهل بیت او را تشکیل می دادند۔ زن اولش اقلیم تریاك خورد و مرد، حاجی آقا هم نامردی نکرد و همه دارائیش را بالا کشید۔ یکی از پشت بام پرت شد و آخری هم حلیمه از دل درد کهنه مرد۔" (۶)

ترجمہ: بہرحال ان کی بیویوں کا معاملہ سنگین تھا۔ حاجی آغا کی زندگی کی کارکردگی کا میزان چھ طلاق شدہ خواتین پر مشتمل تھا اور چار عورتیں کہ اس سے عاجز تھیں اور سات دیگر خواتین جو ابھی زندہ تھیں اور اس کا گھر بار سنوارتی تھیں۔ اس

کی پہلی بیوی زہر کھانے کی وجہ سے مرگئی، حاجی آغا نے نافرمانی نہیں کی اور اپنی تمام جائیداد اٹھالی۔ ان میں سے ایک کو چھت سے پھینک دیا گیا اور دوسری حلیمہ دل کی تکلیف کی وجہ سے چل بسی۔

فارسی ادب کی تاریخ کے مختلف مراحل میں شعراء اور ادیبوں نے صنف نازک سے متعلق مضامین اور ان کی اہمیت کے بارے میں بلند پایہ مطالب بیان کرتے آئے ہیں۔ ادب کے فن پاروں میں شاید ہی کوئی ایسی تصنیف ہو جس میں خواتین کا ذکر نہ ہو۔ عورتوں کے حسن، عشق، لطافت، نزاکت، مزاج، کردار وغیرکو ہنرمندانہ انداز سے بیان کرنے کے میدان ادب میں شعراء اور ادباء ہمیشہ صف اول میں نظر آئے ہیں۔ لیکن بیسویں صدی کے مشہور فارسی افسانہ نگاروں نے ان کے سماجی اور روزمرہ کے مسائل کو اپنے افسانوں میں بیان کیا ہے۔ فارسی ادب کے متعلق بات کرتے ہوئے جب افسانہ نگاری کا ذکر آتا ہے تو ہمارے ذہن میں بہت سے نام گردش کرتے ہیں مثلاً جمال زادہ، صادق ہدایت، بزرگ علوی، محمد حجازی، علی دشتی، جلال آل احمد، حسین قلی مستعان، صادق چوبک اور نوری وغیرہ وغیرہ۔ لیکن ان سب میں جو شہرت اور مقام صادق ہدایت کو نصیب ہوئی شاید ہی کسی افسانہ نگار کے مقدر میں آئی ہو۔

ہدایت نے یورپ سے واپسی کے بعد ایران میں مختصر قیام کیا مگر مقامی ماحول کی ابتر صورت حال کی وجہ سے ہندوستان منتقل ہو گئے۔ قیام بمبئی کے دوران ہی اپنا معروف ترین ناول بوف کور [The Blind Owl] تحریر کیا۔ ہدایت بنیادی طور پر ایک داستان نویس تھے جس نے حقیقت نگاری [Realism] پر مبنی متعدد داستانوں کے مجموعے تخلیق کیے۔ دراصل ان کی کہانیاں ان کے تخلیقی ذہن کا منہ بولتا ثبوت ہیں کیوں کہ انھوں نے ہمیشہ واقعیت کو اہمیت دی اور پوری صداقت سے واقعہ نگاری کی۔ ان میں 'سگ ولگرد' (آوارہ کتا)، 'زندہ بگور'، 'سہ قطرہ خون'، 'حاجی آقا' اور 'آب زندگی' خاص شہرت کے حامل ہیں۔

افسانوں کے علاوہ صادق ہدایت نے ڈرامے اور سفرنامے بھی قلم بند کیے ہیں جن میں ''پروین دختر ساسان'' اور ''اصفہان نصف جہان'' قابل ذکر ہیں۔ صادق ہدایت جدید فارسی ادب میں ایک ممتاز ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ بلند پایہ نقاد بھی تھے۔ ''شیوہ نوین در تحقیق ادبی''، ''شیوہ ہائے نوین در شعر پارسی'' اور ''پیام کافکا'' جیسی کتابیں ان کی ادبی تنقید کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اگر چہ ایران میں صادق ہدایت پر اپنی داستانوں کے ذریعے اخلاقی زوال، زندگی کی بے قدری، پژمردگی، افسردگی، مایوسی اور نہیلزم [Nihilism] پر مبنی افکار و خیالات کی ترویج و اشاعت کا الزم لگایا گیا ہے لیکن ان کی نظر میں ادب تنقید حیات کا درجہ رکھتا ہے۔ اس لیے وہ معاشرے کے اچھے برے حالات کی حقیقی اور عینی تصویر پیش کرنے کو اپنا ادبی فریضہ سمجھتے تھے۔ صادق ہدایت کی اجتماعی و معاشرتی فکر کے بارے میں بزرگ علوی ایک انٹرویو میں کہتے ہیں:

بیشتر مشکل او، مشکل اجتماعی بود. او فکر می کرد که بعد از جنگ شهریور، مشکلات و استبداد در ایران در حال پایان است و استبداد و دیکتاتوری چند هزار سال از ایران خواهد بست. (۷)

ترجمہ: ان کا زیادہ تر مسئلہ سماجی مسئلہ تھا۔ ان کا خیال تھا کہ جنگ شہر یور کے بعد ایران میں مشکلات اور استبداد کا خاتمہ ہوجائے گا اور ہزاروں سال سے چلے آرہے ظلم واستبداد کا خاتمہ ہوجائے گا۔

ہدایت کے ناولوں میں نہیلزم کوٹ کوٹ کر بھرا ہے جس کے اثرات فقط ان کی تحریروں تک محدود نہ رہے بلکہ خودکشی کے ذریعے ان کی اپنی زندگی کے خاتمے کا سبب بھی بنے۔ یہاں ان عوامل کا مختصر بیان مقصود ہے جن کی وجہ سے انھیں فارسی ادب میں قنوطیت کے بانی کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ پہلا عامل گوشہ گیری اور تنہا پسندی تھی جس نے اسے سوشل لائف سے دور کردیا تھا۔ وہ اپنی شہرت سے دور بھاگتا تھا یہاں تک کہ زندگی کے آخری ایام میں کسی کو اپنی تصویر تک اتارنے کی اجازت نہیں دیتا تھا۔

آخرکار ہدایت کو اس بات کا علم ہوا کہ مستقبل بھی ماضی کی طرح تاریک ہے اور روشنی کی کوئی امید نہیں ہے اس لئے وہ خودکشی کے راستے پر گامزن ہوئے، دراصل ان کی کہانیاں ان کے تخلیقی ذہن کا منہ بولتا ثبوت ہیں کیوں کہ انھوں نے ہمیشہ واقعیت کو اہمیت دی اور پوری صداقت سے واقعہ نگاری کی اور انھوں نے اس لحاظ سے لوگوں کی بڑی خدمت کی کیوں کہ انھوں نے ظالم طبقوں کی عوام فریبیوں کی نشان دہی کی اور ایسے ہی مسائل کو اپنے افسانوں کا موضوع بنایا ہے۔

حواشی:

۱۔ چون سبوی تشنہ (تاریخ ادبیات معاصر فارسی)، ص:۱۹۸
۲۔ جورکش، شاپور، 'زندگی، عشق و مرگ از دیدگاہ صادق ہدایت'، ص: ۲۳۰
۳۔ ہدایت، صادق، 'حاجی مراد' از 'زندہ بگور'، ص:۴۱
۴۔ چون سبوی تشنہ (تاریخ ادبیات معاصر فارسی)، ص:۱۹۸۔۱۹۹
۵۔ ہدایت، صادق، 'سایہ روشن'، ص:۶۳
۶۔ ہدایت، صادق، 'حاجی آقا'، ص:۴۹
۷۔ بزرگ علوی در مصاحبہ با شفیع کدکنی، ص:۶۷

حوالہ:

ادبیات داستانی، جمال میر صادقی، چاپ بہمن، تہران، ۱۳۸۲

بزرگ علوی در مصاحبہ با شفیع کدکنی، دنیای سخن، فرو یدین

جمشید مصباحی پور ایرانیان، 'واقعیت اجتماعی و جہان داستان'، نشریہ کتاب ماہ علوم اجتماعی، شمارہ 5، فروردین ۱۳۸۳

حسن عابدینی، صد سال داستان نویسی در ایران، انتشار چشمہ، تہران، ۱۳۷۷

ڈاکٹر ظہور الدین احمد، نیا ایرانی ادب، یونیورسٹی بک ایجنسی، لاہور، ۱۹٦۷

ڈاکٹر فدوی الشکری، واقع گرایی در ادبیات داستانی معاصر ایران، انتشار نگاہ، ۱۳۸٦

ڈاکٹر محمد جعفر یاحقی، چون سبوی تشنہ (تاریخ ادبیات معاصر فارسی)، چاپ دوم، انتشار بہار، ۱۳۷۵

شاپور جورکش 'زندگی، عشق و مرگ از دیدگاہ صادق ہدایت'، چاپ اول، آگہ، تہران، ۱۳۷۷

صادق ہدایت، زندہ بہ گور، نشر جامعہ داران، تہران، ۱۳۸۳

محمد علی سپانلو، داستان نویسی معاصر، آدینہ، ۱۳۷۵

محمد قاسم زادہ، داستان نویسان معاصر ایران، انتشارات ہیرمند، تہران، ۱۳۸۳

ہدایت، صادق، 'سایہ روشن'، انتشار سینا، تہران، ۱۳۳۱

ہدایت، صادق، 'حاجی آقا'، انتشار جاویدان، تہران، ۱۳۸۳

☆☆☆

یاسمین فردوس
ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

دورۂ مملوک کے چند معروف ادباء وشعراء

دہلی سلطنت کی حکمرانی غلاموں کی بادشاہت سے شروع ہوتی ہے۔اور یہ اسلامی مساوات واخوت کا ایک بہت روشن پہلو ہے کہ غلاموں نے بھی سلطنت دہلی پر جلوہ افروز ہوکر اپنے آقاؤں کی طرح کشور کشائی اور جہانبانی کی اور جس تدبر اور ہوشمندی سے جملہ امور سلطنت کو انجام دیا اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کے ان غلاموں کی پرورش و پرداخت ان کے آقا نے اپنے خاندان کے افراد کی طرح کی ہے۔ان غلاموں نے جو تعلیم وتربیت حاصل کی اس سے انکی گوناگوں صلاحیتیں ابھر آئیں اور انکی سوئی ہوئی قسمت جاگ اٹھیں۔اوج واقبال نے بھی بڑھ کر انکے قدم چومے اور انہوں نے ہندوستان کی تاریخ میں ایسے سیاسی، تمدنی اور علمی کارنامے انجام دیے جن پر آج بجا طور پر فخر کیا جا سکتا ہے۔

ہندوستان کی تاریخ میں تیرہویں اور چودھویں صدی فارسی ادب کے لحاظ سے خاص اہمیت کی حامل رہی ہے۔اس دوران یہاں پر سلسلہ مملوک، خلجی اور تغلق کی حکمرانی تھی۔ سلسلہ مملوک 602-689ھ، سلسلہ خلجی 489-730، اور سلسلہ تغلق 720-814 تک انکی حکومت رہی اس دوران فارسی ادب نے بھی خوب ترقی کی اور زبان وادب کو آسمان کی بلندیوں تک پہنچایا۔ حالانکہ میرا موضوع ''دورہ مملوک کے چند معروف ادبا و شعرا'' ہے اس موضوع پر گفتگو کرنے سے پہلے مملوک دور کا مختصر اتعارف پیش کرنا چاہوں گی۔

فتح دہلی کے بعد پہلا سلطان جو سلطنت پر بیٹھا وہ قطب الدین ایبک تھا اس سلطنت کی داغ بیل اسی کے ہاتھوں پڑی تھی حالانکہ اسکا دورۂ حکومت مختصر تھا اور یہ مختصر دور بھی جنگ وجدال کی نذر ہو گیا،لیکن اس کے باوجود بھی اس نے اپنے کردار کی خوبیوں کا اتنا گہرا نقش ذہنوں پر منقش کر دیا کہ صدیوں بعد جب دکن کا ایک مورخ ہندوستان کی تاریخ لکھنے بیٹھا تو اسے اعتراف کرنا پڑا کہ:

> ''تا امروز اهل هند کسی را که در زود و سخاوت ستایش کنند .کل قطب الدین گویند۔۔۔۔ کل زمانه را گویند''۔

ترجمہ: آج تک ہندوستان کے لوگ جس شخص کی جود وسخا کی تعریف کرتے ہیں تو وہ اسے کل قطب الدین کہتے ہیں۔۔

مورخین نے سلطان قطب الدین ایبک کے تین اوصاف کا ذکر خاص طور پر کیا ہے عدل، شجاعت اور سخاوت۔ مولانا بہاء الدین اوشی نے اس کو مخاطب کرتے ہوئے ایک بار کہا۔

ای بخشش تو لك بجهاں آورده نرا كف تو كار بجاں آورده

از رشك كف تو خوں گرفته دل كاں و ز لعل بهانه در میاں آورده (۱)

کردار کی ان خوبیوں نے قطب الدین کو ہندوستان کی تاریخ میں ایک امتیازی شان کا مالک بنادیا ہے۔ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں کہ اس عہد کے ادبا وشعرا کن عظیم صفات کے حامل تھے، کہ جن صفات نے انہیں اوج ترقی بخشی۔

بہاءالدین اوشی:- مولانا بہاءالدین اوشی، اوش سے ہندوستان آئے یہ اپنے زمانے کے مشہور شاعر اور ادیب تھے عوفی نے لباب الالباب میں ان کا ذکر اس انداز کے ساتھ کیا ہے:

''الامام الاجل بہاءالدین محمد الاوشی ایک خوشگوار واعظ، جو اں طبع انشا پرداز اور فصیح لطیفہ پرداز تھے۔ ہمیشہ اپنے آپ کو مخاطب کر کے کہتے تھے کہ ای بہا اوشی تو بہا اوشی (یعنی بہاءالدین تو اوش کی رونق ہے) ان کی نظم پسندیدہ اور خوشنما ہوتی ہیلیکن ان کی نثر نظم سے بہتر تھی اور تمام معاصر فضلاء نے انصاف کے ساتھ اعتراف کیا ہے کہ بدیہہ گوئی میں کوئی ان کا مدمقابل نہ تھا۔''(۲)

بہاءالدین اوشی جب ہندوستان آئے یہاں آ کر وہ ایبک کے دامن دولت سے وابستہ ہوئے اور اس کی شان میں قصائد بھی کہے۔ اپنی خوش گوئی اور فصیح بیانی کی داد لیتے اور اس کے فیض وکرم سے سیراب ہوتے۔ یہاں پر قصائد کے چند اشعار پیش کرونگی جس میں انہوں نے قطب الدین ایبک کی بہادری، فیاضی اور داد دہی کا بیان جس والہانہ انداز سے کیا ہے وہ سلطان وقت کی ذات سے ان کی شیفتگی اور خود سلطان کی علم پروری کی دلیل ہے جو اس طرح ہیں:

ای قطب آسماں که ز سهم و ز باس تو
در روز رزم رستم خونخوار بشکند
از شرم فیض قلزم مواج كف تو
دو وقت بزم بحر گهر باد بشکند
قبطی و آفتاب ز نور تو دام خواست
گر روكى ز تو دل آں یار بشکند
در قدر تو بگرو فلك بر نیامدی
هم كاروبار گنبد دوار بشکند

ناهید گر نه گوید مدح تو در نوا
زخمه اش بوقت زخم بر او تار بشکند
به بوئی خلق تو نتواند صبا بعمد
گر جعد زلف یار یکی تار بشکند
بدهر که بوئی خلق تو روزی گزر کند
او آرزوئی نافته تا تار بشکند (۳)

جیسا کہ ہم پہلے ہی ذکر کر چکے ہیں کہ قطب الدین اپنی فیاضی کی وجہ سے لک بخش مشہور تھا۔مولانا بہاء الدین اوشی نے اس خطاب کے ساتھ بھی قطب الدین کی مدح کی ہے جو اس طرح ہے۔

ای بخشش لك تو در جهان آورده
کانرا کف تو کار بجان آورده
از رشك کف تو خون گرفته دل کان
و ز لعل بهانه درمیان آورده (۴)

ان اشعار کو تمام مؤرخوں نے نقل کیا ہے،عوفی کی کتاب لباب الاباب کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا بہاء الدین ہندوستان سے مراجعت کر کے اپنے وطن اوش چلے گئے اور وہاں وہ شیخ الاسلام کے عہدے پر مامور ہوئے،روز روشن میں ان کی تاریخ وفات 607ھ درج ہے۔

جمال الدین محمد:-قطب الدین ایبک کے ایک دوسرے درباری شاعر کا نام عوفی نے الصدرالاجل،افتخار الملک، افضل العصر جمال الدین محمد بن نصیر لکھا ہے جس کی لیاقت اور قابلیت کا اندازہ ہم عوفی کے اس بیان سے کر سکتے ہیں:

> ”فضل و بزرگی کے فلک پر ایک قطب اور مجد و بزرگواری کے آسمان پر ایک چاند تھا۔اپنے فضائل میں عدیم المثال اور فنون میں بے نظیر،بلاغت و براعت میں تمام معاصروں سے سبقت لے گیا تھا۔ برسوں ملوک جبال کی دولت سے فیض یاب ہوتا رہا۔۔۔اس کے مؤلفات تمام اطراف میں مقبول ہیں۔۔۔مجلس آرائی شہابی اس کی ایک مختصر لیکن بہت مفید تصنیف ہے اس سے اس کے فضل و کمال کا اظہار ہوتا ہے،اس کے اشعار میں لطافت اور فصاحت ہوتی ہے اور دونوں زبان میں اس کے شعر ہیں۔“(۵)

قطب الدین ایبک نے جمال الدین محمد کے علم کی بہت قدر دانی کی اور اس کے التفات شاہانہ سے جمال

الدین محمد کی زندگی عیش وعشرت میں گزری۔عوفی رقم طراز ہے کہ:

''اوازاقبال سلطان سعید باعیش ھمید روزگار گزاشت۔''

جمال الدین محمد نے قطب الدین کی مدح میں جو قصیدے لکھے ہیں وہ اس طرح ہیں:

خداوندا شهی گیتی ستانی
که شاهان جهانش بندگانند
گهی آثار او در هند بینند
گهی فرمان او در روم خوانند
چو خصمان را از باس او یقین شد
هم از هستی خود اندر گمانند
گهی در خدمتش قائم چو تیرانند
گهی نالاں ز بیمش چون گمانند
ندارند از جنایت مجرمان پاك
اگر از رحمت و عفوش برانند

ایک دوسرے قصیدے میں کہتا ہے:

آں مظفر کامگار و آں مؤید نامدار
آن مکرم شهریار و آں مبارك پادشاه
عالی در صدر مسند لشکری در خم زین
آسمانی در قبا و آفتاب در کلاه
فرط عدلش آهو ان را پاسبان خواهد ز شیر
فیض اقبالش ز سنگ خاره رویاند گیاه
چون بقوت پائی قدرت که بر سر کیوان نهاد
گنبد آئینه گون کرد از زبان صبح آه
بر بساط بارگاه و ساخت درگاه اوست
گاه قیصر بار خواه و گاه خاقان داد خواه (۲)

قاضی حمدی الدین:۔ یہ قطب الدین ایبک کے دربار کا نامور شاعر تھا۔عوفی اس کے علمی فضائل اور شاعرانہ کمال کا بہت مداح ہےاوراس کوقدوہ،افاضل عصر ووالی ومتصرف برولایت نظم ونثر کے الفاظ سے یاد کرتا ہےاورلکھتا ہے کہ:

''رسالت و منشآت او دین بلاد مشهور ست و بر زبان هائی فضلاء مذکور ۔'' (۷)

اس رسالت ومنشاات کا نام معلوم نہ ہوسکا البتہ اس کے کلام کے نمونے لباب الالباب میں ہے۔

فخر مدبر:۔اس عہد کے ایک اوراہل قلم جس کا نام فخر مدبر ہے۔فخر مدبر،غزین کے مشہور عالم مولانا ابوالحسن منصور کے فرزند تھے،لاہوراورغزنین کے بیشتر علماء ان کے حلقہ تلامذہ میں شامل تھے۔

''استاد ائمه هر دو حضرت لاهور و غزنی و دیگر قصبات و مراحل کی درمیان دو حضرت بودند و جمله ائمه و قضات و خطباء که دریں مواضع بودند در پیش خدمت او بتعلیم زانو زده اند ۔'' (۸)

خودفخر مدبر کی علمی کاوشوں کا یہ عالم تھا کہ جب تاریخ لکھنے کا ارادہ کیا تو صرف نسب پر ایک ہزار کتابیں مطالعہ کیں۔فخر مدبر نے رسالہ ''بحرالانساب'' لکھ کر سلطان قطب الدین ایبک کی خدمت میں پیش کیا، جس میں رسول کے عہد سے لے کر مؤلف کے زمانہ تک کے 136 شجرے قلم بند ہیں۔اس کے ابتدائی حصے سے قطب الدین کے اوائل زندگی کے حالات اور پھر 602ھ میں تخت نشین ہونے کے بعد تک کے کچھ واقعات معلوم ہوتے ہیں۔

فخر مدبر کے بارے میں ہمیں زیادہ معلومات نہیں ملتیں کچھ کتابوں کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی زندگی زیادہ تر لاہوراور ملتان میں گزری،جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ہندی نژاد تھااور سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں زندہ تھا۔کیونکہ اس نے اپنی کتاب'' آداب الحرب والشجاعۃ'' اسی کے نام سے معنون کی ہے۔سلطان شمس الدین التمش 607ھ میں تخت نشین ہوا۔جبکہ فخر الدین مبارک شاہ المرذوری کی وفات 602ھ میں ہوئی اس لئے ظاہر ہے کہ بحر الانساب کا مصنف جس نے آداب الحرب والشجاع؟ بھی لکھی،مبارک شاہ فخر مدبر ہی ہے نہ کہ مبارک شاہ مرالمرذوری۔

امام صغانی:۔اس عہد کے ایک مشہور عالم ربانی امام رضی الدین ابوالفضائل الحسن صغانی تھے،جن پر آج بھی اسلام کی علمی دنیا کو ناز ہے۔جلال الدین سیوطی نے ان کا نسب نامہ لکھا ہے اس نسب نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت عمر فاروق کی اولاد سے تھے۔ان کے آباءواجداد صاغان یا (صغان) کے رہنے والے تھے۔ابتدائی تعلیم والد بزرگوار سے حاصل کی اور بہت جلدان کا شمار ارباب فضل وکمال میں ہونے لگا اور ایک فقیہ،محدث اور عالم ربانی کی حیثیت سے قدر کی نگاہ سے دیکھے

جانے لگے۔لغت، حدیث اور فقہ میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ان کے علمی عظمت وجلال کو ہر زمانے کے جلیل القدر صلحاو علمانے تسلیم کیا ہے۔علامہ سیوطی کہتے ہیں کہ وہ علم لغت کے علمبر دار تھے۔

ذہبی کا قول ہے کہ علم لغت میں حرف آخر تھے۔شیخ شرف الدین دمیاطی کا بیان ہے کہ وہ لغت اور فقہ وحدیث تینوں فن کے امام تھے۔شعر وسخن کا بھی ذوق تھا،ان کے عربی اشعار کے کچھ نمونے بغیۃ الوعاۃ میں درج ہیں۔ان کی تمام تصانیف میں''مشارق الانوار''بہت مقبول ہوئی۔حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

''اینکتاب حجت است میان من خدائی و اگر حدیثی بر او

مشکل شدی رسول علیه الصلوٰة و السلام را در خواب دیده

وصی کرده۔'' (۹)

امام صغانی کی دوسری تصانیف جنکے نام یہاں درج ہیں:

التکملۃ علی الصحاح،شرح البخاری،الشمس المنیر ۃ فی الحدیث،کشف الحجاب عن احادیث الشہاب،مصباح الدجی فی حدیث المصطفیٰ۔وغیرہ ہیں۔

فن لغت میں جوان کی کتاب ملتی ہیں ان کے نام کچھ اس طرح ہیں۔

العباب الزاخر واللباب الفاخر 20 جلدوں پر مشتمل ہیں)، مجمع البحرین (12 جلدوں پر مشتمل ہیں)، النوادر فی اللغات، التراکیب،الاضداد اور الشوادر فی اللغات وغیرہ۔

امام صغانی کی قدر ہندوستان سے باہر زیادہ ہوئی۔حضرت علامہ سید سلیمان ندوی اپنے مقالہ''ہندوستان میں علم حدیث''میں رقم طراز ہیں کہ ساتویں صدی کے شروع میں''مشارق الانوار'' کے مصنف صغانی نے ہندوستان میں علم حدیث کی روشنی پھیلائی، تاہم یہ روشنی گھر میں کم اور گھر سے باہر زیادہ پھیلی۔

شمس الدین محمد بلخی:- عوفی نے شمس الدین محمد بلخی کے شاعرانہ کمال اور ذاتی اوصاف ومحاسن اور دوست پروری وغیرہ کا خوب ذکر کیا ہے چنانچہ لکھتا ہے:

''وہ ایک ایسا جوان ہے جس کی نظیر چرخ پیر نے نہیں دیکھی ہے اور چکر لگانے والے آسمان نے اس کے جیسا جامع صفات کسی اور کو نہیں پایا۔''(۱۰)

شمس الدین بلخی کو تاج الفضلاء اور مفخر القدماء جیسے القاب سے یاد کیا جاتا ہے۔قباچہ کے دربار میں اس کی شاعری کو اور زیادہ فروغ ہوا اس نے سلطان کی مدح کے قصائد میں اپنی شاعری کا جوہر خوب دکھایا ہے۔اس کا سرپرست اور مولیٰ قباچہ کا وزیر عین الملک بھی تھا۔اس کی مدح میں بھی شمس الدین نے قصیدے لکھے ہیں۔شمس الدین بلخی اعلیٰ درجہ کا

خطاط بھی تھا۔عوفی کا بیان ہے کہ وہ اس فن میں مشہور خطاط ابن البواب اور ابن مقلہ سے بھی بہتر تھا اس کے الفاظ یہ ہیں:

”و خط بدرجه ابن البواب انگشت بر حرف او نتواند نهاد و
ابن مقله دیده از مشاهده دلبران خط او بر نتواند داشت
“(۱۱)

شمس الدین بلخی کے قصائد کے نمونے:-

یوسف کنعان حسنی دود عناب تو هست
سال و ما هم پائمال دست گرگان یافته
در دریای ملاحت صورت زیبائی تو
اشکم اندر عشق خود رنگ مرجان یافته
آب حیوان لعل تست و معجز عیسیٰ خرد
دایم از خاك در دستور گیهان یافته
صاحب جمشید رتبت فخر دنیا عین ملك آنکه
ملك از رائی او تمکین و امکان یافته (۱۲)

فضلی ملتانی: فضلی ملتانی بخارا میں عوفی کے ہم درس اور ہم مکتب تھے یہیں پر دونوں نے امام فخر الدین کی ”جامع الصغیر“ حفظ کی۔ جب مولانا فضلی ملتانی قباچہ کے دامن دولت سے وابستہ ہوئے تو اپنے علم وفضل کی بدولت انہیں ایسا عروج ہوا کہ وہاں کے نامور علماء میں ان کا شمار ہونے لگا۔ یہ اپنے زمانے کے ممتاز شاعر بھی تھے خود قباچہ اس کی شاعری کا قدر دان تھا۔ اس قدر دانی کی وجہ سے ان کو بھی سلطان کی ذات سے گرویدگی تھی۔ چنانچہ اس کی شان میں قصائد بھی لکھے جو اس طرح ہیں:

ای ظفر همدم ترا از تخت بر نا آمده
نامه تائید توانا فتحنامه آمده
ناصر دین خسرو دنیا قباچه شاه شرق
ای مه چتر تو بر گردون مینا آمده
از پئی اعلائی دیں نصر من الله در اجل
بر سر منصور شاهی تو طغرا آمده

مظفر قصرت ز کیوان در گزشته از علو
مسند قدرت بر از عرش معلیٰ آمده
ظلم پیدا فتنه پنهان کرده روی از هیئت
امن سر پوشیده از عدلت بصحرا آمده
گر مثالت فی المثل رفت سوی فغفور چین
بی توقف زد جواب تو اطعنا آمده (۱۳)

ضیاءالدین سنجری:۔ضیاءالدین سنجری بھی اس دور کے ایک ممتاز ومعروف شاعر گزرے ہیں۔ان کوعوفی نے فخر الشعراء لکھا ہے۔یہ اپنے زمانے کا قادرالکلام شاعر تھا۔ضیاء الدین سنجری نے عین الملک کی مداحی کی ہے جس کے بعض اشعار حسب ذیل ہیں۔جن سے قصیدہ نگار کے ممدوح کی فیاضی اور علم دوستی کے ساتھ ان کے کلام کا رنگ اوراس زمانے کی قصیدہ گوئی کے طرز کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔

زین طراوت تا ابد خالی نه بینی باغ را
ز انکه او دولت سرای صاحب دریا عطا ست
خواجه آفاق عین الملك كز تعظيم او
آسمان مرتبت را آفتاب کبریا ست
آصف جمشید رتبت فخر دین و دولت آن
کاستان چرخ سالش سجده جائی اصفیا است
رتبت صدر وزارت جاوداں جاه تو باد
كز ترقى جاه تو پسرائیه عز و بقاست (۱۴)

مولانا منہاج الدین جوزجانی:۔طبقات ناصری کے مؤلف مولانا ابوعمر منہاج الدین عثمان جوزجانی کا علمی اقبال بھی قباچہ کے ہی دربار میں چمکا۔یہ خاندان دراصل غوزگان یا جوزجان کے علاقہ کا رہنے والا تھا شاید اسی وجہ سے اس خاندان کے ہر فرد کے نام کے ساتھ وطنی نسبت جوزجانی لگا ہوتا۔مولانا منہاج کے والد سراج الدین محمد، اعجوبہ الزمان جن کو افصح العجم کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ ان کی ماں سلطان غیاث الدین محمد سام کی بیٹی شہزادی ماہ ملک کی رضائی بہن اور ہم مکتب بھی تھیں وہ شہزادی کے ساتھ فیروزکوہ کے شاہی محل میں رہتی تھیں اور یہیں پر مولانا منہاج الدین 598ھ میں پیدا ہوئے۔اور یہیں پرانہون نے شاہی خاندان کے بچوں کی طرح پرورش پائی چنانچہ وہ خود لکھتے ہیں:

"آن ملکہ جہاں ایں ضعیف را در حجرہ بادشاہی خود چون
فرزندان در پرورش بادشاہانہ داشتہ و شب و روز در صغر سن
در حرم او بود ودر نظر مبارک او تربیت یافتہ". (۱۵)

18 سال کی عمر تک مولانا منہاج الدین فیروز کوہ ہی میں رہے، پھر انہوں نے 613ھ میں سیستان کے دار الخلافت زرنج کی راہ لی۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ غور اور غزنین کی تمام مملکت خوارزم شاہیوں کے زیر نگیں آ گئیں تھیں، مولانا منہاج الدین بست ہوتے ہوئے سیستان کے دار الخلافت پہنچے تو وہاں کے سلطان ملک غازی یمین الدولہ، بہرام شاہ نے ان کا استقبال کیا وہ یہاں پر 7 مہینے تک رہے۔ 642ھ میں عازم ہندوستان ہوئے، غزین ہوتے ہوئے پٹھان کوٹ پہنچے۔ وہاں سے 642ھ کو اوچہ آئے اور پھر ناصر الدین قباچہ کے دربار میں حاضر ہوئے جہاں ان کی بڑی پزیرائی ہوئی۔ اوچہ کا مدرسہ فیروزی ان کے سپرد کیا گیا اور قباچہ کے لڑکے علاء الدین بہرام شاہ کے لشکر کے قاضی بھی مقرر ہوئے۔ یہاں پر ان کو معاشی اور قلبی اطمنان حاصل ہوا بقیہ زندگی انہوں نے یہیں پر گزاری۔

سدید الدین (نور الدین) محمد عوفی:-نور الدین محمد عوفی عین الملک کے گلدستہ علم و ادب کا گل سرسبد تھا۔ وہ مشہور صحابی حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کی اولاد سے تھا سی لئے اپنے نام کے ساتھ عوفی لکھتا تھا۔ عوفی بخارا میں پیدا ہوا ابتدائی تعلیم یہیں پر حاصل کی۔ مزید تحصیل علم کے لئے تقریبا بیس سال تک ماوراء النہر اور خراسان کے مختلف دیار میں زندگی بسر کی، اور یہاں کے علماء، فضلاء اور شعراء سے مستفید ہوتا رہا۔

سدید الدین محمد عوفی 617ھ میں ناصر الدین محمد کے دربار میں "اچہ" پہنچا یہاں اس کو شاہی امام اور واعظ کے عہدے پر فائز کر کے اس کے علم و فضل کی قدردانی کی گئی۔ اس نے یہاں عید الفطر کے موقع پر عربی میں خطبہ دیا جو لباب الالباب ص 115 پر منقول ہے۔ اس نے قاضی ابوعلی الحسن بن علی محمد بن داؤد المتوفی 384ھ کی کتاب "الفرج بعد الشد ?" کا فارسی ترجمہ شروع کیا اور اپنے آقا کے نام سے اس کا انتساب کیا۔ اس انتساب میں اس نے سلطان کے لئے جو القاب استعمال کئے ہیں اس کے ساتھ اس کے احترام و عقیدت کا پتہ چلتا ہے وہ لکھتا ہے:

"قدر فرمان ملك معظم خسرو اعظم مالك رقاب امم مولی
ملوك الرك والعظم ناصر الدنيا و الدين و غياث الاسلام و
المسلمين اعدل الملوك و اكرم السلاطين سلطان ارض الله
ناصر عباد الله حافظ بلاد المؤيد بنصرالله محرر ممالك الدنيا
مظہر العليا ابوالفتح قباچه ۔" (۱۶)

عوفی کی شاہکار کتاب لباب الالباب جو اس نے عین الملک کی سرپرستی میں لکھی تھی۔ جس میں مؤلف نے ابتدائی ۶ صفحات پر اپنے محسن کی مدح و توصیف نثر اور نظم دونوں میں کی ہے ایک قصیدہ میں لکھتا ہے:

مردم دیده نگر چون روح در خور آمده
بارها از زیر موج اشك بر سر آمده
دور بینی بین که چون نزدیك گردد غم بدو
چون عروس شادمان درد رو گوهر آمده
آصف ایام عین الملك فخر الدین که هست
قدر او از مرکز افلاك بر تر آمده
قدوه دوران حسین آن صاحبی کز عز و جاه
ماه را خاك درش اورنگ و افسر آمده (۱۷)

عوفی کی دوسری مشہور تصنیف ''جوامع الحکایات ولوامع الروایات'' ہے جس کو اس نے سلطان ناصرالدین قباچہ کے ہی حکم سے لکھنا شروع کیا تھا مگر ابھی اس کی تکمیل نہیں ہو پائی تھی کہ قباچہ التمش کے ہاتھوں شکست کھا کر دریائے سندھ میں ڈوب کر اپنی جان دے دی۔ عوفی بھی دوسرے فضلا و شعرا کی طرح التمش کے دربار میں چلا گیا اور اس کے وزیر نظام الملک محمد بن آبی سعید الجنیدی کی سرپرستی میں اس نے جوامع الحکایات کو مکمل کر کے اس معارف پرور وزیر کے نام معنون کیا۔ یہ کتاب 4 جلدوں اور 100 ابواب پر مشتمل ہے۔ اس میں 213 حکایتیں ہیں۔ یہ اپنی خصوصیات مثلاً حکایتوں کی رنگارنگی، دل نشینی اور سچائی کی وجہ سے بہت مشہور ہوئی اور بقول سید ہاشمی فرید آبادی:

''اول سے فارسی علم و ادب کی نہایت مقبول و منتخب کتاب مانی گئی ہے۔'' (۱۸)

عوفی کی ایک کتاب ''مدائح السلاطین'' بھی ہے جو غالباً اس قصائد کا مجموعہ ہے۔ عوفی نے ''جوامع الحکایات'' میں نظام الملک کی شان میں بھی بہت سے قطعات اور قصائد لکھے ہیں، ایک قطع کی ابتداء اس طرح کرتا ہے:

آصف ثانی فرخنده نظام الملك آن
کا سمانست پئی خدمت او پشت دو تاه
آن جنیدی نسب و خلق که در راه کرم
اوست بر چند اکابر بر مثل خسرو شاه

عوفی کے بارے میں ہم نے جتنا مطالعہ کیا اس سے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے وہ ایک ممتاز نثار اور ادیب ہونے کے

علاوہ ایک جلیل القدر اور قادر الکلام شاعر بھی تھا۔ اسکی وعظ گوئی، نثر نگاری، سخن سنجی اور پایہ علمی کی داد دیتے ہوئے اس کے معاصر محمد بن عمر بن محمد سمرقندی نے اس کو واعظ الملوک والسلاطین منشی النظم والنثر، ملک الکلام اور افضل العالم کے القاب سے یاد کیا ہے۔

حواشی:

(1) سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات، ص ۵۸۔
(2) بزم مملوکیہ، ص ۹۔
(۳) بزم مملوکیہ، ص ۹، ۱۰۔
(۴) بزم مملوکیہ، ص ۹، ۱۰۔
(۵) بزم مملوکیہ، ص ۴۔
(۶) بزم مملوکیہ، ص ۲۱۔
(۷) سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات، ص ۵۹۔
(۸) بزم مملوکیہ، ص ۲۷۔
(۹) بزم مملوکیہ، ص ۵۳۔
(۱۰) بزم مملوکیہ، ص ۵۳۔
(۱۱) بزم مملوکیہ، ص: 32
(۱۲) بزم مملوکیہ، ص: 36
(۱۳) بزم مملوکیہ، ص ۱۴۔
(۱۴) طبقات ناصری، ۸۲۔
(۱۵) بزم مملوکیہ، ص ۵۴۔
(۱۶) بزم مملوکیہ، ص ۴۷۔
(۱۷) بزم مملوکیہ، ص ۸۴۔

منابع وماخذ:

(۱) سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات، خلیق احمد نظامی، اردو بازار جامع مسجد دہلی۔
(۲) بزم مملوکیہ، سید صباح الدین عبدالرحمن، دارالمصنفین شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ۔

(۳) طبقات ناصری، قاضی منہاج سراج، انجمن تاریخ افغانستان، کابل۔

(۴) تاریخ فرشتہ مترجم، محمد قاسم فرشتہ، مترجم، عبدالحمید خواجہ، ایم اے، مکتبہ ملت دیوبند، یوپی۔

(۵) اخبارالاخیار (اردو)، شیخ عبدالحق محدث دہلوی، مترجمین؛ حضرت علامہ مولانا سبحان محمود صاحب وحضرت علامہ مولانا محمد فاضل صاحب، اردو بازار، لاہور

(۶) تاریخ مشائخ چشت، ج ا، پروفیسر خلیق احمد نظامی، ادارہ ادبیات دہلی، ۱۹۸۰۔

(۷) آب کوثر، شیخ محمد اکرام، فرید بک ڈپو، دہلی ۱۹۲۴ء ۰۔

(۸) موج کوثر، شیخ محمد اکرام، فرید بک ڈپو دہلی، ۱۹۴۲ء ۰۔

(۹) رودکوثر، شیخ محمد اکرام، ادبی دنیا، مٹیا محل دہلی۔

(۱۰) تاریخ فیروزشاہی، شمس سراج عفیف۔

(۱۱) ملتان، ڈاکٹر رفیع الدین احمد کاظمی، نظامی آفسیٹ پرنٹنگ پریس لکھنو۔

(۱۲) جامع تاریخ ہند، محمد حبیب، خلیق احمد نظامی، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان۔

(۱۳) مختصر تاریخ ہند، سید ابوظفر ندوی، معارف پریس، شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ۔

☆☆☆

محمد سعد ظفر
ریسرچ اسکالر، سینٹر فار پرشین اینڈ سینٹرل ایشین سٹڈیز
جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

علم الکتاب میں مباحث تصوف و عرفان (ایک خصوصی مطالعہ)

اٹھارہویں صدی عسوی کی مایہ ناز تصنیف علم الکتاب خواجہ میر درد کے عرفانی تصورات کا وہ استعارہ ہے جس میں ان کی ذہنی پختگی اور بالغ نظری کی واضح علامات دیکھنے کو ملتی ہیں۔ یوں تو یہ کتاب کوئی مستقل تصنیف کے ارادہ سے تالیف نہیں دی گئی بلکہ اس کا مقصد ان رباعیات کی شرح تھا جو خود ان کی ہی موزوں طبیعت اور جولانی فکر کی پروردہ تھیں، جنہیں انہوں نے اپنے برادر حقیقی خواجہ میر اثر کے اصرار وتشویق پر شرح وتفسیر کے ساتھ بیان کیا تاہم اس کتاب کو خواجہ ناصر عندلیب کی بھی تائید وتقریظ حاصل ہے۔ انہوں نے اپنی اس کتاب میں رباعیات کی تشریح وتوضیح کے ضمن میں تصوف و عرفان کے وہ دریا بہائے ہیں جنہیں دیکھ کر عقل ششدر اور فکر متحیر نظر آتی ہے۔ عرفان ذات الٰہی اور معرفت خداوندی کے ان مباحث کو رباعیات کی شرح کے طور پر بیان کیا ہے کہ وہ شرح سے دور ایک مستقل تصنیف کی حیثیت کے طور پر ظاہر ہوتی ہے اور رباعیات کا درجہ ان مباحث کے ضمن میں اتفاقی معلوم پڑنے لگتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے گویا بیان مطالب کے دوران ان رباعیات کو بطور تمثیل ذکر کیا گیا ہو اور وہ اپنی اس کتاب کو کلید قفل توحید ومعرفت قرار دیتے ہیں۔ میر درد نے اپنے اس مسودہ کو **علم الکتاب** سے موسوم کیا گیا ہے اور کبھی کبھی وہ اس رسالے کو **شرح للواردات** اور **ذکر للعالمین** سے بھی یاد کرتے ہیں۔ ان کی اس تالیف کا سنہ ۱۱۷۹ ہجری ہے جو کہ علم الکتاب کے عدد سے مستخرج ہے نیز انہوں نے اپنی کتاب کے تینوں ناموں کو اس کتاب کا سال تصنیف قرار دیا ہے جو بالترتیب (۱۱۷۹، ۱۱۸۰، ۱۱۸۱ ہجری) ہے لیکن درد کی صراحت کے مطابق اصلی نام علم الکتاب ہی ہے جس میں الکتاب کا الف لام جنس واستغراق کا قرار دیا گیا ہے اور فرماتے ہیں کہ اس میں جمیع کتب کا علم مجتمع ہے اور یہ بہت سے مطالب پر حاوی ہے جس سے مراد لوح محفوظ ہے جو کہ درحقیقت ام الکتاب ہے نیز اسے کتاب اللہ اور کتب احادیث کی تفسیر وتاویل قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ نالہ عندلیب جو کہ ناصر عندلیب کی تصنیف ہے، بھی اس میں شامل ہے نیز اس بات کے مدعی ہیں کہ یہ کتاب جملہ علوم ومعارف کا مغز ہے (درد، خواجہ میر: *علم الکتاب*، مطبع انصاری، دہلی، ۱۳۰۸ھ، ص ۸) انہوں نے اپنی اس کتاب میں ۱۱۱ رباعیات کی شرح کی ہے ساتھ ہی انہوں نے اس بات کا بھی التزام کیا ہے کہ ہر وارد میں ایک رباعی کے ساتھ ہی ساتھ ایک دوسری رباعی کو بھی شامل کرتے

ہیں اور وہ اس عدد پر ختم کرنے کی حکمت کو بھی بیان کرتے ہیں کہ ایک سو دس عدد لفظ علی کی موافقت میں تحریر فرمائے ہیں اور اس پر ایک عدد کا اضافہ اس لئے کیا گیا ہے کہ کہا جاتا کہ ان اللہ وتر ویحب الوتر (علم الکتاب، ص ۹۶). ان کا یہ طریقہ کار رہا ہے کہ وہ ہر وارد کی پیشانی پر ھوالناصر، بسم اللہ اور عربی زبان میں ایک پر مغز خطبہ کا اضافہ کیا ہے جس میں پورے وارد کو بطور خلاصہ بیان کرتے ہیں. اس ضمن میں ان کا کہنا ہے کہ کوئی اس بات پر اعتراض نہ کرے کہ ھوالناصر کو بسم اللہ پر مقدم کیوں کیا گیا ہے بلکہ وہ فرماتے ہیں کہ الناصر بھی اسماء خداوندی کے ایک ہزار ایک ناموں میں سے ایک نام ہے اس لئے ایک دوسرے پر تقدم و تاخر کوئی اہمیت نہیں رکھتا اور یہ لفظ ناصر جناب رسول اللہ کے ننیانوے ناموں میں سے بھی ایک نام ہے اور علی رضی اللہ عنہ بھی اس نام سے موسوم ہیں اور فاطمہ زہرا کو بھی ناصرہ کہا جاتا ہے اور یہی نام ان کے والد کا بھی ہے لیکن فرماتے ہیں کہ اس نام کی حقیقی نسبت خدا تعالی کی طرف ہے اس لئے بسم اللہ پر مقدم کرنے سے کوئی اعتراض نہیں آتا. وہ اس بات کی بھی ہدایت کرتے ہیں کہ محررین و کاتبین کو ایسے ہی تحریر کرنا چاہئے ورنہ وہ خسران نعمت و برکات کے مستحق ہونگے۔ (علم الکتاب، ص ۹۵)

علم الکتاب کا موضوع متصوفانہ عناصر کا بیان ہے جسے میر درد **علم الٰہی** سے تعبیر کرتے ہیں اور ان کا یہ دعوی ہیکہ وہ اس کتاب میں انہیں مطالب کو جگہ دیتے ہیں جو شریعت مطہرہ کے عین مطابق ہوں اور جو خرافات و مزخرفات بعد زمانہ کی وجہ سے دین و آئین اسلام میں جگہ پا چکی تھیں ان کو نقد و انتقاد کے ذریعہ بے وقعت گردانتے ہیں اور ان پر بحث و مباحثہ نیز جرح و تعدیل کرتے ہوئے ایک نئے زاویہ کے طور پر پیش کرتے ہیں. اس طرح انہوں نے مشکل مسائل اور فلسفیانہ دقائق کو آسان کر دیا ہے بطور خاص تصوف و عرفان کی ان فرسودہ روایات کو جو عوام کے درمیان غلط طریقے سے رائج ہو گئی تھیں اور اس دور میں انہیں تصوف کے ارکان و اساس شمار کیا جانے لگا تھا. درد نے ان کی خوبیوں اور خرابیوں کو ظاہر کر کے ان کی اصل صورت کو آئینے کی مانند صاف کیا ہے نیز عقائد اسلام میں جو فلسفیانہ عناصر شامل ہو گئے تھے ان کی چھان بین کر کے عقائد کے ان نقائص کی نشان دہی کی ہے جو کسی بھی اعتبار سے غیریت و ثانویت کا شائبہ بھی رکھتے ہوں. وہ اثبات مطالب کے دوران مختلف گروہوں و فرقوں کے نظریات و معتقدات کا بھی ذکر کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ ہی اپنی تائید و اختلاف کو بھی بیان کرتے ہیں اور اختلاف کی صورت میں اپنے موقف کو واضح کر دیتے ہیں اور اگر وہ طریقہ محمدیہ میں اس کو کسی اور تعبیر سے متعارف کراتے ہیں تو اس کی بھی توضیح کر دیتے ہیں غرض کہ ان کی یہ کتاب بہت سے مسائل میں جدت و ندرت کی آپ اپنی مثال ہے، جہاں پر تصوف کی موشگافیاں اور شریعت کی صاف گوئیاں ایک ساتھ مجتمع نظر آتی ہیں. اس کے ساتھ ہی میر درد نے اس بات کا بھی التزام کیا ہے کہ جو لوگ تصوف کو عین اسلام قرار دیکر اس کی جملہ بدعات و اختراعات کو اسلامی روایت سے جوڑنے کی کوشش کرتے ہیں ان کو بھی منہ توڑ جواب دیا جا سکے. اس سلسلے میں درد کا خیال یہ

ہیکہ اگر تصوف شریعت کے موافق اور شانہ بہ شانہ ہے تو اسلام کا جزء ہے اور اگر تصوف اپنے اندر روایات و رسومات، خرافات و مزخرفات کے ساتھ ساتھ اسلام کی بھی حمایت چاہتا ہے تو یہ کسی طور ممکن نہیں بلکہ بعید از قیاس ہے. انھوں نے اپنی کتاب کے موضوع سے متعلق بہت ہی صاف طور پر وضاحت فرما دی ہے تا کہ لوگ اس دھوکے میں نہ رہیں کہ یہ علم الٰہی آخر کس بلا کا نام ہے اسلئے انہوں نے مزید وضاحت فرماتے ہوئے اس کتاب کے موضوع کی وضاحت اس طرح فرمائی ہے.

این علم الکتاب ہمه بیان الہی ست که فوق جمیع علوم ست و این علم مسمی بعلم الالهی المحمدی گردیده لیکن این علم الهی نه آن علم الهی ست که مصطلح حکما ست بلکه درین مقام وحدت الهیه با کسوت محمدیه جمع گردیده و قامت فردیت خلعت جامعیت پوشیده لا اله الا الله محمد الرسول الله.-پس امتیاز علم الهی محمدی از علم این حکما بسبب شمول و جامعیته اوست زیرا که آن علم الهی حکما مقید در قید یك قسم مجردات ست و این علم حق محیط همه موجودات--و هم این علم نه آن علم اصطلاحی صوفیه است که آن را تصوف می خوانند زیرا که این زمان آنچه جاهلان معنی تصوف معروف و مشهور نموده اند و ترهات و مهمله بیمعنی دران افزوده اند محض الحاد ست،،.(علم الکتاب،ص ٦)

تصوف کے سلسلے میں ان کی اپنی رائے کچھ اس طرح ہیکہ تصوف مختلف اصطلاحات و محاورات کے جاننے کا نام ہے ٹھیک اسی طرح جیسے کہ ہم دیگر علوم و فنون کسبیہ مانند نحو و صرف کو کتابوں کے مطالعہ سے حاصل کرتے ہیں. میر درد نے متصوفین کی عام جماعت سے ہٹ کر اپنے ایک الگ موقف کا انتخاب و اظہار کیا ہے کیوں کہ درد کے عہد تک اگر ہم بنظر غائر دیکھیں تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہیکہ متصوفین موٹے طور پر دو عالمی و شہرہ آفاق نظریات میں بٹے ہوئے نظر آتے ہیں. پہلا گروہ طرفداران وحدت الوجود کا ہے جن کے سرخیل شیخ محیٔ الدین ابن العربی ہیں جسے مختصر الفاظ میں ہمہ اوست سے تعبیر کیا جاتا ہے. جس نے پورے عالم اسلام میں ایک منظّم و منضبط تفکیرات کے ذریعہ، اپنے نظریات کی پر کشش و خیرہ کن روشنی سے اس قدر متاثر کر دیا کہ صدیاں گزرنے کے بعد بھی کسی کے لئے اس کے خلاف لب کشائی کی گنجائش نہیں چھوڑی. درد نے اس کے نقائص کو بھی بیان کیا ہے اور فرماتے ہیں کہ طرفداران وحدت وجود واجب و ممکن کو

ایک دوسرے کا عین شمار کرتے ہیں اور یہ عبد ومعبود کے درمیان کوئی فرق نہیں کرتے ہیں اور عینیت وغیریت کو آپس میں ملا دیتے ہیں اور اسی سبب سے یہ شطحیات گوئی میں ملوث ہوکر بے ادبی کے مرتکب ہوتے ہیں باوجود یکہ عبدیت کو رسالت پر کلمہ اشہدان لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ میں مقدم رکھا گیا ہے۔ دوسرا گروہ حامیان وحدت شہود کا ہے جس کے پیشرو شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی ہیں۔ انہوں نے جب اپنی تجدیدی سرگرمیوں کا آغاز کیا تو ان کو ابتدائی ایام میں ہی اس کے نقائص کا اندازہ ہو گیا تھا اس لئے اس کے مقابل ایک دوسرا نظریہ پیش کیا جو وحدت شہود کے نام سے جانا گیا۔ اور ہمہ اوست کے بجائے ہمہ از اوست سے تعبیر کیا گیا۔ اگرچہ مجدد الف ثانی نے وحدت وجود کو یکسر مسترد نہیں کیا بلکہ انہوں نے اس نظریے کو راہ تصوف وعرفان کی ابتدائی منزل قرار دیا۔ ان کے خیال کے مطابق اگر سالک وحدت وجود کی منزل پر پہونچ کر خود کو عروج کی آخری منزل تصور کرتا ہے تو وہ خسران مراتب کا حقدار ہے وہ اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ وحدت وجود بھی عرفانیات کی منازل میں سے ایک منزل ہے مگر یہ ابتدائی منزل ہے اس راہ کی اور بھی منازل ہیں ان میں سے ایک منزل وحدت شہود کی بھی ہے جو یقینی طور پر وحدت وجود سے اعلی وارفع ہے اور یہ وحدت الوجود کی منزل کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ خواجہ میر درد کے نزدیک یہ دونوں ہی فلسفہ ونظریات مقصود اسلام نہیں بلکہ کشف وجذب کی حالت زار کا نتیجہ ہیں اور حقیقت حال سے ان کا کوئی واسطہ نہیں ہے بلکہ جذبہ شوق ومستی اور کشف ومراقبہ کی حالت بے حالی کا نتیجہ ہیں جو فلسفہ وکلام کی مدد سے اسلامی تفکیرات کا حصہ بن گئی ہیں۔ اسی لئے میر درد خود کو اور طریقہ محمدیہ کے متبعین کو ان بے نتیجہ مباحث سے دور رکھا ہے اور ان دونوں نظریات کو تعلیمات اسلام کے منافی تصور کرتے ہیں اور کسی ایک نظریہ سے پابندی کے ساتھ منسلک ہونے کو عیب تصور کرتے ہیں ان کا ماننا ہے کہ عقیدہ وہی صحیح ہے جو قرآن وحدیث کی تعلیمات کے عین مطابق اور موافق ہو۔

میر درد چونکہ نقشبندیہ سلسلے سے بھی کہیں نہ کہیں مربوط تھے اس لئے انہوں نے وحدت شہود کی تائید بھی کی ہے مگر یہ توثیق کورانہ تقلید نہیں بلکہ ان کے موقف کے عین موافق اور قرآن وسنت کی موئد ہے اور ان کا مشورہ ہیکہ اہل سلوک کو چاہئے عوام کے مابین ہمہ اوست کے مسائل کے بیان سے احتراز کریں بلکہ اس کی جگہ ہمہ از وست کے مطالب کو بیان کریں تاکہ ہر خاص وعام استفادہ کرسکیں کیوں کہ وحدت وجود کے مطالب سے اخص الخواص کے علاوہ کوئی بھی صراط مستقیم پر ثابت قدم نہیں رہ سکتا ہے۔ میر درد نے وجودی وشہودی متبعین کے لئے چار درجے متعین کئے ہیں اول وہ لوگ ہیں جو توحید وجودی وشہودی کو تو جانتے ہیں اور دل میں ماسوی ذات واحد کے کسی کو اپنا حامی وناصر نہیں سمجھتے اور بھلے ہی وہ تفصیل سے نہ جانتا ہو اسے اولیاء کی فہرست میں شامل کیا جائیگا لیکن چونکہ وہ اس علم کے رموز واسرار کو نہیں جانتا اس لئے اسے محققین کے زمرے میں نہیں رکھا ہے۔ دوسرا وہ ہے جو ان علوم کی آشنائی تو رکھتا ہو مگر دل میں ماسوی ذات واحد بھی شریک

کرتا ہو تو وہ محققین و مقلدین کے زمرے میں تو شمار کیا جائے گا مگر ولی نہیں ہے. لیکن تیسرا وہ شخص جو شریعت سے سروکار ہی نہ رکھتا ہو اور اوٹ پٹانگ باتیں کرتا ہو وہ ملحد ہے اسے مقلد بھی نہیں کہا جائیگا اور چوتھا وہ ہے جو اس علم کی مصطلحات کو بھی جانتا ہو اور اپنے اندر محبت خدا تعالی بھی رکھتا ہو اس کو ولی کامل کہا جائیگا. (ص ۱۸۵)

وہ شطحیات صوفیہ کے حوالے سے بھی بات کرتے ہیں اور انانیت صوفیا اور نفسانیت جہلا کے مابین فرق کو بھی واضح کرتے ہیں. درد کے نزدیک شطحیات کا اہم فیکٹر سکر و مستی، وجد و تواجد ہے اور وہ کہتے ہیں کہ جس وقت صوفی ابتدائی و طفولیت کے مرحلے سے باہر آتا ہے اور سلوک کے درمیانی مراحل میں پہونچتا ہے جو کہ جوانی، عروج و غلبہ سکر کا وقت ہوتا ہے اس وقت سالک کے قلب پر جو واردات القاء ہوتے ہیں ان کو بیان کرنے لگ جاتا ہے جیسا کہ مثل مشہور ہے کہ من عرف الله طال لسانه لیکن جب سالک پختہ خیال اور پختہ مشق ہو جاتا ہے تب جو کچھ بھی اس پر القاء ہوتا ہے اسے اپنے سینے میں دفن رکھتا ہے اور زبان پر نہیں لاتا اور اس کا بیان معتدل ہو جاتا ہے:

> چون بکهولت می رسند یعنی شروع معاملات نزول می شود کلام ایشان بحد اعتدال می آید و از شطحیات باز می ماند و چون به شیخوخت می رسند و دائره عروج و نزول تمام می گردد سکوت اختیار می کنند و بی ضرورت سخن نمی گویند که من عرف الله کل لسانه. (ص ۱۲۷)

خواجہ میر درد نے اس پوری کتاب میں طریقہ محمدیہ کے بہت سے اصول و مبانی بیان کئے ہیں. طریقہ محمدیہ جو کہ نقشبندیہ مجددیہ سے نکلی ہوئی ایک شاخ ہے جس کے موسس خواجہ ناصر عندلیب (۲۵ شعبان ۱۱۰۵ھ مطابق ۱۶۹۱ء) ہیں علم الکتاب کے مطابق وہ سات دنوں تک حضرت حسن علیہ السلام کی خدمت سے فیضیاب ہوتے رہے جنھوں نے ان کو ایک مخصوص طریقے کی تعلیم دی اور ان کی برکت و تعلیمات سے ان کا دل بہت سے انوار سے منور ہوا. جب تعلیمات سے فراغت حاصل کی تو ناصر عندلیب نے اس بات کی اجازت چاہی کہ ان دنوں جس طریقے کی تعلیم انہیں دی گئی ہے اس لئے وہ چاہتے ہیں کہ اس طریقے کا نام طریقہ حسنی رکھیں تاکہ تعلیمی مناسبت بھی حاصل ہو جائے مگر حضرت حسن علیہ السلام نے منع فرمایا کہ ہم سب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار اور ان کی لائی ہوئی شریعت کے خوشہ چین ہیں، ہمارا اوڑھنا بچھونا سب کچھ رسول اللہ کی اطاعت و فرماں برداری پر موقوف ہے اس لئے اگر نام رکھنا ہی ہے تو اسی ذات بابرکت کے نام پر نام رکھو تاکہ نسبت تامہ حاصل ہو جائے. اسی لئے اس طریقہ کا نام طریقہ محمدیہ رکھا گیا. اس کے ساتھ ہی حسن علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا چونکہ رسم دنیا ہے کہ پہلے سالک کسی شیخ کامل اور پیر طریقت کی معیت و صحبت نیز شاگردی مین رہ کر آداب و

رسومات تصوف سیکھتا ہے اور مراتب تصوف وعرفان کی آگہی حاصل کرتا ہے اس کے بعد وہ مسند نشینی اختیار کرتا ہے اسلئے تم بھی کسی شیخ کامل اور پیر طریقت کی صحبت اختیار کرو. چنانچہ ناصر عندلیب دہلی کی مشہور ومعروف شخصیت سعد اللہ شاہ گلشن کی خدمت میں بیعت کے لئے حاضر ہوئے مگر انہوں نے معذرت ظاہر کی اور شیخ عبدالاحد وحدت کی خدمت میں جانے کا مشورہ دیا اور کہا کہ میں نے آج تک ان جیسا صوفی باصفا نہیں دیکھا اس لئے تمہارے لئے وہ مناسب ہیں اور اگر چاہنا تو گاہ گاہ میرے پاس بھی آتے رہنا.

میر درد نے اپنی اس کتاب میں اسی طریقہ محمدیہ کے متعلق بہت سے طریقے، خصائص، اوراد و وظائف بیان کئے ہیں نیز اس طریقے کے بہت سے ایسے اصول وتعلیمات جو دیگر سلاسل سے جداگانہ ہیں. اس کے ساتھ ہی انہوں نے کتاب میں جابجا اس سلسلے کی برتری وفوقیت، عظمت ورفعت اور اس کی انفرادیت وامتیاز کے ساتھ اس سلسلے کو دیگر تمام سلاسل پر فوقیت دی ہے اور سلسلہ محمدیہ کو دیگر تمام سلسلوں کا متمم وخاتم بتایا ہے جیسے کہ انسان کی خلقت اگر چہ تمام مخلوقات کے بعد ہوئی مگر وہ تمام خلائق سے افضل وبرتر ہے نیز جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اگر چہ تمام انبیاء ورسل سے بعد میں مبعوث ہوئے مگر ختم نبوت ورسالت اور افضلیت کا سہرا آنجناب کے سر پر ہی ہے ٹھیک اسی طرح یہ طریقہ بھی اگر چہ تمام طرق سے بعد میں آیا ہے مگر سب سے افضل ومتمم جملہ سلاسل ہے. جابجا اس سلسلہ کے فضائل کتاب میں بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں. ان میں سے چند اس طرح ہیں.

شرک خفی: محمدیوں کے نزدیک کفر طریقت بھی شرک خفی شمار کیا جاتا ہے یعنی شراکت نفسانیت اور مداخلت انانیت اور اس متحدہ ملت میں تفرقہ ڈالنا بھی شرک خفی ہے. محمدئین شطحیات صوفیا کو بھی شرک خفی کے زمرے میں رکھتے ہیں.
ہفتاد و دو ملت: میر درد صوفیا کے متعدد طرق کو بھی شرک خفی شمار کرتے ہیں اور ان کے نزدیک حدیث میں جو بہتر فرقوں کے بارے میں آیا ہے اس سے مراد صوفیہ کے مختلف گروہ ہیں. (علم الکتاب، ص ۸۸) **احترام جملہ سلاسل:** محمدیوں کے نزدیک یہ لازمی ہے کہ سارے سلاسل کو حق پر جانیں اگر چہ بعض کو بعض پر فضیلت حاصل ہے ٹھیک ایسے ہی جیسے بعض انبیاء کو بعض پر فضیلت حاصل ہے. **فضیلت طریقہ محمدیہ:** میر درد طریقہ محمدیہ کو تمام طرق پر افضلیت دیتے ہیں اور اسے سارے طریقوں کا متمم وخاتم تصور کرتے ہیں. **امیر المحمدئین:** میر درد فرماتے ہیں کہ محمدی جس وقت فنائیت کے درجے پر پہونچ جائیں اس وقت ان کو شطحیات سے دور رہنا چاہئے اور خدا تعالی کے رازوں کو افشاء کرنے سے خود کو بچانا چاہئے جو شخص خدا کے رازوں کی حفاظت کر سکتا ہو وہی محمدیوں کی امارت کا مستحق ہے. **ذکر محمدئین:** محمدیوں کے یہاں بہترین ذکر تلاوت قرآن مجید اور مطالعہ حدیث ہے نیز ان کے نکات کو سمجھنا بھی اس میں شامل ہے. **نالہ عندلیب:** نالہ عندلیب کا مطالعہ بھی محمدئین کے یہاں اہمیت کا حامل ہے. **گناہ وتوبہ:** محمدی گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے اس طریقے سے خارج نہیں ہوتا بلکہ وہ توبہ کرے لیکن مکرم

محمدی وہی ہے جوسب سے زیادہ متقی ہو **نور وظلمت**: محمدیوں کا یہ ماننا ہے کہ خدا کی ذات کے لئے لفظ وجود کا اطلاق نہ قرآن میں کیا گیا ہے نہ حدیث میں اس لئے یہ لوگ وجود کی جگہ لفظ نور کو استعمال کرتے ہیں اور اس سے مراد وجود لیتے ہیں چونکہ دونوں کی تعریف ایک ہی ہے۔(ظاہر بنفسہ ومظہر بغیرہ)اور جیسے، وجود کے مقابل عدم آتا ہے اسی طرح نور کے مقابلہ میں ظلمت آتا ہے۔ **حقیقت محمدیہ**: محمدی حقیقت محمدیہ کو نوراول سے تعبیر کرتے ہیں۔اس کے علاوہ بھی بہت سے اصول بیان کئے ہیں مگر یہاں پر بطور نمونہ اسی پر اکتفا کیا جارہا ہے۔

اس کتاب کے مطالب بیان کرنے کے دوران وہ دیگر ارباب فن کا بھی ذکر کرتے ہیں اور مذاہب معروفہ فلسفہ و کلام ،منطق وحکمت کے نظریات کو بھی پیش کرتے ہیں اور اس دوران اگران کو کہیں پر کچھ کلام ہوتا ہے تو وہ اسے بھی بیان کر دیتے ہیں۔مطالب کتاب کو بیان کرنے کے دوران وہ قرآن وحدیث سے استدلال کو ترجیح دیتے ہیں اور تشریح وتوضیح کے ساتھ ساتھ اہم نکات کی نشان دہی کر کے اس کی معنی خیزی ومعنی آفرینی کا بھی ذکر نہایت ہی خوبصورتی سے کرتے ہیں۔دوران کلام اگر مذاہب تصوف پر بات شروع کرتے ہیں تو تمام مشارب تصوف کے احترام کے ساتھ ہی ان کی روش کا بھی بیان کردیتے ہیں مگر قادریہ سلسلہ سے ان کو بہت انسیت ہے چونکہ ان کا مادری سلسلہ نسب عبدالقادر جیلانی سے ملتا ہے اس لئے اس کی تعریف وتوصیف بھی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں لیکن وہ سب پر نقشبندیہ سلسلہ کو فوقیت دیتے ہیں شاید اس کی وجہ ان کی بہاءالدین نقشبند سے جدی نسبت ہو یا پھر ان کے والد کا نقشبندی مجددی سلسلے سے بیعت ہونے کی وجہ سے کیوں کہ وہ خواجہ نقشبند ومجدد الف ثانی کے اقوال کو اپنی کتاب میں جا بجا نقل کرکے ان سے قلبی ارتباط کو ظاہر کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔اس تصنیف سے ان کی عربی وفارسی دانی نیز دونوں زبانوں پر قدرت وصلاحیت کا بھی علم ہوتا ہے کیوں کہ انہوں نے اس کتاب میں کوئی ایسا موقع نہیں چھوڑا جہاں اپنی عربی دانی کا ثبوت نہ دیا ہو۔استدلال کے وقت وہ سب سے زیادہ قرآن کو ترجیح دیتے ہوئے نظر آتے ہیں پھر حدیث کا سہارہ لیکر وہ اپنے بیان کو آگے بڑھاتے ہیں اور ان سے نئے نئے استنباط کرتے ہوئے تمام مباحث کو تکمیل تک پہونچاتے ہیں۔درد کی یہ کتاب واقعی اپنے عہد میں نہ عبارت کی شگفتگی کے اعتبار سے اور نہ ہی معنی کی لطافت کے اعتبار سے اپنا ثانی نہیں رکھتی۔علم الکتاب عرفانی مطالب کے بیان سے پر ہے اس کے علاوہ سکر وصحو کا بھی ذکر کیا ہے اور اخلاقیات کے بہت سے موضوعات کی طرف اشارہ کیا ہے جو کہ تصوف کے باب میں نکتہ پرکار کی حیثیت رکھتے ہیں اور رویت وتجلی خداوندی کو بھی بیان کیا گیا ہے ۔فنا و بقا،قبض و بسط ،رسالت و ولایت ،حقیقت کشف وکرامت ،خلوت وجلوت ،فوائد تنہائی وفوائد خاموشی وغیرہ کا ذکر بہت ہی تفصیل سے کیا گیا ہے۔ان کے بیان میں جدت وندرت اور گفتگو میں متانت وسنجیدگی ہے اسی لئے انہوں نے اپنی اس کتاب میں نہایت ہی اہم موضوعات پر بحث کی ہے اور ان مشکل وادق مسائل کو زیر بحث لائے ہیں جن کی طرف خواص علماء بھی بہت مشکل سے رخ

کرتے ہیں حالانکہ ان کے مباحث پہلے بھی مورد بحث رہ چکے ہیں مگر انہوں نے ان قدیم موضوعات کو ہی اپنی بحث کا حصہ بنا کر ترقی دینے کی کوشش کی ہے اور اس کتاب میں انہوں نے اپنی ان تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے ہیں جو ان کے دیگر رسائل میں نظر نہیں آتے۔ علم الکتاب اٹھارہویں صدی عیسوی میں لکھی گئی عام کتب سے جداگانہ اور اپنی جدت بیان و ندرت مضامین کے سبب تمام معاصر کتب پر فوقیت رکھتی ہے۔ یہ تصنیف اپنے عہد کی ان تصانیف میں شامل ہے جو تصوف و عرفان کے باب میں نہایت ہی اہم اضافہ تصور کیا جا سکتا ہے کیونکہ اٹھارہویں صدی عیسوی تصوف وعرفان کے لحاظ سے مادیت پرستی کی روز افزوں ابداعات و بدعات کی آمد کا آغاز ہے اور تصوف وعرفان کے عہد شباب کے خاتمے کی ابتداء۔ اس کتاب کے مطالب ومضامین اسلامی اقدار و روایات کی پاسدار اور غیر اسلامی روایات کی نشان دہی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں اور یہ کتاب خالص اسلامی معاملات کو ان ملاوٹوں سے پاک کرتی ہے جو مرور زمانہ کی وجہ سے اسلامی روایات کا لباس زیب تن کئے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہی وجہ ہیکہ کتاب اپنے مطالب کو بیان کرتے وقت باوجود سادگی بیان و سادہ نویسی کی کوشش کے اس روایت کو برقرار رکھنے میں قاصر ہے بلکہ وہ اپنے مطالب کے بیان کرنے میں اس وقت اور بھی قاصر نظر آتی ہے جب وہ عقائد اور فلسفیانہ مضامین کا ذکر کرتے ہیں وہاں پر درد کی سادہ نویسی مغلق، گنجلک، ثقیل ومشکل ہو جاتی ہے اور عربی و فلسفیانہ اصطلاحات کے کثرت استعمال کی وجہ سے بعض مقامات پر اگر معنی کی پاسداری کی جاتی ہے تو عبارت مغلق ہو جاتی ہے اور اگر الفاظ کا خیال رکھا جاتا ہے تو معنی مغلق ہو جاتے ہیں۔ تاہم اگر عربی کی مداخلت اور صنعت اقتباس کو نظر انداز کر دیا جائے تو درد کی عبارت کو سادہ نویسی سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ ان کی یہ کتاب ان کی کاوشوں کی بین دلیل ہے جس میں ان کی تمامتر صلاحیتیں ابھر کر سامنے آتی ہیں۔ تصوف کے باب میں یہ کتاب بے نظیر اور جدت وندرت کے ابواب کو وا کرتی ہے۔ جہاں نہ روایتی تصوف سے ہمدردی ہے اور نہ ہی اس پر اندھی تقلید کی گنجائش نظر آتی ہے۔

☆☆☆

محمد رضا اظہری
ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

فارسی ادب میں بلگرام کی شاعری کا حصہ (۱۵۰۰ء سے ۱۷۰۰ء تک)

حرف آغاز؛

بلگرام کی ادبی تاریخ بلگرام کی سیاسی تاریخ سے آغاز ہوتی ہے. بلگرام سے متعلق کچھ کتابیں کہتی ہیں کہ بلگرام کی سیاسی تاریخ محمود غزنوی کے دور سے شروع ہوتی ہے۔ ۱۸۹۱ء گزیٹیر کہتا ہے: ''یہ قدیم قصبہ بھیل گرام تھا. سلطان محمود کے حملہ تک کوئی اہمیت نہیں حاصل کر سکا تھا. ۱۰۱۸ء میں قنوج پر حملے کے وقت قنوج سے ۱۱ میل شمال وجنوب میں آباد اس قصبے پر اہم مورخوں اور مراۃ مسعودی کے مصنف نے روشنی ڈالی. اس کا مطلب یہ نہیں کہ بلگرام محمود غزنوی سے پہلے تھا ہی نہیں ،تھا اور قطعی طور پر تھا، تب اس کی حیثیت شری نگر کی تھی اور ہندو راجہ شری راج کرتا تھا. بلگرام میں سب سے پہلے ادبی تحریک جو ملتی ہے وہ ۱۰۱۳ء کی ہے جب قاضی محمد یوسف گاژرونی بلگرام کے حاکم شرع مقرر کیئے گئے، جب اسلامی فوج کے حملے کی تاب نہ لا کر راجہ شری فرار ہوا اور اس کا بھائی مسلمان ہوگیا اور اس کا نام مختار دین رکھا گیا. یہ دو شعری تخلیقات ہندی شاعری کی صنف ''بروا'' میں لکھی گئی ہیں. پہلا بروا قاضی یوسف کی شان میں ہے جو حسب ذیل ہے۔

اشتر سال بیری بنواس
اندھکار کا جئے جگ جوت
لوبھی ماتھے گج آنکس

دوسرا بروا جو راجہ شری کے بھائی مسلمان ہونے اور اس کا نام مختار دین رکھنے پر کہا گیا تھا۔

رن بیٹھ گا جے سبھا بیٹھ باجے
جو کوئی دین اسلام کو نا چھاجے
تا پر مختار دین کا تازیانہ باجے

بہر حال غزنوی دور سے ہمایون کے دور تک بلگرام کی ادبی سرگرمیوں پر کوئی روشنی نہیں پڑتی. ہاں بلگرام کا جونپور سلطنت کا تابع ہونا اور محمود شاہ شرقی کے ذریعہ بلگرام کی جامع مسجد کی مرمت کرانا اور خط کوفی میں کتبات کا جامع مسجد میں لگا ہونا اور بلگرام کے عہدۂ قضا کے متعلق بابر کے فرمان جاری ہونے کے تو شواہد موجود ہیں مگر ادب کے میدان میں کیا

ہوا تاریخ خاموش ہے یا میری کوتاہ نظر وہاں تک پہونچ نہیں سکی ہے.

بلگرام کے سیاسی اور ادبی عروج کا دور ایک اتفاقی واقعہ سے شروع ہوتا ہے جب حسب ذیل ہے: ''جب شیر شاہ سوری سے شکست کھا کر ہمایون بلگرام سے گزرا تو اس نے شیخ سلیمان کے دروازے پر رُک کر پینے کے لئے پانی مانگا. شیخ سلیمان گھر کے اندر پانی لینے گئے تو شیخ سلیمان کی بیوی نے پوچھا کہ کس کے لئے پانی لے جا رہے ہو؟ تو شیخ سلیمان نے بتایا کہ ایک مسافر ہے گھوڑے پر سوار ہے پینے کے لئے پانی مانگ رہا ہے تو بیوی نے کہا کہ خالی پانی مت لے جاؤ نہ جانے کب کا بھوکا پیاسہ ہو! گھر میں باسی روٹیاں رکھی ہوئی تھیں اور بیوی کوفتے پکا رہی تھیں بیوی نے کوفتے اور باسی روٹیاں باہر بھیج دیں. مسافر نے گھوڑے پر بیٹھے بیٹھے روٹی کھائی اور پانی پیا اور چلتے وقت اپنے ہاتھ کی انگوٹھی اتار کر شیخ سلیمان کو دے دی اور کہا تم اگر سننا کہ ہمایون بادشاہ ہوا ہے تو تم یہ انگوٹھی لے کر دہلی آنا. یہ واقعہ بے حد مستند ہے. اس کو انگریز، ہندو، مسلمان مورخوں نے اپنی تاریخ کی کتابوں میں جگہ دی ہے. شیخ سلیمان کی قسمت کی یاوری کہئے یا ہمایون کی بلند قبالی کہئے یا بلگرام کی قسمت میں چار چاند لگنا کہئے کہ ہمایون دوبارہ بادشاہ ہوا اور شیخ سلیمان انگوٹھی لے کر دہلی پہونچ گئے. ہمایون نے شیخ سلیمان کو پہچان لیا اور شیخ سلیمان کو دربار میں معزز مقام عطا کیا اور ان کی خواہش پوچھی. انھوں نے نہ کوئی عہدہ چاہا نہ جاگیر چاہی نہ دولت وثروت کے طلبگار ہوئے. درخواست گزار ہوئے تو اس بات کی کہ میرا ایک بھانجہ (نظام) ہے اسے شہزادہ اکبر کے ساتھ تعلیم دلوادی جائے. درخواست قبول ہوئی. یہی شیخ نظام بعد میں مشہور شاعر شیخ نظام ضمیری ہوئے اور یہیں سے بلگرام اور بلگرامیوں کے لئے دولت، عزت اور وقار کے دروازے کھل گئے اور بلگرامیوں نے مغلوں کے دربار میں اور ان کی سلطنت میں اعلی اور ارفع مقام اور عہدے حاصل کئے. شیخ نظام ضمیری کے اکبر بادشاہ کے ہم سبق ہونے کے اثرات بلگرام کی سیاست پر تو بہت گہرے پڑے مگر شعر وادب کو بہت فروغ ہوا. سچ پوچھئے تو بلگرام کی باقاعدہ ادبی تاریخ یہیں سے شروع ہوتی ہوئی. خود ضمیری نے ۱۵۰۰/اشعار کا فارسی دیوان چھوڑا.

سبع سنابل کے مصنف میر عبدالواحد بلگرامی اکبر کے دربار میں پہونچے اور اپنی شاعری کی بدولت اکبر کے نور نظر ہوئے اور ۵۰۰/بیگھہ اراضی برائے کفالت انعام میں پائی. ہندی کے شاعر شاہ محمد بلگرامی نے دربار اکبری میں محترم مقام حاصل کیا. اس کے علاوہ میر عبدالجلیل بلگرامی جو اورنگ زیب کی حکومت میں سندھ میں وقائع نگار اور بخشی تھے اپنے قلم کے خوب خوب جوہر دکھائے. فارسی، ہندی اور ترکی زبانوں میں بہت سی تخلیقات کیں. انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں بلگرام نے بہت مقتدر ادیب اور شاعر پیدا کئے. غالب کے شاگروں میں غلام حسنین قدر اور سید فرزند احمد صفیر بلگرامی نے اردو ادب کو گرانقدر سرمایہ دیا. سید اولاد حید رفوق بلگرامی، سید اولاد حسین شاداں بلگرامی نے اردو ادب کے خزانے میں قابل فخر اضافہ کیا. سید علی بلگرامی نے فرانسیسی زبان سے اردو میں ترجمہ کر کے دو لازوال کتابیں تمدن ہند اور

تمدن عرب اردو زبان کو عطا کیں؛ بلگرامی اتنی کتابیں لکھ رہے تھے کہ ان کو اپنی کتابیں چھاپنے کے لئے پریس قائم کرنا پڑے۔صفیر بلگرامی کا نورالانوار پریس (آرا بہار) سید محمد محسن بلگرامی کا مطبع ہزار داستان (آرا) مقبول حسن وصل بلگرامی کا مطبع مقبول (ہردوئی) واحد علی کا مطبع اشرف الاخبار (لکھنؤ) اور بشیر احمد انصاری بلگرامی کا مطبع بشیر المطابع بلگرام ،بلگرامیوں کی کتابیں شائع کر رہے تھے۔عبداللہ بلگرامی اور قدر بلگرامی نول کشور پریس لکھنو میں ملازمت کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی کتابوں کی اشاعت بھی کر رہے تھے اور دوسرے بلگرامیوں کی کتابیں بھی چھاپ رہے تھے۔

بلگرامیوں نے صرف شاعری ہی نہیں کی بلکہ ادب کی ہر صنف میں طبع آزمائی کی اور سرخیل بنے:

فارسی و اردو غزل گوئی: غلام علی آزاد بلگرامی، ناطق بلگرامی، طوطا رام عاصی، قدر بلگرامی، صفیر بلگرامی، فوق بلگرامی، شاداں بلگرامی، جوہر بلگرامی وغیرہ۔

ہندی شاعری: میر عبدالجلیل بلگرامی، غلام علی آزاد بلگرامی، سید مبارک، سید نظام الدین مدھنا یک، برکت اللہ پیمی، سید غلام نبی رسلین، سید محمد عارف خان۔

مرثیہ نگاری: قدر بلگرامی، صفیر بلگرامی، شوکت بلگرامی، اویس بلگرامی، ذکی بلگرامی، خواتین مرثیہ نگاروں میں حجاب بلگرامی، ذاکرہ بلگرامی۔

تاریخ گوئی: میر عبدالجلیل بلگرامی، غلام علی آزاد بلگرامی، قدر بلگرامی، ضمیر بلگرامی، شاداں بلگرامی، فوق بلگرامی، غلام حیدر ارشد بلگرامی، منشی محمد محمود حمد بلگرامی، راز بلگرامی، ڈاکٹر رفیق بلگرامی۔

لغت نویسی: سید مرتضی بلگرامی، قاضی اوحدالدین بلگرامی، شاداں بلگرامی، ماسٹر منی لال بلگرامی۔

صرف ونحو: میر عبداللہ بلگرامی، منشی ظہیر الدین بلگرامی، صفیر بلگرامی، قدر بلگرامی۔

علم موسیقی: میر مدنا ئک (نادچندریکا)

تذکرہ نویسی: غلام علی آزاد بلگرامی، قاضی اوحدالدین بلگرامی، سید شریف بلگرامی، سید محمد شاعر بلگرامی، واصل بلگرامی، صفیر بلگرامی۔

تاریخ نویسی: غلام علی آزاد بلگرامی، ہثین بلگرامی، صفیر بلگرامی، منشی محمد محمود حمد بلگرامی، سید علی بہادر سرصوبہ، سید علی اصغر بلگرامی، قاضی شریف الحسن بلگرامی۔

سفرنامے: سید علی اصغر بلگرامی، چودھری وصی الحسن بلگرامی، توکل حسین انگر بلگرامی، سید مرتضی حسین بلگرامی۔

افسانہ نگاری: ڈاکٹر ذکیہ بلگرامی، عطیہ پروین بلگرامی، ڈاکٹر رفقت بلگرامی۔

بلگرام کے کچھ فارسی گوشعرا جنھوں نے اپنے نام کے علاوہ اس خطے کے نام پر بھی چار چاند لگا دیئے معرف

حضور ہیں:

۱۔میر سید عبدالواحد بلگرامی (شاہدی بلگرامی): میر سید عبدالواحد متخلص بہ شاہدی حسینی واسطی بلگرامی ہیں مخدوم شیخ صفی الدین سائے پوری کے ہاتھوں بیعت کیا اور خود شیخ حسین سکندرہ کے خلفائے ممتاز میں سے تھے اور ایک طویل مدت تک مسند ارشاد پر بھی جلوہ افروز ہوئے تھے .ان کی تصانیف میں ''سنابل''،''حل شبہات'' اور ''شرح کافیہ ابن حاجب'' قابل ذکر کارنامے ہیں.غزل میں خواجہ حافظ شیرازی کی پیروی کرتے تھے.۱۰۱۷ھ میں آپ کی وفات واقع ہوئی.ان کا فارسی دیوان موجود ہے.جس میں غزل کی ایک دنیا رواں ہے.مختصراً نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

ز گریہ خانہ مردم خراب خواہم کرد
خیال غیر تو نقش بر آب خواہم کرد
کوتہ چہ کنم قصۂ زلف تو دراز است
بورا نتوان بست درین نافہ کہ باز است
دانی کہ خوش نویسی ما از برای چیست
ماییم واسطی و قلم نیز واسطی است

۲۔میر عبدالجلیل بلگرامی: بلگرام کی شہرت کو جن لوگوں نے چار چاند لگائے ان میں علامہ میر عبدالجلیل بلگرامی کا نام سر فہرست ہے .میر عبدالجلیل ۲رجون ۱۶۶۱ء کو بلگرام کے محلّہ میدان پورہ میں پیدا ہوئے.آپ کے والد گرامی کا نام میر احمد تھا .میر جلیل کی پرورش بلگرام میں ہوئی.آپ کو ابتدائی تعلیم میر عبداللہ بلگرامی نے دی.آخر میں شیخ غلام نقش بندی لکھنوی سے تکملہ تعلیم کی حدیث کی سند سید مبارک محدث بلگرامی سے حاصل کی.علامہ غلام علی آزاد بلگرامی نے میر عبدالجلیل کی مناسبت امیر خسرو سے کی ہے.امیر خسرو نے دہلی کے سات سلاطین کا دور دیکھا تھا،میر جلیل بھی دہلی کے ساتھ بادشاہوں کی خدمت میں رہے.اورنگ زیب،۲۔شاہ عالم۳۔جہاندار شاہ۴۔محمد فرخ سیر۵۔رفیع الدرجات ۶۔شاہ جہان ثانی ۷۔مرادشاہ.

میر جلیل کی شادی بلگرام کے سید مرتضیٰ ابن سید فیروز ابن میر عبدالواحد بلگرامی یعنی سبع سنابل کے مصنف کی پرپوتی سے ہوئی تھی.میر جلیل کے ایک صاحبزادے تھے جن کا نام سید محمد تھا جو شاعر تخلص فرماتے تھے.میر جلیل کی ایک بیٹی کی شادی سید نوح کے ساتھ ہوئی تھی جو غلام علی آزاد بلگرامی کے والد گرامی تھے.میر جلیل کا انتقال ۷ردسمبر ۱۷۲۵ء کو دہلی میں ہوا اور آپ کی وصیت کے مطابق آپ کی نعش بلگرام لائی گئی اور اپنے والد محترم سید احمد کی قبر کے پاس باغ محمود میں دفن کی گئی .میر جلیل کو عربی،فارسی،ہندی اور ترکی زبانوں پر کمال حاصل تھا.اس کے علاوہ موسیقی سے خصوصی لگاؤ تھا.آپ نے فن موسیقی کا بہت عمیق مطالعہ کیا تھا.آپ نے اپنی ''مثنوی درعروسی فرخ سیر'' میں ہندی راگوں پر بہت تفصیل سے روشنی ڈالی

ہے.آپ کی مثنوی ''امواج الخیال'' جو آپ نے بلگرام کی تعریف میں لکھی ہے کے چند اشعار بہ طور نمونہ پیش ہیں۔

آب و گل من کہ فیض عام است
از خطۂ پاک بلگرام است
از عشق سرشت ایزد پاک
از روز ازل خمیر این خاک
چون موسم برشگال آید
حسنش بہ حد کمال آید

۳۔نواب روح الامین خان: آپ بلگرام کے عثمانی قاضی خاندان سے تعلق رکھتے تھے.آپ عربی فارسی اور ہندی زبانوں پر قادر تھے.کچھ دنوں کے لئے آپ اودھ کے کارگزار گورنر بھی رہے.جب آپ کی عمر ۷۰ رسال کی تھی تب آپ نے صحیح بخاری اور صحیح مسلم اپنے ہاتھ سے لکھ کر اس پر حاشیہ لکھا تھا.آپ نے ایک کتاب عقل کل کے نام سے لکھی ہے.آپ نادر شاہ کے ساتھ ہندوستانیوں سے ہونے والی جنگ میں شہر کرنال کے پاس ۱۵ رذیقعدہ ۱۱۵۱ھ میں شہید ہوئے.آپ نثر نگاری کے ساتھ ساتھ شاعری بھی کرتے تھے آپ کی ایک رباعی نمونہ کے طور پر پیش ہے۔

در سایہ مژگان رخ یارست ببینید
آسایش گل در تہ خارست ببینید
ہر اشك کہ گل کرد ز نوك مژگان
منصور صفت بر سرِ دارست ببینید

۴۔سید نوازش علی فقیر بلگرامی: سید نوازش علی فقیر بلگرامی سید عظمت اللہ بی خبر بلگرامی کے صاحبزادے تھے.آپ بلگرام میں ۱۶۸۵ء میں پیدا ہوئے.آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم سید العارفین سید لطف اللہ بلگرامی عرف شاہ لدھا سے حاصل کی.آپ بہت سادہ مزاج اور فقیر منش آدمی تھے.آپ کو ادب سے بہت گہرا لگاؤ تھا اور آپ خود شاعر بھی تھے.آپ نے ایک کتاب ''سلاسل انوار فی سیر الابرار'' لکھی ہے.اس کتاب میں بلگرام کے حالات لکھے ہیں.سید نوازش علی فارسی میں ہی شاعری کرتے تھے.آپ کا انتقال ۱۷۵۴ء میں ہوا اور بلگرام میں شاہ لدھا کی مزار کے بغل میں دفن ہوئے۔

گرچہ بہ چشم فقیر از دام سعی مال و جاہ
احتیاج آب و نان آخر شکارم کردہ است
خاك گردیدیم و از ما آہ سردی برنخاست

خانۂ هستی زپا افتاد گردی برنخاست
در حضور شمع جان بی صرفه می سازد نثار
از نژاد عشق چون پروانه مردی برنخاست

۵۔سید محمد شاعر: آپ علامہ عبدالجلیل بلگرامی کے صاحب زادے ہیں.آپ نے اپنی تعلیم اپنے والد محترم میر جلیل اور بلگرام کے میر محمد طفیل بلگرامی سے حاصل کی تھی.آپ بھی اپنے والد گرامی کی طرح نہایت قابل شخص تھے.۲۱ے۱ء میں آپ اپنے والد کے مقام پر بھکھر (سندھ) کے وقائع نگار اور بخشی مقرر ہوئے.۲۵ے۱ء میں جب نادر شاہ نے سیوستان پر فتح حاصل کی تب بھی آپ اپنے عہدے پر برقرار رہے بعد میں نادر شاہیوں کے ہنگامہ کی وجہ سے ۳۲ے۱ء میں آپ نے اپنے عہدے سے استعفادے دیا اور بلگرام واپس آگئے.

آپ نے ایک کتاب فارسی میں تبصرۃ الناظرین فارسی زبان میں روزنامچہ کی شکل میں لکھی تھی جو بلگرام کی تاریخ دانی میں بہت اہم مقام رکھتی ہے.سید محمد شاعر عربی،فارسی اور ہندی زبانوں میں اعلی قابلیت رکھتے تھے.آپ تینوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے.آپ کے والد نے آپ کو جو خط لکھے تھے آپ نے ان خطوط پر اپنے نوٹ لکھ کر انھیں ''رقعات جلیل'' کے نام سے شائع کیا.اس مجموعہ میں ۲۲ خط شامل ہیں.آپ کا انتقال ۱۲ نومبر ۱ے ے۱ء کو بلگرام میں ہوا اور بھتہ والے باغ میں دفن کئے گئے.کچھ اشعار حسب ذیل پیش ہیں۔

پیش مهر رخت قمر معلوم
نزد قند لبت شکر معلوم
یار دور است و کوه غم حائل
آفتاب آن طرف سحر معلوم
در تمنای وصل او شاعر
حلقه گشتیم پا و سر معلوم

۶۔سید غلام علی آزاد بلگرامی: آپ بلگرام کے وہ عظیم المرتبت شاعر اور ادیب ہوئے ہیں جنھوں نے عربی اور فارسی زبان میں اپنی قابلیت کو تسلیم کرایا ہے.عربی میں آپ کی قابلیت کو دیکھتے ہوئے عرب کے علماء کرام نے آپ کو ''حسان الہند'' کا خطاب عطا فرمایا ہے.

آپ کی پیدائش ۲۹ فروری ۴ے ۰ے۱ء (۲۵ صفر ۱۱۱۶ھ) میں بلگرام میں ہوئی تھی.آپ کے والد کا نام سید محمد نوح تھا.آپ کی والدہ علامہ عبدالجلیل بلگرامی کی صاحبزادی تھیں.نواب آصف جاہ سے ملاقات کے بعد نواب نے ان کے سفر کا

اہتمام کیا،نواب کی مدد سے سفر خرچ اور سواری مل گئی اور مدینہ شریف کے لئے روانہ ہوگئے۔ مدینہ شریف قیام کے دوران استاد شیخ محمد حیات سندی مدنی سے صحیح بخاری پڑھ کران سے سند حاصل کی۔ مکہ شریف میں شیخ وہاب طنطاوی سے حدیث میں فوائد حاصل کئے۔۱۱۵۲ھ میں سورت کے مبارک بندرگاہ پر اترنے کے بعد مہاراشٹرا اور بابا شاہ مسافر میں قیام کیا۔ اس کے بعد پھر اورنگ آباد واپس آگئے۔ یہاں آپ نے برہان الدین غریب جو محبوب الٰہی کے خلیفہ تھے کے مزار کے مجاور ہوگئے۔ آپ کا انتقال ۱۵ستمبر ۱۷۸۵ء کو ہوا اور خلد آباد میں اپنی خریدی ہوئی زمین پر آپ کو دفن کیا گیا۔

تخلیقات:

۱۔ مآثر الکرام (فارس): آزاد بلگرامی کہ یہ وہ کتاب ہے جس نے ان کو سب سے زیادہ شہرت عطا کی۔ اس میں ہندوستان کے علماء مشائخ اور بلگرامیوں کے حالات زندگی بیان کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب تذکرہ نویسی میں سنگ میل مانی جاتی ہے۔

۲۔ سرو آزاد (فارسی): یہ کتاب مآثر الکرام کا دوسرا حصہ ہے۔ یہ فارسی شاعروں کا تذکرہ ہے۔ اس میں ۱۴۳ فارسی شاعروں کا ذکر کیا گیا ہے جس میں ۳۰ شاعر بلگرام کے ہیں۔ اسی کتاب کے حصہ دوم میں بلگرام کے آٹھ ہندی شاعروں کا ذکر کیا گیا ہے۔

۳۔ روضۃ الاولیا (فارسی): اس کتاب میں دکن کے اولیاء اللہ کا ذکر ہے۔

۴۔ سبحۃ المرجان فی آثار ہندوستان (عربی): یہ کتاب وطن پرستی (ہندوستان سے محبت) سے متعلق ہے۔ اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: ۱۔ وہ حدیثیں وتفاسیر جو ہندوستان کی تعریف میں ہے ۲۔ ہندوستان کے علماء کے خیالات اور بیانات ۳۔ ہندوستان میں استعمال ہونے والے امثال ومہاورات جو عربی زبان میں شعر کی شکل میں لکھے گئے ہیں۔

۵۔ غزالان ہند (فارسی): یہ کتاب بھی سبحۃ المرجان کے طرز پر لکھی گئی ہے اور ادب سے متعلق ہے۔

۶۔ ید بیضا (فارسی): یہ کتاب فارسی زبان کے شعرا کا تذکرہ ہے۔

۷۔ خزانہ عامرہ (فارسی): یہ کتاب فارسی زبان کے شعرا کا تذکرہ ہے۔ اس میں فارسی کے ۱۳۵ شعرا کا ذکر کیا گیا ہے۔ جن کو بادشاہوں کے دربار سے انعامات، اعزازات یا عہدے عطا کئے گئے تھے۔

۸۔ سبع سیارہ (عربی): عربی زبان میں آپ کی شاعری کا دیوان ہے۔

۹۔ ضوء الداری (عربی): یہ کتاب حدیث اور فقہ کے قوانین کی تشریح ہے۔

۱۰۔ مثنوی مظہر البرکات (فارسی): یہ ایک مثنوی جو ۳۵۰۰ ؍ ۱ اشعار پر مشتمل ہے۔ اس میں صوفیانہ اور اخلاقیات سے متعلق کہانیاں ہیں۔

۱۱۔ مرآۃ الجمال (فارسی): ۱۱۰۵ ؍ اشعار پر مشتمل اس کتاب میں محبوب کے حسن و جمال کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا

ہے.

۱۲۔شفاء العلیل (عربی):عربی کے مشہور شاعر متنبّی کے کلام پر تنقید لکھی ہے اور اس کے کلام میں پائی جانے والی غلطیوں کی اصلاح کی ہے.

۱۳۔سند السعادات فی حسن خاتمۃ السادات (فارسی): یہ کتاب حضور نبی کریم (ص) کے خاندان والوں کی شان میں لکھی گئی ہے.کہا جاتا ہے کہ میر عبدالواحد بلگرامی کی کتاب ''سبع سنابل'' سے کچھ غلط فہمیاں پیدا ہوگئی تھیں،ان کو دور کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی گئی تھی.

۱۴۔ذکر الہند (عربی): یہ کتاب عربی زبان میں ادبیات سے متعلق ہے.

۱۵۔شجرہ طیبہ (فارسی): بلگرام کے سادات کا شجرہ ہے.

۱۶۔شمامۃ العنبر (فارسی):اس کتاب میں آپ نے ان تفاسیر،احادیث اور صحابہ کرام کے اقوال کو درج کیا ہے جن میں ہندوستان کا ذکر آیا ہے. چند اشعار ان کے شعری بحر بے کراں سے بہ طور نمونہ پیش ہیں:

عیب مردم فاش کردن بدترین عیب ہاست
عیب گو اول کند بی پردہ عیب خویش را
در وقت مرض صاحب سرمایہ کریم است
بیماری ارباب دول عید حکیم است
مرو ای عاشق غالب تہی از حد خود بیرون
ترا این بس کہ چون نعلین سر بر آستان باشی

۷۔میر محمد یوسف بلگرامی: میر محمد یوسف،سید محمد اشرف کے صاحبزادے ہیں.آپ ۲۱/شوال ۱۱۱۶ھ کو بلگرام میں پیدا ہوئے. آپ نے بلگرام کے استاد المحققین میر طفیل محمد بلگرامی سے تعلیم حاصل کی.عروض قافیہ اور ادب کے بعض فنون کی تعلیم میر جلیل کے صاحبزادے سید محمد شاعر سے حاصل کی.آپ نے مسالہ توحید پر ایک کتاب تالیف کی جس کا نام ''الفرع النابت من الاصل الثابت'' ہے جو چار فصلوں اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے.نمونہ کلام:

ای گل خبر از بلبل بیچارہ چہ پرسی
افتادہ بہ کنج قفسی بال و پری ہست
صورت نبست در دل ما نقش ہیچ کس
آیینہ وار از دو جہان سادہ می رویم

مـــی کشد هـــر روز نـــقـاش ازل تـــصویرها
کـــاش بـر لـوح دل جـانـان کشد تصویر مـا

۸۔شیخ نظام ضمیری بلگرامی: آپ بلگرام کے محلّہ قاضی پورہ میں پیدا ہوئے۔آپ کا تعلق بلگرام کے قاضی خاندان سے تھا۔ آپ شاعر تھے اور ضمیری تخلص کرتے تھے۔آپ کا دیوان ۱۵۰۰۰ اشعار پر مشتمل تھا۔آپ کا انتقال دہلی کے قریب قصبہ سفیدون میں ۱۰۳۰ھ میں ہوا۔آپ کے شاعرانہ ذوق کا کچھ نمونہ مندرجہ ذیل ہے۔

جـز آیـینـه در روی تـو دیـدن کـه تـوانـد
جـــز شـــانـه بـه زلف تـو رسیدن کـــه تـــواند
از نـــالـه و فـــغـان مـــن آیـد جـهـان بـه جـان
آن سـنگ دل نـگـفـت کـه آیـا فغـان کیسـت؟
صـــد تـــیـغ کشیدند ز هـــر سـو بـه ضمیری
پـــیـــونـد هـــوای تـــو بـریدن کـــه تـوانـد

۹۔عشقی بلگرامی: آپ کا پورا نام سید برکت اللہ ہے۔آپ کا لقب صاحب البرکات ہے۔آپ سید محمد اویس کے صاحبزادے ہیں۔آپ نے میر سید لطف اللہ بلگرامی سے تعلیم حاصل کی۔اس کے بعد آپ کالپی کے مخدوم زادہ شاہ فضل اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھیں سے خلافت اور اجازت حاصل کی۔آپ نے ہندی شاعری میں بھی بڑا نام پیدا کیا۔آپ کا ہندی شاعری میں تخلص ''پیمی'' ہے۔آپ فارسی میں بھی شاعری کرتے تھے۔فارسی میں آپ کا ایک دیوان ''ریاض عشق'' کے نام سے موجود ہے۔آپ کا انتقال ۱۱۴۲ھ میں ہوا نمونہ کلام۔

بـــه دیـر پـــیـر مغان بـــاش و مـــی پرستی کن
زلـــعـل سـاقـی مـــا جرعـه گیر و مستی کن
چـــشـم دل داریـم دیـــگـر از نـگـاه مـا مـــپرس
گـــرد کـوی خـویـش مـی گـردیم راه مـا مپـرس
خـــانـه دیده شـــود رشك پـری خـــانـه چـین
گـــر قدم رنجـه کـنـد یـــار بـه سر مـــنزل مـــا

۱۰۔ضیا بلگرامی: آپ کا پورا نام حافظ سید ضیاء اللہ بلگرامی ہے۔آپ عربی فارسی کے بڑے عالم تھے۔آپ کو عربی اور فارسی نثر میں بھی مہارت حاصل تھی۔نظم و نثر کے فنون میں آپ اعلیٰ درجہ کی قابلیت رکھتے تھے۔آپ نے ایک کتاب ''دستور البناء'' کے

نام سے لکھی تھی.آپ کا انتقال پانچ شعبان۱۱۰۴ھ (۱۶۹۳ء) میں ہوا.آپ نے دستور البناء کے علاوہ قاضی خاندان کا منظوم شجرہ ''شجرہ قادریہ'' کے نام سے لکھا ہے.نمونہ کلام

قطره مــی کـه لبم بی تو چشیدن گیرد
بـه گلو نا شده از چشم چکیدن گیرد
بـه راه دیده دو رویه درخت های مژه
نشانده ام کـه خیال تـو راه گم نکند
گویا گردد ادب چو آیی بـه سخن
بینا گردد حیا چو بگشایی چشم

۱۱۔عجیب بلگرامی: آپ کا پورا نام سید قریش ہے.آپ سیدواڑہ کے بدرالدین قبیلہ سے ہیں.میر عبدالجلیل بلگرامی کے خالہ زاد بھائی تھے.آپ فارسی اور ہندی آمیز شاعری کرتے تھے.آپ نے تقریباً ۶۰ سال عمر پائی اور ۱۱۴۰ھ (۱۷۲۸)ھ میں انتقال ہوا.نمونہ کلام

گل همان به کـه ز گلزار پیمبر باشد
مل همان بـه کـه زمیخانهٔ کوثر باشد
گوهر آن نیست کـه از نطفهٔ نیسان زاید
گوهر آن ست کـه از معدن حیدر باشد
اندکی ایڑ گز زنم بـه سمند
ٹیلۂ هفت آسمان ٹپ جائے

۱۲۔غریب بلگرامی: آپ کا پورا نام سید کرم اللہ بلگرامی ہے.آپ میر نوازش علی کے سگے بھائی ہیں.آپ ۱۱۳۵ھ (۱۷۲۳ء) میں پیدا ہوئے.آپ میر نوازش علی کے ہی مرید بھی تھے.آپ کا دیوان بلگرام میں موجود تھا.آپ کا انتقال ۱۱۶۹ھ (۱۷۵۶ء) میں ہوا اور بلگرام میں دفن ہوئے.سروآزاد میں غلام علی آزاد بلگرامی لکھتے ہیں:''جب کتاب سروآزاد ختم ہوگئی تب آپ کا انتقال ہوا.''نمونہ کلام

کرد یاد نگـه شوخ تو بیمار مرا
داروئی نیست بـه جز شربت دیدار مرا
دل نـه تنها از سر کوی بتان ناشاد رفت

آہ این مشت غبار من ہمہ برباد رفت
چنان بہ شیوۂ دیوانگی شدم مشہور
کہ یار نیز مرا دیدہ مرحبائی گفت

۱۳۔سید غلام مصطفیٰ بلگرامی: آپ سید عبداللہ کے صاحبزادے تھے اور سید العارفین میر سید لطف اللہ کے مرید تھے .آپ راجہ ابھے سنگھ کے علاقہ مارواڑ کے مرزبان (منتظم) مقرر کئے گئے .وہیں ہونے والے ایک معرکہ میں ۱۱۴۳ھ (۱۷۳۱ء) میں شہید ہوئے .شہادت کے بہت دنوں بعد آپ کی لاش مٹی میں دبی ہوئی ملی مگر آپ کے جسد خاکی پر کسی طرح برے اثرات مرتب نہیں ہوئے تھے .چند روز قبل آپ نے اپنی شہادت کی پیش گوئی ذیل رباعی میں کی تھی۔

در خلوت ماورای ما یاری نیست
یعنی کہ بہ عرش و فرش اغیاری نیست
ما روح مجردیم ز آلایش مرگ
ما را بہ جنازہ و کفن کاری نیست

نمونہ کلام۔

آن فرقہ کہ خویش را ولی می دانند
بیچارہ عوام را بہ خود می خوانند
اللہ و رسول بر زبان می رانند
چون در نگری خلیفۂ شیطان اند

۱۴۔فرد بلگرامی: آپ کا پورا نام سید اسد اللہ بلگرامی ہے .آپ ۱۱۱۴ھ (۱۷۰۲ء) میں بلگرام میں پیدا ہوئے آپ سید العارفین سید لطف اللہ کے مرید تھے .آپ آزاد بلگرامی کے ہم نشینوں میں سے تھے .آپ کے کلام میں تصوف کی چاشنی پائی جاتی تھی .عالم جوانی میں آپ کو ایک بیماری لگ گئی تھی جس کی وجہ سے آپ کی حیات کے آخری دن نہایت صعب گزرے اور آپ کا انتقال ۱۱۴۹ھ میں ہو گیا اور بلگرام کے محلّہ میدان پورہ میں اپنے خاندانی قبرستان میں دفن کئے گئے .نمونہ کلام۔

شب کہ آن ماہ جہان افروز رخصت خواہد شد
آہ من تعظیم کرد و اشک من ہمراہ شد
بہ پایش بوسہ زد رنگِ حنا سرخی دوبالا شد
دلم خون شد زحسرت این عجب ہنگامہ برپاشد

جہاد نفس بود کار شیر مردان فردؔ
نہ ہر کہ صف شکند او بہادری داند

منابع و مآخذ:

۱۔ بلگرام کی شعری و ادبی خدمات؛ فرید بلگرامی، طابع نعمانی پرنٹنگ پریس لکھنؤ، ۲۰۲۰ء
۲۔ تذکرہ سرو آزاد؛ تصحیح و تدوین ڈاکٹر زرینہ خان، جے کے آفسیٹ، دہلی، ۲۰۱۳ء
۳۔ تذکرہ سرو آزاد؛ بہ تصحیح و تحشی عبداللہ خان و مولوی عبدالحق، مطبع دخانی رفاہ عام، لاہور، ۱۹۱۳ء
۴۔ تذکرہ بے نظیر؛ عبدالوہاب افتخار بخاری دولت آبادی، مخطوطہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، مولانا آزاد لائبریری
۵۔ تاریخ بلگرام؛ سید فرزند احمد صفیر بلگرامی؛ طابع المقیط پریس، ناظم آباد کراچی، ۲۰۰۸ء

☆☆☆

ڈاکٹر آزاد حسین
پی ایچ ڈی، شعبۂ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

خواجۂ دکن خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی چند تصنیفات کا اجمالی جائزہ

فارسی زبان وادب اپنی ہمہ جہتی اور وسعت دامنی کے اعتبار سے کلاسیکی زبانوں میں عربی زبان وادب کے بعد غالباً دوسری اہم زبان تسلیم کی جاتی ہے، مختلف صنف ادب مثلاً تاریخ نویسی، تذکرہ نویسی، تصوف واخلاقیات اور اصناف سخن جیسے غزلیات، رباعیات، قطعات اور مثنویات وغیرہ کے میدان میں یہ زبان کسی تعارف کی محتاج نہیں۔

فارسی زبان وادب اپنی حلاوت وشیرینی، فصاحت وبلاغت، جامعیت ومانعیت، پندونصائح اور اخلاقیات و مساوات کے درس وتدریس کے میدان میں مقبول ترین زبان رہی ہے، مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ یقیناً اس زبان میں تبدیلیاں بھی رونما ہوئیں مگر اس زبان نے سرے سے اپنے اقدار کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا، ہندوستان میں اگر چہ آج اس کو دفتری زبان کی حیثیت حاصل نہیں رہی لیکن تحقیق وریسرچ اور تاریخی حقائق سے آشنا ہونے کے لئے آج بھی اس زبان کی طرف رجوع کرنا لازمی امر معلوم ہوتا ہے۔

ہندوستانی دانشور اور مفکروں نے اس زبان کو مزید تراشا خراشا اور اعلی معیار تک پہنچایا، ہندوستانی بادشاہوں کی سرپرستی بھی اس زبان کو حاصل رہی خواہ وہ سلطنت عہد رہا ہو یا اس کے علاوہ مغل دور، فارسی زبان وادب ترقی کی منزلیں طے کرتی رہی، صوفیائے کرام اور مشائخ وبزرگان دین نے تبلیغ واشاعت دین اور اقوام کی ہدایت وراہنمائی کے لئے اسی زبان کو واسطہ بنایا جس کے نتیجے میں اس زبان کو خاطر خواہ ترقی ملی، تصوف کے موضوع پر مختلف صوفیاء ومشائخ کرام نے اپنی گراں بہا خدمات انجام دیں جس کے نتیجے میں بیشمار کتابیں تصوف کے موضوع پر اس زبان میں ہمیں آج بھی دستیاب ہیں۔ اخلاقیات کے عظیم درس اور تہذیب وتمدن کے ساتھ ساتھ زندگی گزارنے کے اہم اصولوں پر بھی خاصا روشنی پڑتی ہے۔

دنیائے تصوف میں خواجۂ دکن سید محمد حسینی خواجہ بندہ نواز گیسودراز کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں، آپ کی ولادت باسعادت ۴/رجب المرجب ۷۲۱ ہجری کو ہوئی:

"بدانکہ تولد حضرت مخدوم قطب الاقطاب سید محمد حسین
الحسین گیسو دراز رضی اللہ عنہ در دھلی چھارم ماہ رجب المرجب

سنه ۷۲۱ ھ احد و عشرین و سبعمائة [۱]"

حضرت مخدوم کے حسب ونسب کے متعلق سیر محمدی میں جو بیان ملتا ہے وہ درج ذیل ہے اس کے علاوہ دوسرے تذکرے مثلاً تاریخ حبیبی اور تبصرۃ الخوارقات کا بھی اسی پر اجماع ہے:

"سید السادات منبع السعادات صدر الملت والدین الولی الاکبر الصادق ابو الفتح محمد بن یوسف بن علی بن محمد بن یوسف بن حسن بن محمد بن علی بن داؤدبن زیدبن ابو الحسن الجندی بن حسین بن ابی عبد الله بن محمد بن عمر بن یحیٰ بن حسین بن زید مظلوم بن علی اصغر زین العابدین بن الحسین السبط الشهیدین فاطمه بنت محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم و پدرامیر المؤمنین حسین ابو الحسن علی ابن ابو طالب کرم الله وجهه [۲] "

اس شجرہ نسب سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مخدوم بائیسویں واسطہ سے آنحضرت کی آل اور حضرت علی علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔

حضرت مخدوم نے جب دہلی میں اپنی آنکھیں کھولیں تو اس وقت سلطنت دہلی پر سلطان غیاث الدین متمکن تھا اس کے انتقال کے بعد ۷۲۵ھ میں اس کا بھتیجا سلطان محمد تغلق نے حکومت کی باگ وڈور سنبھالی، دوتین سال بعد بادشاہ وقت کی دلفریفتگی حسن مناظر اور آب وہوا دولت آباد کے پیش نظر دولت آباد کو مرکز بنایا گیا، تمام انتظامات کے بعد حضرت کے والد گرامی سید یوسف حسینی اپنے تمام خاندان کے ساتھ ۷ محرم الحرام ۷۲۹ھ کو دولت آباد پہنچے، جس وقت یہ مختصر قافلہ ۷۲۹ھ کو دولت آباد پہنچا وہاں ایک مشہور اور صاحب کشف بزرگ شیخ بابو متمکن تھے، آپ کی کیفیت مختلف تذکروں کے حوالے سے یہ بتائی گئی ہے کہ محفل سماع میں آپ پر مدہوشی کی کیفیت ہوجاتی اور منھ سے کف نکلنا شروع ہوجاتا تھا اور اس کیفیت میں زبان مبارک سے جو ارشاد فرماتے تھے بعینہ وہی ہوتا تھا۔ سید یوسف حسینی والد گرامی خواجہ بندہ نواز گیسو دراز دونوں فرزندوں کو ساتھ لے لے جب ان سے ملاقات کی غرض سے گئے تو شیخ بابو متمکن نے عالم کشف میں فرمایا کہ:

"چنانچه می فرمودند (حضرت مخدوم) در ایام صفر من خدمت والد مرا و برادر بزرگ مرا بر شیخ الاسلام بردند.....فی الجمله همین که نظر شیخ بر ما هر دو برادران افتاد شیخ گفت بیائید بنشینید شیخ قوت کشوفاتی که داشت تقدیر ازلی را کشف کرد و پدر ما را گفت

،خوند سید ، پدر بزرگ شما مردی سوداگری است البته صلحی و صلاحی در زد اما پسر خورد را می بینم ه دانشمند این است عارف این است محب این است ولی این است مرشد این است و چند اوصاف دیگر نیز که با فضائل اولیاء نسبت دارد [۳] "

عہد طفولیت سے ہی آپ پابند صوم وصلوۃ اور صاحب زہد وتقوی تھے، چھ سال کی مختصر عمر سے ماہ رمضان کے روزے، سات سال کی عمر میں تکمیل حفظ قرآن، آٹھ سال کی عمر سے تاحیات نماز پنج وقتہ کا قضا نہ ہونا اور تمام دینی امور میں اہتمام قانون شریعت کرنا آپ کے خصائل میں شامل تھے۔

۷۳۱ھ میں شفقت پدری سے محروم ہوگئے، اکثر والد گرامی سے سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء کے فضائل ومناقب قوت سماع سے گزر کر دل میں جاگزیں ہوچکی تھی، زیارت آتش شوق کے شعلے ہمیشہ دل میں بھڑ کتے رہتے تھے لیکن بعد مکانی کی وجہ سے تشنگی بجھ نہ سکی، بالآخر ۷۳۶ھ میں جب دہلی آپ کی واپس ہوئی تو یہ وہ زمانہ تھا جب شیخ المشائخ حضرت نظام الدین الاولیاء دار فانی سے دار بقا کو رحلت کر چکے تھے اور ان کی جگہ شیخ الاسلام حضرت نصیر الدین چراغ دہلی سجادۂ ارشاد وطریقت پر متمکن تھے چنانچہ پندرہ سال کی عمر میں آپ نے مع برادر بزرگ شیخ الاسلام شیخ نصیر الدین چراغ دہلی سے بیعت کی:

”شانزدهم ماه رجب المرجب روز استفتاح سنه سته و ثلاثین و سبعمائة (سنه ۷۳۶ھ) به حضرت شیخ الاسلام شیخ نصیر الدین چراغ دهلی ارادت آوردند[٤]“

اس عہد کے مشائخ میں حضرت نصیر الدین چراغ دہلی جو حضرت نظام الدین اولیاء کے مرید اور جانشین تھے کے علاوہ دوسرے بزرگان دین اور مشائخ کا بھی ذکر ملتا ہے، شیخ محمود جو اس وقت کے زندہ دل، صاحب کرامت وکشف مشائخین میں سے تھے ان کی فیاضی وسخاوت مشہور تھی، مسافروں کو کھانا کھلانا محتاجوں کی روپیہ، پیسہ سے مدد کرنا ان کا شعار تھا۔علاء الدین نیلی، یہ بھی شیخ نظام الدین اولیاء کے جانشین تھے، ان کے بارے میں ابن بطوطہ نے ایک چشم شید واقعہ بیان کیا ہے کہ آپ ہر جمعہ میں واعظ فرماتے تھے ایک جمعہ میں آپ وعظ میں ہولنا کی قیامت کا ذکر فرماتے ہوئے قرآن مقدس کی ایک آیت پڑھی جس کا مطلب ہے کہ:

’اے لوگوں خدا سے ڈرو قیامت کا واقعہ بڑا سخت ہوگا، جانکاہ ہوگا، اس دن ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پلائے بچوں کو بھول جائے گی، ہر حاملہ کا حمل وضع ہو جائے گا اور آدمیوں کے ہوش وحواس اڑ جائیں گے۔ایسا معلوم ہوگا

کہ گویا نشے میں ہیں مگر وہ نشے میں نہیں ہوں گے بلکہ ان کی یہ حالت خدا کے عذاب کے خوف سے ہوگی، ایک فقیر جو کونے میں بیٹھا تھا اس نے ایک چیخ ماری اور جب شیخ نے اس واقعے کو دوبارہ پڑھا تو اس فقیر نے دوبارہ چیخ ماری اور مر گیا۔ ابن بطوطہ کہتا ہے وہ خود اس واقعے کا چشم دید گواہ ہے۔

اس کے علاوہ علماء و مشائخ وقت مثلاً شیخ صدر الدین، شیخ کمال الدین عبداللہ عاری جن کا شمار صاحب کشف و کرامات بزرگوں میں ہوتا ہے جس کا ذکر ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامے میں کیا ہے، جس زمانے میں مخدوم دہلی واپس آئے ایسے مشہور و نامور ہستیاں موجود تھیں مگر حضرت نصیر الدین چراغ دہلی سے بیعت و ارادت اور سید شرف الدین کیتلی اور بہاء الدین ہمام سے علوم ظاہری کی تکمیل کے علاوہ کسی اور سے استفادہ کی روایت نہیں ملتی۔

مخدوم اور ان کے برادر بزرگ سید حسین حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلی سے بیعت کے بعد متفرق راہوں پر گامزن ہوئے، بڑے بھائی دنیوی امور میں مشغول ہو گئے، لیکن حضرت کا رجحان علوم باطنی کی طرف بڑھ گیا، کسب علم باطنی کے ارادۂ مصمم کے باوجود پیر و مرشد کی اجازت نہ ملی، تکمیل علم ظاہری پر ہی فی الوقت گامزن رہنے کی تلقین کی گئی اصرار کرنے کے باوجود بھی یہ کہتے ہوئے منع فرمایا کہ:

> "می فرمودند خیر هدایه و بزودی و رساله شمسیه و کشاف و مفتاح و صحائف این همه را مرتب کن ما را با تو کاری است[۵]"

بالآخر مذکور بالا حکم کی تعمیل کی تکمیل کے بعد پیر و مرشد نے علوم باطنی کی اجازت مرحمت فرمائی جس کی ابتدائی مدارج خود شیخ الاسلام کی شفقت و رہنمائی میں ہوئی جس کا ذکر مخدوم نے خود اپنے ملفوظ جوامع الکلم میں یوں کیا ہے:

> "اوّل می خواستم که زودزود به ملاقات میروم اما روش (نذر)پیش پیر نروند از پدر خویش شنیده بودم .پدر من از یاران شیخ نظام الدین بود. یاران خدمت شیخ نظام الدین بر پدر می آمدند از ایشان دیده و شنیده ام. و هم برادر بزرگ متعلق بکار خویش بود او را مراحم می شوم برای ملاقات می بردم و او بیگاه کردی یکبار فرمود (چراغ دهلی) شما هر باری بیگاه می آیند و من در آن وقت ملول می باشد و البته می خواهم حکایتی با شما بگویم و من در آن ایام آخر پانزده اول شانزده ساله ام ، من متحیّر ماندم. گفتم با خود سبحان اللّٰه خواجه مطلوب دارد که با حکایتی کند زهی دولت یکبار بعد اشراق رفتم .فرمودند و سوی

کہ برای بامداد می کنی تا بر آمدن آفتاب باقی می باشد گفتم آری صدقہ خواجہ می باشد گفت نیکو باشد اگر ہم بدان دو یك دو گانہ اشراق بگذاری ایستادم گفتم صدقہ خواجہ بگذارم و متصل و دوگانہ شکر النہار و استعادہ و استخارہ ہم بگذار چند گاہی بر آ ن ملازمت کردم.یکروزی فرمود دو گانہائ اشراق می گذاری گفتم می گزارم بی ناغہ، گفت اگر چہار رکعت چاشت ہم بر آن ختم کنی نمی گویم وقتی دیگر ہمین ساعت چہار رکعت از چاشت ہم بگذار دو چاشت ہم ترا شود.و ہمیشہ رجب صائم می بودم. پرسید در رجب صائم می باش، عرضہ داشتم آری.شعبان ہم گفتم نہ روزہ گفت بیست و یکروزہ دیگر برای آخر تر سہ ماہ مرتب شود. گفتم صدقہ خواجہ بدارم پیش والدہ گفت در آن ایام پیوند شیخ نداشت تفت شد.مرا چیزی گفت، گفتم ہر چہ خوش آید بگو،فرمود شیخ است من ازان گشتی تمام بعد رمضان سنہ عید میداشتم ہمہ در آن ایام بہ پاپوش رفتم فرمودند خواجگان ما روزہ داؤدی نداشتہ اند صوم دوام داشتہ اند بعد از این تو صوم دوام بدار[٦]"

مذکورہ بالا عبارت سے یہ علم ہوتا ہے کہ کس طرح مخدوم پیرو مرشد کی شفقت ومحبت کے زیر سایہ کسب باطنی حاصل کرتے رہے۔نماز پنج وقتہ کے علاوہ چاشت واشراق اور شکر النہار واستعادہ واستخارہ کا تلقین فرمایا اور صوم دوام کا عادی بنادیا۔مرور ایام کے ساتھ تعمیل وتکمیل احکام پیرو مرشد کی بجا آوری کی وجہ سے بہت جلد ترقی کے منازل ومدارج کو پہنچ گئے،آپ کے شوق وشوریدگی کی وجہ سے شیخ الاسلام بھی آپ کے قائل ہو گئے۔

ان منازل کو طے کرتے ہوئے مختلف پرمشقت مراحل سے آپ کو گزرنا پڑا،۳۰ رسال کی عمر میں آپ نے جنگل و بیابان کا راستہ اختیار کرلیا اور تنہائی کی زندگی بسر کرنے لگے،اکثر لوگ آپ کو سید دیوانہ کہہ کر پکارتے تھے،یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ اس عمر تک آپ تقوی اور تزکیہ نفس کے تمام شرائط کو طے کر چکے تھے۔نصیرالدین چراغ دہلی بھی آپ کے زہد وتقوی اور پرہیزگاری کے قائل ہو چکے تھے۔اسی اثنا میں چراغ دہلی بستر مرگ پر چلے گئے تمام مریدین کو اس بات کا یقین ہوگیا کہ اب آپ کی سرپرستی نہیں رہے گی چنانچہ مسئلہ خلافت درپیش آیا۔واقعہ خلافت مخدوم بھی کسی دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔

سہ شنبہ رمضان المبارک کی پندرہویں شب حضرت چراغ دہلی بیمار ہوئے اور آپ کی حالت روز بروز ابتر ہوتی گئی تو تمام مریدوں کو آپ کے دار فانی سے دار بقا کی طرف جانے کا یقین ہوگیا اس اثنا میں بعض احباب نے عرض کیا کہ اگر حضرت اپنے مریدوں میں سے کسی کو سجادۂ مشیخت کے لئے مقرر فرمادیں تو یہ بات طریقہ خواجگان سے بعید نہ ہوگی چنانچہ شیخ الاسلام نے ارشاد فرمایا:

"شیخ فرمودند آسامی ایشان بنویسید و بیارید، تذکرہ کردند، مولانا زین الدین آن تذکرہ را پیش بردند و در آن تذکرہ نام حضت مخدوم رضی اللہ نبود چون بندگی شیخ آن را بتمام بدیدند فرمودند کہ چہ سنگی و کلوخی بستہ آوردید ایشان را بگو غم ایمان خود بخورید و آن تذکرہ را بر تاب کردند، باز مولانا زین الدین مختصر کردہ آوردنام چندین دور کرد بر بندگی شیخ برد فرمودند ، بخوانید ،بخواندند ، بندگی شیخ رضی اللہ تعالی عنہ فرمودند نام سید محمد نہ بنشتید ؟ایشان ترسان و لرزان گشتند فی الحال نام حضرت مخدوم رضی اللہ تعالی عنہ نبشتند و بخواندند بندگی شیخ باستماع نام حضرت مخدوم تذکرہ ستدند و قلم مبارک خود صاد کردند[۷]"

مخدوم کے اوصاف حمیدہ اور کوائف کو بیان کرنے کے لئے دفتر کی ضرورت ہے اس مختصر سے مقالے میں صرف اشارہ کرتے ہوئے گزر جانا چاہتا ہوں ،خورد ونوش کے معاملے میں آپ بہت اختصار سے کام لیتے پسندیدہ چیزیں بھی بہت معمولی تناول فرماتے ،خانقاہ سے آٹھ روٹیاں تیار ہوکر آپ کے لئے آتیں جس میں سے صرف آدھی روٹی تناول فرماتے ، پیرومرشد شیخ الاسلام کا دیا ہوا ایک لوٹا تھا اسی کے پانی سے ہاتھ منھ دھوتے ،غرارہ کرتے اور پانی پیتے ، پان کھانے کے شوقین تھے لیکن رمضان کے مہینے میں نہیں کھاتے تھے اور فرماتے تھے کہ پیرومرشد رمضان کے مہینے میں پان نہیں کھاتے تھے انھیں کی اتباع ہے۔ ساتھ کے لوگوں کو اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتے اور کھانے والوں کا احسان مانتے تھے، آپ کا لباس بہت سادہ ہوتا تھا، علماء کی طرح کا لباس زیب تن کرتے تھے، آپ کی طبیعت میں انتہائی درجہ شفقت ومحبت تھی بڑے اخلاق سے ملا کرتے تھے، مذہبی جھگڑوں سے قطعی سروکار نہیں تھا۔

بیشمار مشائخ و بزرگ ہیں جنھوں نے راہ طریقت وحقیقت کو اپنایا اور اس عمل کے ذریعے عوام الناس کے دلوں میں خوف خدا اور محبت رسول ﷺ علیہ وسلم کو جاگزین کرنے کی انتھک محنتیں کی ،تصوف وطریقت کے راز پنہا کو آشکار کرکے

من عرف نفسه فقد عرف ربه کی تعلیم سے روشناس کیا،لیکن خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی علمی اور عملی زندگی سب سے منفرد نظر آتی ہے۔

آپ کا شمار سلسلۂ چشتیہ کے نامور اور صاحب کرامت بزرگوں میں بڑی عزت کے ساتھ لیا جاتا ہے۔آپ سلسلۂ چشتیہ کے ان نامور عرفاء میں سے ایک ہیں جنھوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ تصنیف و تالیف میں صرف کیا اور تصوف وطریقت کے اہم رموز و نکات کو بیان کیا،ایک اندازے کے مطابق آپ کی کل تصنیفات کی تعداد تقریباً ۱۰۵ر کے آس پاس ہے۔

تذکرہ نگار بطور خاص صاحب تذکرہ حبیبی نے آپ کی تصنیفات کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔تصنیفات قیام دہلی اور تصنیفات قیام گلبرگہ،ذیل میں دونوں کی تفصیلات درج کی جاتی ہیں،تصنیفات قیام دہلی:

ملتقط تفسیر قرآن،حواشی کشاف،اشارات المشارق، رسالہ رویت ربی فی احسن صورة، شجرہ نسب،شرح رسالہ قشیریہ،معارف العوارف،شرح فصوص، خلافت نامہ،رسالہ در بیان بود وھست و باشد،ترجمہ رسالہ شیخ محی الدین ابن عربی،استقامۃ الشریعت،حظائر القدس،شرح تمہیدات،ملفوظ اول،ملفوظ ثانی

ان تصنیفات کا ذکر جو حضرت مخدوم نے قیام گلبرگہ (احسن آباد) کے دوران لکھی:

ترجمہ مشارق،سیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم،اوراد مخصوص برای مخدوم زادہ بزرگ،شرح فقہ اکبر پارسی،شرح قصیدہ امانی،شرح عقیدہ حافظیہ یا فضائل خلفاء،ضرب الامثال،حواشی قوت القلوب،عقیدہ،خاتمہ، شرح عوارف دیگر، شرح آداب المریدین عربی،شرح آداب المریدین فارسی،اسمار الاسرار،حدائق الانس،رسالہ در آداب سلوک ظاھر،رسالہ در بیان اشارات محبان حق جل وعلاء،رسالہ در بیان ذکر ومراقبہ،رسالہ در بیان معرفت حضرت جل جلالہ،مکتوبات بندہ نواز، دیوان انیس العشاق، چھار ملفوظات،معراج العاشقین (بزبان دکنی)

خواجہ بندہ نواز گیسودراز رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں کے تصنیف کے سلسلے میں چند دلچسپ حقائق ہیں جو خداداد قابلیت وصلاحیت اور بلا کا عطا کردہ حافظہ کہا جا سکتا ہے کہ جو کتاب آپ ایک بار لکھتے یا لکھواتے تھے دوبارہ اس پر نظر ثانی نہیں کرتے تھے اس کے باوجود کتابیں پائے کی ہوتی تھیں اس کو عنایت خداوندی اور خوارق ما فوق الفطرت ہی شمار کیا جا سکتا ہے۔اس سلسلے میں خود اپنے ملفوظ جوامع الکلم میں فرماتے ہیں:

> "ھر کس کہ در آن حضرت سلوک کرد بچیزی مخصوص شد ما بسخن مخصوصیم خدائ ما را بدولت بیان اسرار خویش داد[۸]"

حضرت مخدوم خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی تصنیفات چند اہم خصوصیات ہیں جس سے انکار کی گنجائش نہیں سب

سے پہلی بات تو یہ کہ بعض تصنیفات ایسی ہیں جن کی تفہیم بہت آسان اور سہل ہے یعنی سادہ، رواں اور سلیس انداز بیان اختیار کیا گیا ہے، جس کو عام قاری کو بھی سمجھنے میں دشواری واقع نہیں ہوتی، بعض کتابیں ایسی ہیں جو مضامین کے اعتبار سے دقیق واقع ہوئی ہیں، ان کتابوں کے مطالب کو صرف وہی سمجھ سکتے ہیں جن کو تصوف وطریقت کے اسرار ورموز سے واقفیت ہے، ایسی کتابوں میں خطائر القدس اور بعض رسالے جیسے تفسیر سورۂ فاتحہ، حدائق الانس کا نام لیا جا سکتا ہے۔

ایک اہم اور دلچسپ بات یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے جو بھی کتابیں تصنیف کی اس کا مقصد زبان وادب کی ترقی پیش نظر نہیں تھی بلکہ مقصد صرف مریدوں کی تفہیم تھی جس کی خاطر پہلے انھوں نے بزرگوں کی تصنیفات کا کثرت سے ترجمہ فرمایا جس کے نتیجے میں درس وتدریس مریدین کا جو مقصد تھا وہ تو حل ہوا ہی اور وہی کتابیں زبان وادب کی ایک بہترین مثال بن کر بھی ظاہر ہوئیں، یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ جو کتابیں آداب مریدین اور پند ونصائح کے لئے لکھی گئیں ہوں ان میں بندش الفاظ اور مغلق مضامین نہیں بیان کئے جائیں گے بلکہ سادگی اور سلاست سے ہی کا لیا جائے گا جو خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی تصنیفات میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ ذیل میں مخدوم کے چند تصنیفات کا مختصراً ذکر کیا جاتا ہے:

اسمار الاسرار: یہ کتاب خواجہ بندہ نواز گیسودراز کی تمام تصنیفات میں سب سے اہم اور مستقل تصنیف ہے۔ اس کتاب کی تصنیف کا مقصد اسرار ورموز تصوف کو لوگوں پر منکشف کرنا ہے۔ اخبار الاخیار میں شاہ عبدالحق محدث دہلوی اسمار الاسرار میں بیان کرتے ہیں کہ:

"جامع است میان سیادت و علم و ولایت، شانی رفیع و رتبتی منیع و کلامی عالی دارد[۹]"

مخدوم کی یہ کتاب قرآن مجید کی ۱۱۴ رسورتوں کی طرح ۱۱۴ راسمار پر مشتمل ہے، ہر سمر میں کسی خاص آیت کی تفسیر، تصوف و سلوک کے رنگ یا کسی خاص مسئلے کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے مثلاً سمر اوّل میں **بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم**، سمر چہارم میں رسول اللّٰہ ﷺ کی حدیث، **رایت ربی ، لیلۃ المعراج فی احسن صورۃ**، سمر ششم میں **الرحمن علی العرش استوی** کی تفسیر موجود ہے۔ اس کے علاوہ توحید باری تعالیٰ، عشق ومعرفت کے راز نہاں کو منکشف کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

شرح رسالہ قشیریہ: یہ کتاب بھی حضرت مخدوم کی مشہور تصنیف ہے جو امام ابوالقاسم قشیری کی مشہور کتاب "رسالہ قشیریہ" کی شرح ہے۔ اس رسالے کی تصنیف امام ابولقاسم قشیری نے ۴۲۷ھ میں کی، اس کی وجہ تصنیف جیسا کہ انھوں نے اس کے دیباچے میں بیان کیا ہے اس لئے پیش آئی کہ اس وقت کے اولیاء واکابر طریقت کے کارناموں سے لوگوں کے دلوں میں پژمردگی پیدا ہوگئی تھی وہ صوفی کہلانے کے لائق نہیں تھے، لباس صوفیانہ تھا مگر پاس شریعت کالعدم، حلال وحرام کی تمیز کا

فقدان، ان حالات کی بناء پر امام مذکور کو خیال ہوا کہ کوئی ایسی کتاب تصنیف کی جائے جس سے صحیح راستے کی طرف لوگوں کی توجہ کو مبذول کیا جائے اور صوفی حقیقی و غیر حقیقی کو پہچاننے میں لوگوں کو مدد ملے۔ بعینہ اسی طرح مخدوم کو بھی ۳۷۰ رسال بعد اس کتاب کی شرح لکھنے کا خیال ہوا۔ یہ کتاب درحقیقت عربی زبان میں ہے جس کی شرح مخدوم نے فارسی زبان میں لکھی جو فارسی زبان و ادب پر ان کا ایک احسان ہے۔ اصل کتاب رسالہ قشیریہ بہت ہی مختصر ہے لیکن اس کی شرح تقریباً ۶۷۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ ابتدائی صفحات اصول توحید و مسائل توحید پر مشتمل ہیں۔ متعدد مقامات پر متقدمین کے اقوال سے استناد کیا گیا ہے چنانچہ حضرت مخدوم توحید کے بارے میں فرماتے ہیں:

"او تعالیٰ واحدیست یکی است نه آنکه از دو سه عدد یکی او است
چون چنین باشد همین آید که لم یلد ولم یولد و لم یکن له کفواً
احد ۱۰"

باب اوّل کا عنوان: **فی ذکر مشائع هذا الطریقة و ما یدل من سیرتهم و اقوالهم علی التعظیم الشریعت.**

اس عنوان کے ضمن میں ۸۲؍اس عہد کے تصوف کے جید صوفیاء کا ذکر ہے مثلاً ابراہیم ادہم، فضیل عیاض، ذوالنون مصری، معروف کرخی، بایزید بسطامی، جنید بغدادی وغیرہم۔ یہ کتاب کا سب سے طویل باب ہے۔ باب دوم میں مصطلحات تصوف مثلاً وقت، مقام حال قبض، تواجد وجد و وجود، جمع وفرق، فناء وبقاء، غیب وحضور وغیرہ پر بحث کی گئی ہے۔

ترجمہ آداب المریدین: جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے کہ اس کا موضوع تصوف اور راہ سلوک پر گامزن ہو کر کس طرح مریدوں کی اپنی زندگی بسر کرنی چاہئے۔

اصل کتاب حضرت شیخ الشیوخ ضیاء الدین ابونجیب عبدالقاہر سہروردی کی تصنیف ہے آپ کی تمام تصانیف میں سب سے مقبول ترین تصنیف ہے اور اسلام میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے۔ شیخ ضیاء الدین نے اپنے مریدوں کے لئے یہ کتاب لکھی تھی تا کہ مریدین روزمرہ کے مشاغل اور دستور العمل کو معلوم کر سکیں، شیخ مذکور نے جو بھی ہدایتیں لکھیں اس کو آیت قرآنی، احادیث نبوی اور اقوال سلف سے ثابت کیا ہے جس کی وجہ سے کتاب کی اہمیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ حضرت مخدوم نے اسی اہم کتاب کا سلیس فارسی میں ترجمہ کر کے اس کو عام فہم اور اہم بنا دیا ہے تا کہ ان کے تمام مریدین اس سے بہ احسن الوجوہ استفادہ کر سکیں۔

خاتمہ: یہ کتاب دراصل 'ترجمہ آداب المریدین' کے سلسلے کی ایک کڑی ہے، کچھ چیزیں جو بیان کرنے سے رہ گئیں تھیں یا اختصار سے کام لیا گیا تھا ان کی تفصیلات اس میں حضرت مخدوم نے بیان کی ہیں، اس لئے اس کو 'خاتمہ' یا

'**خاتمہ آداب المریدین**' بھی کہتے ہیں۔ترجمہ کی طرح اس کا موضوع بھی تصوف وسلوک ہے۔

خاتمہ کو مولوی سید عطا حسین صاحب نے تصحیح وتحشیہ کے بعد برقی پریس حیدرآباد سے ۱۳۵۶ھ میں شائع کرایا ہے۔مولانا مذکور نے حضرت مخدوم کی سوانح وتصوف کی تاریخ سے متعلق بھی اشارہ کیا ہے ساتھ ہی ان واقعات کی تشریح بھی کی ہے جن کی طرف حضرت مخدوم نے صرف اشارہ کیا تھا،متعدد قلمی نسخوں کی مدد سے اس کی تصحیح کی ہے اس کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں شمارہ ۸۳۶ تصوف فارسی کے تحت موجود ہے۔

مکتوبات بندہ نواز: یہ حضرت مخدوم کے خطوط کا مجموعہ ہے جو مخدوم نے گاہے بہ گاہے اپنے مریدین کو نوشت قلم کیا، خطوط شخصی وخانگی واقعات سے تعلق رکھتے ہیں لیکن اس میں تصوف ومعرفت اور سلوک کے مسائل بھی بیان کئے گئے ہیں اس لئے اس کو تصوف کی کڑی سے الگ نہیں کیا جاسکتا ہے۔

مکمل مجموعہ حضرت مخدوم کے ۶۶ رخطوط پر مشتمل ہے جن میں ایک سلطان فیروز شاہ بہمنی اور حضرت مسعود بک چشتی اور باقی تمام خلفاء برگزیدہ اور مریدوں کے نام ہے، مجموعہ مکتوبات میں تین خلافت نامے بھی شامل ہیں،جن میں ایک حضرت علاءالدین گوالیری، دوسرا حضرت ابوالفتح اور تیسرا عام خلافت نامہ ہے جس کی نقل ہر خلیفہ کو دی جاتی ہے۔

خطوط کی زبان سادہ، سلیس اور صاف ہے، تصنع وتکلف سے عاری اور جذبات سے پُر ہے جو قاری کو متاثر کرتی ہے۔ان خطوط میں ہر ایک کو ان مراتب کے اعتبار سے مخاطب کیا ہے جا بجا نصیحتیں بھی کی ہیں اور مسائل تصوف کو بھی بیان کیا ہے۔حضرت نے سلطان وقت کو بھی خط لکھا لیکن کہیں خوشامد نظر نہیں آتا فرماتے ہیں:

"اللھم بادشاہ ما را و شاہزادگان ما را در حفظ و عصمت خود دار و مملکت و مکنت و دستگہ پادشاہ را بقدرھمت و وسعت دل را بخش آن بلند ھمت ما را ھر جا کہ خصمی و دشمنی ھست پست باد و ارجو بل اتیقن کہ تقدیر ازلی موافق دعائ ما است .الحمد لله علی ذلك والسلام [۱۱]"

جوامع الکلم: 'جوامع الکلم' جو خواجہ بندہ نواز گیسودراز کا ملفوظ ہے اس کی تالیف کا سہرا خواجۂ دکن کے فرزند اکبر سید محمد اکبر حسینی کے سر جاتا ہے جسے انھوں نے ۸۰۲ ہجری میں شروع کیا اور ۲۲ رربیع الثانی ۸۰۳ رہجری کو پایۂ تکمیل کو پہنچا۔آپ کا یہ ملفوظ ۱۳۹ رمجالس پر مشتمل ہے جس میں علم وتصوف کے نادر ونایاب نکات پائے جاتے ہیں،علمی وعرفانی حکایتوں سے یہ کتاب مملوء نظر آتی ہے، ان میں بیان کردہ حکایتوں کے ذریعہ سے خواجۂ دکن نے تصوف کے اسرار و رموز اور ان کی گرہ کشائی کے ساتھ ساتھ ارادتمندوں اور عقیدتمندوں کی تشنگی کو سیراب کرنے کی کوشش کی ہے۔

'جوامع الکلم' کے متن کا اگر بغور جائزہ لیا جائے تو جو عناوین یا مضامین اس ملفوظ میں پائے جاتے ہیں وہ کچھ اس طرح کے عنوانات پر مشتمل ہیں:

(۱) آیات قرآنی اور اس کی تفسیر

(۲) احادیث نبویہ

(۳) مسائل فقہ

(۴) اوراد و اذکار

(۵) تزکیہ و تربیت نفس طاعت و عبادت

(۶) رموز عرفان و عشق

(۷) فضائل اہل بیت

(۸) قرون اولیٰ کے تاریخ و واقعات

(۹) کشف و کرامات صوفیائے کرام

(۱۰) تذکرہ ملفوظات چشتیہ

درحقیقت 'جوامع الکلم' حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے زبان مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ کے وہ موتی ہیں جن کو ان کے فرزند اکبر نے یکجا کیا اور پھر بعد میں اس کو کتابی شکل دی جیسا کہ پہلے بھی عرض کیا گیا کہ یہ ملفوظات تقریباً نو ماہ سے کچھ زیادہ کی مدت میں مرحلۂ تدوین سے گزر کر پائے تکمیل کو پہنچا۔ اس کے معتبر ہونے کے لئے یہ عرض کرنا کافی ہوگا کہ خواجۂ دکن خواجہ بندہ نواز گیسو دراز نے حرف بہ حرف اور لفظ بہ لفظ بذات خود اس کو دیکھا ہی نہیں بلکہ خود اس کی اصلاح بھی فرمائی ہے۔ یہ جامع ملفوظات کا بیان ہے جیسا کہ جوامع الکلم کے صفحہ ۵-۶ پر اس کا ذکر یوں ہے:

> "بکرم عمیم و لطف عظم خویش مخدوم جهانیان حرفاً بعد حرفِ کلمةً بعد کلمةِ جزء أ بعد جزءِ ترتیباً و ترکیباً سباقاً و سیاقاً"
>
> " نظر مبارک سے مشرف کیا، اگر کوئی موضوع طبیعت بشری سے الگ ہوتا یا کسی بھی طرح کی غلطی ہوتی تو اس کو اپنے قلم مبارک سے صحیح اور توقیع کرتے، ہر جز کے آخر میں اپنی توقیع کیا کرتے تھے کرات و مرات اس ضعیف سے فرماتے کہ یہ ملفوظ کا کام بجا ہے، از جہت تحقیق و تدقیق گویا خود کے گفتار کو میں نے خود لکھا ہے اور اپنے ملفوظ کو خود میں نے جمع کیا ہے [۱۲]"

اس کے علاوہ مجموعہ یازدہ رسائل، رسالہ در رویت باری تعالی، حدائق الانس، وجود العاشقین، رسالہ در

مراقبہ، رسالہ اذکار چشتیہ، رسالہ شرح بیت امیر خسرو، رسالہ برہان العاشقین، انیس العشاق، معراج العاشقین، آپ کے اہم کارنامے ہیں تمام کے تفصیلات کی یہاں گنجائش نہیں صرف اختصار و اشارات سے کام لیا گیا ہے۔ یوں تو تصوف و سلوک کے میدان میں آپ کے بیشمار کارنامے ہیں، آپ کو کثیر التصانیف مانا جاتا ہے اور یہ ایک حقیقت بھی ہے جس سے روگردانی نہیں کی جاسکتی ہے یہ اور بات ہے کہ یہ تمام کتابیں دستبرد زمانہ سے محفوظ نہ رہ سکیں۔

حواشی:

۱۔حیات بندہ نواز، احمد ادریس قادری، ص ۱۷

۲۔ایضاً، ص، ۲۰

۳۔تاریخ حبیبی، سید عطا حسین، بحوالی حیاب بندنواز، احمد ادریس قادری

۴۔سیر محمدی، محمد علی سامانی، ۸۳۱ھ، الہ آباد، کتب خانہ ڈاکٹر محمد نظام الدین

۵۔ایضاً، ص، ۱۳

۶۔جوامع الکلم، تحت ملفوظات روز شنبہ

۷۔سیر محمدی، محمد علی سامانی، ۸۳۱ھ الہ آباد، کتب خانہ ڈاکٹر محمد نظام الدین

۸۔حیات بندہ نواز، احمد ادریس قادری، ص، ۲۲

۹۔اخبار الاخیار، شاہ عبدالحق محدث دہلوی

۱۰۔حیات بندہ نواز، احمد ادریس قادری

۱۱۔مکتوبات بندہ نواز

۱۲۔مطالعہ انتقادی جوامع الکلم، ص ۱۹۶

منابع و ماخذ:

۱۔حیات بندہ نواز، احمد ادریس قادری

۲۔مطالعہ انتقادی جوامع الکلم، اسماء بیگم، ۲۰۱۱ء

۳۔طریقہ چشتیہ در ہندو پاکستان، دکتر غلام علی آریا، ۱۳۶۵ شمسی

۴۔سیر محمدی، محمد علی سامانی، ۸۳۱ھ، الہ آباد، کتب خانہ ڈاکٹر محمد نظام الدین

۵۔جوامع الکلم، اردو ترجمہ، پرفیسر معین الدین دردایی نفیس اکیڈمی، کراچی۔

☆☆☆

ڈاکٹر محمد احتشام الدین
اسسٹنٹ پروفیسر، مرکز تحقیقات فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
زویا شہزاد
ریسرچ اسکالر، شعبۂ فارسی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

تاریخ مظفری اور اس کے خطی نسخے - ایک تعارف

تاریخ مظفری ہندوستان کے تیموری سلاطین کی ایک مبسوط، مفصل اور معتبر تاریخ ہے جس میں ہندوستان میں مغل سلطنت کے بانی ظہیر الدین محمد بابر (ح: ۱۵۲۶-۱۵۳۰) کے فتح ہندوستان سے لے کر ۱۲۱۲ھ ق یعنی شاہ عالم ثانی کی وفات کے چند سال بعد تک کے حالات و واقعات درج ہیں۔ اس اہم تاریخ کے مولف محمد علی خان انصاری بن ہدایت اللہ خان ہیں۔

محمد علی خان انصاری مغل حکمراں شاہ عالم ثانی (ح: ۱۷۶۰-۱۸۰۶ء) کے عہد کے مشہور مورخ، منتظم اور ۱۲ اویں صدی کے معروف ادیب و نثر نگار عنایت خان راسخ (ولادت: ۱۱۱۴ھ ق) اور 'گلشن صادق'[۱] و 'تاریخ محمد شاہ' کے مولف شاکر خان (وفات: ۱۷۱۶ء) کے بھتیجے تھے۔ مولف پیر ہرات خواجہ عبداللہ انصاری کی اولاد میں سے ہے۔ ان کے والد ماجد عزت الدولہ ہدایت اللہ خان اور جد بزرگوار شمس الدولہ لطف اللہ خان صادق متہور جنگ فرخ سیر (ح: ۱۷۱۳-۱۷۱۹ء) اور محمد شاہ (ح: ۱۷۱۹-۱۷۴۸ء) کے درباری امیر تھے اور ان کے عہد حکومت میں مختلف اعلی عہدوں پر فائز تھے۔

مولف کے نام کے ساتھ انصاری کی نسبت کی وجہ یہ ہے کہ ان کا سلسلۂ نسب صحابی رسول ابو ایوب انصاری سے ملتا ہے۔ ان کے آبا و اجداد برسوں پہلے عرب سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے۔ اس بات کا تو علم نہیں کہ وہ کس زمانے میں ہندوستان آئے لیکن ان کی کئی نسل ہندوستان ہی میں پیدا ہوئی اور آج بھی ان کے خاندان کے افراد پانی پت میں مقیم ہیں۔

محمد علی خان کے آبا و اجداد جہانگیر بادشاہ کے زمانے سے ہی شاہی دربار سے وابستہ تھے اور بادشاہ و شہزادوں کی جانب سے مختلف اعلی عہدوں پر فائز رہے۔ خود مولف نے اپنی اس تاریخ میں اپنے آبا و اجداد کے تعلق سے تفصیلی اطلاعات فراہم کی ہیں۔ وہ اپنے جد امجد خواجہ عبدالرزاق کے تعلق سے لکھتے ہیں:

"خواجه عبدالرزاق از اولاد حضرت خواجه عبدالله انصاری هروی است که از نبایر ایوب انصاری که مدتی صاحب رحل رسول خدا صلی الله علیه وسلم بود"۲.

نیز خواجہ عبدالرزاق کی مغل دربار میں رسائی اور ملازمت کے تعلق سے لکھتے ہیں:

"و خواجه عبدالرزاق در عهد فردوس آستانی شاهجهان بادشاه در سلك منصبداران منظم بود و در زمرۂ متعینان شاهزاده محمد دارا شکوه انعقاد داشت" ۳

تاریخ مظفری کے مولف کی اطلاع کے مطابق خواجہ عبدالرزاق کے تین بیٹے تھے: خواجہ عبداللہ معین الدولہ دلیر دل خان بہادر نصرت جنگ، خواجہ لطف اللہ اور شکر اللہ۔ تذکرۃ الاسلاف کے مصنف کے بقول معین الدولہ ایک نامور امیر اور بڑے عالم تھے جو اورنگ زیب کے آغاز حکومت سے لے کر محمد شاہ کے اخیر عہد تک دیوانی، میر سامانی، بخشی گری اور ملتان، ٹھٹھہ اور لاہور کے صوبیدار کے عہدوں پر فائز رہے:

"دلیر دل خان بهادر امیری با نام و نشان و علامۂ ذیشان است که از بدو ملازمت محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر بادشاه تا اواخر عهد محمد شاهی مناصب دیوانی و میرسامانی و بخشی گری و مکرر به صوبه داری های ملتان و تهته و لاهور سربلندی یافته مخاطب به معین الدوله بهادر نصرت جنگ بود" ۴

اسی طرح مولف کے دادا شمس الدولہ لطف اللہ خان صادق متہور جنگ (وفات: ۱۱۶۵ھ ق) بھی مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ وہ عالمگیر بادشاہ کے زمانے میں شاہی دربار سے وابستہ ہوئے اور پھر دیوانی خالصہ، دیوانی تن، میر بخشی، خانسامانی، داروغگی ڈاک وغیرہ مناصب پر مامور ہوئے۔ تذکرۃ الاسلاف کے مولف کے مطابق:

"در عهد سلطنت خلد مکان عالمگیر پادشاه به خدمت رسیده اتالیقی و بخشی گری شاهزاده دولت مدار خجسته اختر جهان شاه بن محمد معظم بهادر شاه بن اورنگ زیب عالمگیر پادشاه سپرد آنجناب گردید" ۵

لطف اللہ خان صادق سات ہزاری منصب پر فائز تھے اور نادر شاہ نے جب ۱۷۳۹ء میں دہلی پر حملہ کیا تو

اس وقت وہ دہلی کے گورنر تھے۔

مولف کے چچا عنایت خان راسخ ۱۳ جلوس محمد شاہی میں دربار میں ملازم ہوئے اور محمد شاہ اور پھر احمد شاہ کے عہد حکومت میں متعدد عہدوں پر فائز رہے، تذکرہ الاسلاف کے مولف کے مطابق:

''در سال سیزدهم جلوس محمد شاهی به ملازمت پادشاه رسیده به بخشیگری شاگرد پیشه نوازش یافته در عهد احمد شاه به منصب هفت هزاری و دیوانی تن و علم و نقاره و دیگر مناصب بلند نام بوده...

بالجمله خان راسخ بهادر مرحوم امیری جز رس و محاسبی بی بدل و صاحب علم و کمال بود[۶].

مولف کے والد بھی فرخ سیر کے عہد میں دربار سے وابستہ ہوئے اور پھر متعدد عہدوں پر مامور ہوئے۔ انہیں سب سے پہلے فرخ سیر کے سولھویں سال جلوس میں میر سامانی کی نیابت تفویض ہوئی۔ اس وقت ان کے والد شمس الدولہ لطف اللہ صادق میر سامانی کے عہدے پر فائز تھے۔ مولف کے مطابق:

''و هم درین سال میر سامان حضور اقدس که دران ایام شمس الدوله جد راقم به این خدمت مورد مزاحم بود حکم شد که موجودات جواهرخانه خرد دیده گوشواره موجودات آن به نظر مقدس معلی بگذراند و جد راقم نیابت این کار را به والد راقم که مسمی به هدایت الله خان بود تفویض نمود.''[۷]

خود مولف بنگالہ میں سکونت پذیر تھا اور نواب محمد رضا خان مظفر جنگ کی طرف سے وہ ترہت اور حاجی پور کی عدالت فوجداری کا داروغہ مقرر کیا گیا تھا:

'' داروغکی عدالت فوجداری سرکار ترهت و سرکار حاجی پور صوبهٔ بهار از حضور خانخانان بهادر مظفرجنگ سپرد راقم بود''[۸]

بنگال کی تاریخ میں نواب مظفر جنگ غیر معمولی شہرت کا حامل ہے جسے انگریزوں کی جانب سے نظامت بہار و بنگالہ کی نیابت تفویض کی گئی تھی۔ مظفر جنگ نے ۱۲۰۶ میں بمقام مرشد آباد وفات پائی[۹]۔ مولف نے کتاب کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ اس نے یہ تاریخ رضا خان مظفر جنگ کے دربار میں رسائی حاصل کرنے کی غرض سے لکھی ہے

اور اسی نسبت سے اس نے اپنی تاریخ کا نام 'تاریخ مظفری' رکھا ہے۔ وہ لکھتا ہے:

"و بجهت مناسبت خطاب معلی القاب آن جناب (محمد رضاخان بهادر مظفر جنگ) به تاریخ مظفری مسمی کرده در پیش نظر کرامت اثر بندگان عالی متعالی می گذراند و آن را ذریعهٔ ملازمت کیمیا مساهمت آنجناب تقدس مآب می گرداند [۱۰]".

جیسا کہ فوق میں ذکر ہوا، تاریخ مظفری شہنشاہ بابر کے عہد سے لے کر شاہ عالم ثانی کی وفات کے کچھ سال بعد تک کے واقعات پر مشتمل ہے اور سلاطین تیموریہ ہند کی اہم تاریخ ہے۔ خود مولف نے مقدمہ میں اس تاریخ کے محتویات کا ذکر کیا ہے، مثال کے طور پر وہ لکھتا ہے:

"....استعداد ناقص سواد خود را حرف تسطیر مجملی از احوال بانوی عصمت قباب القوا و امیر تیمور صاحبقران و اولاد امجاد آنحضرت اعنی غیاث الدین جهانگیر و عمر شیخ میرزا و میران شاه و میرزا شاهرخ و بابر بادشاه و همایون بادشاه و اکبر بادشاه و جهانگیر بادشاه و شاهجهان بادشاه و عالمگیر اورنگ زیب بادشاه و شاه عالم بهادرشاه بادشاه و محمد معزالدین جهاندار شاه بادشاه و شهید مرحوم محمد فرخ سیر بادشاه و شمس الدین رفیع الدرجات بادشاه و شاهجهان ثانی رفیع الدوله بادشاه و نیکو سیر پسر اکبر ... نموده" [۱۱].

کتاب کا ابتدائی حصہ (جس کا فوق میں ذکر ہوا) جس میں بابر کے عہد سے محمد شاہ کے جلوس تک کے حالات درج ہیں اختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں، لیکن محمد شاہ کے جلوس سے لے کر شاہ عالم ثانی کی وفات تک کے واقعات اس تفصیل اور شرح و بسط کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں کہ اس سے کتاب کا دو تہائی حصہ پر ہو گیا ہے اور یہی اس کتاب کی خصوصیت بھی ہے۔ مولف کے مطابق:

و بعد از آن مشروحا به نگارش وقایع سلطنت فردوس آرامگاه محمد شاه بادشاه و عالمگیر ثانی بادشاه و شاهجهان ثالث انار الله برهانهم و ذکر سلطنت حضرت جهانبانی و ظل سبحانی شاه عالم عالی گوهر بادشاه غازی که علت غایی تالیف این کتاب است نموده [۱۲]".

یعنی جس تفصیل کے ساتھ ان ادوار (محمد شاہ تا شاہ عالم ثانی) کے واقعات اس کتاب میں بیان کئے گئے ہیں وہ کسی اور ماخذ میں نہیں ملتے۔ چونکہ مولف ان میں سے بیشتر واقعات کا خود عینی شاہد ہے لہذا اس کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ امر بھی اس کتاب کی اہمیت میں اضافہ کرتی ہے کہ اس عہد کی تاریخ لکھنے والے اکثر مورخین نے اس کتاب کو اہم ماخذ کے طور پر استعمال کیا ہے۔ مثلاً مسٹر کین (Keene) نے اپنی تاریخی کتاب 'The Fall of the Mughal Empire' (زوال سلطنت مغلیہ) کی بنیاد اسی کتاب پر رکھی ہے۔ اسی طرح ولیم ایروین (William Irvine) نے اپنی کتاب (The Later Mughals) میں تاریخ مظفری کو اہم ماخذ کے طور پر استعمال کیا ہے۔

یہاں یہ نکتہ قابل ذکر ہے کہ تاریخ مظفری کے اتمام کی تاریخ کا تعین ایک مشکل امر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ خود مولف کے قول اور نسخہ کے درونی شواہد میں تضاد اور اختلاف پایا جاتا ہے۔ مولف کے مطابق اس نے اس کتاب کو ۱۲۰۲ میں پایۂ تکمیل کو پہونچایا اور اپنے مربی نواب مظفر جنگ کی خدمت میں پیش کیا۔ جیسا کہ وہ لکھتے ہیں:

"در سنہ یکہزار و دو صد و دو ھجری نبوی به سلك عبارت خالی از استعارت درآورده و بجهت مناسبت خطاب معلی القاب آن جناب(نواب رضا خان مظفرجنگ) به تاریخ مظفری مسمی کرده در پیش نظر کرامت اثر بندگان عالی متعالی می گذراند و آن را ذریعۀ ملازمت کیمیا مساهمت آنجناب تقدس مآب می گرداند" [۱۳]

لیکن تاریخ مظفری کے دستیاب نسخوں میں الگ الگ تاریخ ملتی ہے۔ مثلاً رضا لائبریری رامپور، مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ اور سالار جنگ میوزیم، حیدرآباد کے نسخوں میں ۱۲۱۲ھ تک کے واقعات ملتے ہیں جب کہ خدا بخش لائبریری، پٹنہ کے نسخہ میں ۱۲۲۵ تک کے واقعات درج ہیں۔ برٹش میوزیم کے کیٹلاگ میں تاریخ مظفری کے نسخے کا دو جگہ اندراج ہے۔ ایک جگہ یہ ملتا ہے:

"A History of the Timurides by Muhammad Ali Khan. This copy concludes with the death of Asaf ud- Daulah A.H 1212." [۱۴]

جب کہ دوسری جگہ جہاں اس نسخہ کی تفصیلات لکھی ہے وہاں یہ عبارت درج ہے:

"A History of the Timurides of india from their origin to

1225." [۱۵]

اس سے یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ مولف نے اسے ۱۲۰۲ میں مکمل تو کرلیا تھا لیکن بعد کے زمانے میں اس میں اضافہ کو جاری رکھا اور اس تاریخ کو ۱۲۲۵ تک پہونچایا۔

ذیل میں ہم تاریخ مظفری کے دستیاب نسخوں کی تفصیلات پیش کرتے ہیں:

تاریخ مظفری کے خطی نسخے:

(۱) رضالائبریری رامپور، شمارہ نسخہ ۲۱۲۸، ردیف کتابخانہ ۳۵۳۱

یہ نسخہ خط نستعلیق میں تحریر کیا گیا ہے اور ۴۴۷ صفحات پر مشتمل ہے۔ سطر فی صفحہ ۱۹ ہے۔ نسخہ ترقیمہ کا حامل ہے جو کہ نامکمل ہے اور جتنا حصہ پڑھا جاسکتا ہے وہ اس طرح ہے:

"تمام شد کتاب تاریخ مظفری بتاریخ ....چهل و شش هجری نبوی صلی اللّٰه علیه وسلم".

اس ترقیمہ کی رو سے صرف اتنا کہا جاسکتا ہے کہ یہ نسخہ ۱۲۴۶ھ یا ۱۳۴۶ھ میں نقل کیا گیا ہے۔ لیکن نسخہ کی کیفیت کو دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ کتاب کی تالیف (۱۲۱۲ھ ق) کے چند سال بعد ہی اس نسخہ کی کتابت ہوئی ہے۔ البتہ ترقیمہ ناقص ہونے کی وجہ سے نہ تو کاتب کے پورے نام سے واقفیت ہوتی ہے اور نہ ہی دیگر تفصیلات کا علم ہوتا ہے۔ نسخے کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

"حمدی از حد اعتداد افزون نثار بارگاه شاهنشاهی است که تاجداران عرصۂ عنبرا غاشیۂ اطاعت او بر دوش همت گذارند و سپاسی از حیّز اعداد بیرون سزاوار جناب سلاطین پناهی که تخت نشینان روی زمین حلقۂ انقیادش به گوش هوش درآرند...."

اور اختتام وزیرالمما لک آصف الدولہ کے احوال پر اس طرح ہوتا ہے:

"وزیرالممالك چون طبع موزون داشت شعر فارسی و ریخته به زبان هندی می گفت و در علم سیر و تاریخ مهارت نیکوداشت".

غالباً تاریخ مظفری کے تمام دستیاب نسخوں میں یہ سب سے قدیم نسخہ ہے۔ جہاں تک نسخہ کی کیفیت کا سوال ہے تو یہ نسخہ کامل ہے، البتہ اخیر کے کچھ صفحات خستہ ہیں۔ نسخہ میں جہاں مرمت کی حاجت تھی وہاں مرمت شدہ ہے لیکن اس کی وجہ سے کچھ الفاظ حذف ہوگئے ہیں اور قاری کو پڑھنے میں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(۲) خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ شمارہ نسخہ، HL 143 A, Cat.593 & HL 143 B, Cat.593

۴۹۲اوراق پر مشتمل یہ نسخہ دو جلدوں میں مجلد ہے اور عمدہ خط نستعلیق میں تحریر کیا گیا ہے۔خدا بخش کیٹلاگ کے مطابق یہ نسخہ ۱۹ویں صدی میں نقل کیا گیا ہے۔کاتب کا نام درج نہیں ہے۔نسخہ کے اختتام پر ایک توضیحی عبارت تحریر ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا کچھ حصہ آصفیہ لائبریری میں موجود ایک قدیم نسخے کی نقل ہے جسے عالیجناب قاسم حسن صاحب بہادر سکریٹری خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری بانکی پور کے حکم سے مورخہ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۶۲ھ/ ۲۷ جنوری ۱۹۴۳ میں نقل کیا گیا ہے۔نقل کرنے والے کا نام فیض الحق امرتسری ہے۔ نسخے کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

"حمدی از حد اعتداد افزون نثار بارگاہ شاهنشاهی است که تاجداران عرصۂ ..."

اور اس کا اختتام سردار رنجیت سنگھ کی فوج کے قلعہ کانگڑہ کے لئے روانگی اور راجہ نیپال کے ساتھ جنگ کے ذکر پر اس طرح ہوتا ہے:

"به سبب موسم برشگال زیر جبال همچنان عارضه ها چند در چند بر فوج سردار رنجیت سنگه استیلا کرد که هزارها آدم و اسپ بیمار شدند لاچار اسپان را بر مقام امرتسر رسانیدند و فوج پیاده برای مقابله داشتند".

نسخہ اچھی حالت میں ہے اور مکمل ہے۔البتہ کتابت کی غلطیاں جا بجا دیکھنے کو ملتی ہیں۔

(۳) مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ مسلم یونیورسٹی، عبدالسلام کلکشن، شمارہ نسخہ ۱۳۴/ ۳۶۴ اور ۱۳۵/ ۳۶۵

یہ نسخہ بھی دو جلدوں میں مجلد ہے اور ۶۸۶(۳۴۱ + ۳۴۵)اوراق پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق خوانا میں تحریر شدہ ہے اور ایک صفحہ پر سطر کی تعداد ۱۴ ہے۔نسخہ کا سائز 8.5x3.5 /11.3x5.9 ہے۔نسخہ میں ترقیمہ درج نہیں ہے اس بنا پر اس کی تاریخ کتابت اور کاتب کے نام کا علم نہیں ہے۔البتہ نسخہ کے آخری صفحہ پر ایک عبارت درج ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس نسخہ کی کتابت ۱۲۷۴ھ سے پہلے ہوئی ہے۔عبارت یہ ہے:

"هفتم شعبان المعظم ۱۲۷٤ھ به واسطه محمدخان خانسامان خریده شده ....."

نسخے کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

"حمدی از حد اعتداد افزون نثار بارگاه شاهنشاهی است که تاجداران عرصۂ..."

اور پایان اس عبارت پر ہوتا ہے:

"وزیرالممالك چون طبع موزون داشت شعر فارسی و هندی می گفت و در علـم و تاریخ مهارت نیکوداشت و در سخاوت نام حاتم طائی طی کرده و همچنین کیخسرو.....خدایش بیامرزد".

نسخہ اچھی حالت میں ہے اور مکمل ہے۔ البتہ درج بالا دونوں نسخوں (رضا لائبریری رامپور اور خدا بخش پٹنہ) سے یہ نسخہ کچھ مختلف ہے اور وہ اس لحاظ سے کہ اختلافات نسخ بہت زیادہ ہیں۔ واقعات کے بیان میں کوئی تبدیلی نہیں ہے البتہ انداز بیان میں تبدیلی صاف نظر آتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مولف نے اس پر نظر ثانی کی ہو اور پھر اسے موجودہ شکل دی ہو۔

(۴) سالار جنگ میوزیم، حیدر آباد، شمارہ 347-348

یہ نسخہ بھی دو جلدوں میں مجلد ہے اور کل ۶۷۷ اوراق (۳۳۰+۳۴۷) پر مشتمل ہے۔ خط نستعلیق خوانا میں تحریر شدہ ہے۔ ایک صفحہ پر سطر کی تعداد ۱۷ ہے۔ یہ نسخہ ۱۴ ربیع الاول ۱۲۳۵ھ، ۱۴ سال جلوس اکبر ثانی مطابق ۲ جنوری، ۱۸۲۰ میں نقل کیا گیا ہے۔ کاتب کا نام درج نہیں ہے۔ عنوان سرخ رنگ میں لکھا ہوا ہے اور سائز 10.7x6.4/ 17.1x16.2 ہے۔ نسخے کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

"حمد از حد اعتداد افزون نثار بارگاه شهنشاهی است که ....."

اور پایان اس عبارت پر ہوتا ہے:

".......و در سخاوت نام حاتم طائی طی کرده و اینچنین کیخسرو.....خدایش بیامرزد. آمین".

جہاں تک نسخہ کی کیفیت کا سوال ہے تو یہ نسخہ کامل ہے، البتہ کرم خوردہ اور آب رسیدہ ہے۔ نسخہ کا کچھ حصہ مرمت شدہ ہے اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ نسخہ بہت اچھی حالت میں نہیں ہے۔

(۵) برٹش میوزیم، لندن، شمارہ Or. 466

برٹش میوزیم کا یہ نسخہ بھی دو جلدوں میں مجلد ہے اور کل ۵۰۱ اوراق پر مشتمل ہے۔ یہ خط نستعلیق میں تحریر ہے اور ایک صفحہ پر سطر کی تعداد ۱۷ ہے۔ یہ نسخہ ۱۹ویں صدی کے اوائل میں نقل کیا گیا ہے۔ کاتب کا نام درج نہیں ہے۔ نسخہ

کا سائز 6.1/4 11.1/4x ۔ نسخے کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

"حمدی از حد اعتداد فزون نثار بارگاہ شاھنشاھی است"

اور پایان شیر جنگ بن مبارک الدولہ صوبہ دار بنگالہ کی وفات اور اس کے بڑے بیٹے بلند اقبال کے اس کی جگہ بنگال کا ناظم مقرر ہونے اور مولف کے شاعر دوست منشی صاحب رام متخلص بہ خاموش کی وفات کے ذکر پر ہوتا ہے:

"......و بلند اقبال نامی پسر کلانش بجای او نشست......ھم درین آوان منشی صاحب رام متخلص به خاموش ....محمل سفر آخرت بربست.....این غزل از دیوانش یادگار روزگار نوشته:

سوز ملاحت تو نمکدان دماغ ما داغ غم تو لاله و نسرین دماغ ما...

...خامش ز بهر سیر به گلشن نمی روم پیچیده است بوی کسی در دماغ ما"

مختصر یہ کہ تاریخ مظفری تیموریان ہند اور خصوصا احمد شاہ سے لے کر شاہ عالم ثانی کے دوران حکومت کے واقعات سے مفصل آشنائی حاصل کرنے کے لئے ایک اہم اور معتبر تاریخ ہے۔ کتاب کی زبان جیسا کہ ایک تاریخ کے کتاب کی ہونی چاہئے سادہ، سلیس اور رواں ہے۔

منابع و حواشی:

۱۔ 'گلشن صادق' جس کا دوسرا نام 'حدیقہ حاذق گنجینۂ صادق' بھی ہے شاکر خان کی ایک اہم تالیف ہے۔ اس کا خطی نسخہ
خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ اور انڈیا آفس لائبریری، لندن میں موجود ہے۔

۲۔ تاریخ مظفری، محمد علی خان انصاری، (نسخہ خطی) شمارہ نسخہ ۲۱۲۸، رضا لائبریری، رامپور، ص ۲۵۳

۳۔ ایضا

۴۔ تذکرۃ الاسلاف، مولوی سید علی محمد صاحب شاد، مطبع صبح صادق، پٹنہ، ص ۳۱

۵۔ تذکرۃ الاسلاف، ص ۳۳

۶۔ ایضا، ص ۴۳

۷۔ تاریخ مظفری، محمد علی خان انصاری، (نسخہ خطی) شمارہ نسخہ ۲۱۲۸، رضا لائبریری، رامپور ص ۱۶۰

۸۔ ایضا، ص ۴۳۲

۹- ایضا،ص۴۳۰

۱۰- ایضا،ص۶

۱۱- ایضا

۱۲- ایضا

۱۳- ایضا

۱۴- Catalogue of the Persian Manuscripts, British Museum, London,Vol.III,p 925a

۱۵- Catalogue of the Persian Manuscripts, British Museum, London,Vol.I, p 282 b

☆☆☆

ڈاکٹر روبینہ قیصر
پروجیکٹ فیلو، مرکز تحقیقات فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

منبع الانساب اور اس کے خطی نسخے

پندرہویں صدی عیسوی فارسی زبان و ادب کے لحاظ سے درخشاں دور گزرا ہے۔ اس دور میں بے شمار تصنیفات مختلف موضوعات پر مثلاً تاریخ، تذکرہ، موسیقی، شعر و ادب وغیرہ پر ہمیں ملتی ہیں جو فارسی زبان و ادب کی میراث کی حیثیت رکھتی ہیں۔ منبع الانساب بھی فارسی زبان و ادب میں اسی پندرہویں صدی کی اسلامی تاریخ و تصوف کی ایک اہم کتاب ہے۔

منبع الانساب کے مصنف حضرت سید معین الحق جھونسوی قدس سرّہ العزیز ہیں انکا شمار نویں صدی ہجری کے علماء وعرفاء میں ہوتا ہے۔ معین الحق الہ اباد کے قریب ایک گاوں جھونسی کے رہنے والے صوفی بزرگ تھے جہاں ان کے آباواجداد آباد ہوئے اور اسے اپنا خانقاہی مرکز بنایا۔۱ یہ حضرت سلطان سید شہاب الحق قدس سرّہ کے شہزادے تھے۔ حضرت شہاب الحق قدس سرّہ کے چھ بیٹوں میں سب سے بڑے بیٹے حضرت معین الحق قدس سرّہ العزیز تھے۔ ان کی سنہ ولادت کا کوئی مستند ثبوت نہیں ملتا۔ ان کے والد ماجد حضرت شہاب الحق نے چالیس سال کی عمر یعنی ۸۰۰ ہجری بمطابق ۱۳۹۷ عیسوی میں انتقال کیا۲۔ اس وقت حضرت معین الحق جوانی کے عالم میں تھے ان کے خاندانی بزرگوں نے ان کی اعلی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا انہی اعلی تربیت وعلمی قابلیت کے عملی نتیجہ کی شکل میں مستند و معتبر کتاب "منبع الانساب" وجود میں آئی۔

اس نادر و نایاب کتاب منبع الانساب کے پانچ خطی نسخے ہیں جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ نسخہ شخصی مملوکہ آقای عثمانی، الہ آباد

شمارہ نسخہ: ندارد؛ تعداد اوراق: ۳۱۲؛ سطور ۱۵\۱۴؛ خط: نستعلیق؛ سنہ تصنیف: ۱۱۹۷ ہجری؛ کتابت: خواجہ محمد سعید

مذکورہ نسخہ شروع سے آخر تک مکمل ہے اور ترقیمہ بھی شامل ہے کتاب کے ترقیمہ سے کتابت کی تاریخ، کاتب کا نام اور دیگر اطلاعات فراہم ہوئی۔ ترقیمہ کی عبارت اسطرح ہے:

" تمام شد نسخه منبع الانساب من تصانیف قدوة المحققین حضرت شاه معین الحق.......... به خط خام فقیر حقیر احقر العباد بنده درگاه خواجه محمد سعید در عهد سلطنت پادشاه ظل الله سلیمان مکانی ، خلیفه الرحمانی شاه عالم ثانی .... در شهر غازیپور پرنور سرکار صوبه اله آباد ....در شهر ربیع الثانی بتاریخ بست و چهارم یوم جمعه به رفت یك نیم پاس روز بر آمده به اتمام رسید .... سنه۱۱۹۷ من ہجرة النبوة ۔

نسخہ کے اس ترقیمہ کے ساتھ ساتھ اس کے آغاز وخاتمہ کا ذکر بھی شامل ہے۔مخطوطہ کا آغاز ان سطور سے ہوتا ہے:

" هو الاوّل هو الآخر هو الظاهر هوا لباطن و هو بکل شیی علیم و درود بر محمد صلی الله علیه وسلم و بر آل محمد صلی الله علیه وسلم و بر اصحاب محمد صلی الله علیه وسلم ۔ امّا بعد می گوید ، این فقیر ......"

اس نسخہ کا خاتمہ ذیل عبارت پر ہوتا ہے:

" به هر حال خدمت این قوم به هر طوری که باشد نجات است و سعادت دارین است بحق لا اله الا الله محمد رسول الله و سلامه علیهم اجمعین بحمتك یا ارحم الراحمین "

۲۔نسخہ دوم کتاب خانہ خدابخش، پٹنہ

شمارہ نسخہ: ۲۰۶۹؛ اوراق :۳۶۳؛ سطر :۱۲؛ خط: نستعلیق؛ سنہ تصنیف:۱۲۹۳ھ \۱۸۷۶ء؛ کاتب:محمد وزیر خان

نسخہ اول کی مانند دوم بھی آغاز تا انجام مکمل ہے اور اس میں ترقیمہ بھی شامل ہے جس کی تحریر ذیل میں نقل کی گئی ہے:

" الحمد لله و المنه که نسخه منبع الانساب تصنیف حضرت مخدوم سید معین الدین جهونسوی.......... حسب الحکم جناب والا خطاب جمس رابرت راید و صاحب بتاریخ ۱۵ ذی الحجه۱۲۹۳ ھ مطابق ۲۹ دسامبر ۱۸۷۶ ء حلیئه اختتام پوشید و راقم این حروف که محمد وزیر خان متوطن قصبه سگدی ضلع اعظم گڑه است ....بمقام نگر

تحریر یافت ۔

نسخہ کا آغاز حسبِ ذیل عبارت سے کیا گیا ہے:

" هوالاول هوالآخر هوالباطن والله بكلِ شیء علیم و صلوات بر محمد صلی الله علیه وسلم و بر اصحاب محمد صلی الله علیه وسلم ۔ اما بعد می گوید ، این فقیر ------- "

اس نسخہ کا اختتام اس عبارت سے ہوتا ہے:

" به هر حال خدمت این قوم به هر طوری که باشد نجات است و مشرف شدن به سعادت دارین است بحق لا اله الاالله محمد رسول الله و السلام علیهم اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین "

۳۔ نسخہ کتابخانہ آصفیہ حیدر آباد

شمارہ نسخہ :۱۵۴۴۷؛ اوراق:۱۴۳؛ سطر:۱۷؛ خط:نستعلیق؛ سنہ تصنیف: ندارد

ذکر شدہ نسخہ آغاز اور وسط سے ناقص ہے ۔ ترقیمہ شامل نہیں ہے ۔ اس نسخہ میں کاتب کا نام اور سن تصنیف کی تاریخ کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔ اس نسخہ کے آغاز یہ کلمات حسبِ ذیل ہیں ۔

" سراج الاولیاء، مکشوف الاسرار حضرت مخدوم شاه تقی الدین قدس الله سره العزیز بن حضرت قطب الاقطاب ، فردالاحباب ، سید السادات ، منبع البرکات حضرت مخدوم شاه شعبان الملت قدس الله سره العزیز ...."

اس نسخہ کا خاتمہ ذیل کی عبارت پر ہوتا ہے ۔

" به هرحال خدمت به هر طوری که باشد نجات است و سعادت دارین است بحق لااله الاالله محمد رسول الله "

۴۔ نسخہ دائرہ شاہ منور، الہ آباد

شمارہ نسخہ: ندارد؛ تعداد اوراق : ۱۶۰؛ سطر :۱۳؛ خط :نستعلیق؛ سنہ تالیف : ۱۲۹۸ھ \ ۱۸۸۱م؛ کاتب: ندارد

نسخہ کا آغاز ذیل عبارت سے ہوا ہے:

"هوالاول هوالآخر هو الظاهر هوالباطن والله بکل شئی علیم جمیع ثنای عالم همه ثنای حق است و صلوات بر محمد صلی الله علیه و آله و اصحابه ، روزی این فقیر..........."

اس عبارت کے ساتھ اس نسخہ کا اختتام ہوا ہے:

"و بعد دوازده سال از طرف توران باز به معه قبائل به طرف ہندوستان آمدند و از حضرت سلطان نظام الدین اولیاء فائده گرفته اند و بعد از حضرت میر سید علاء الدین جیوری هم نعمت رسیده است ...."

۵۔نسخہ ندوہ العلماء، لکھنؤ

شمارہ نسخہ: ۲۲۰؛ تعداد اوراق:۳۱؛ سطر: ۲۲؛ خط :نستعلیق؛ کاتب :ندارد

نسخہ پنجم ناقص الوسط و ناقص الآخر ہے۔

نسخہ کا آغاز اس عبارت کے ساتھ کیا گیا ہے:

" هوالاول هوالآخر هو الظاهر هوالباطن و الله بکل شیی علیم ، جمیع ثنای حق است و صلوات بر محمد صلی الله و بر آل محمد صلی الله علیه وسلم "

اس نسخہ کا خاتمہ ذیل کی اس عبارت کے ساتھ کیا گیا ہے۔

"نسب نامہ سید عقیل بن سید قدس اللہ سرہ العزیز:

محمد و علوی و علی شمار دیگر
محمد و علی و پس فقیه راه نمای

حضرت معین الحق قدس سرّہ نے منبع الانساب کی تصنیف کے سلسلے میں اپنے نسب نامہ سے متعلق معلومات کے لیے اپنے پردادا حضرت مخدوم شاہ تقی الدین کی خدمت میں حاضری دی اور ان سے نسب نامہ کے بارے میں معلومات فراہم کی۔شاہ تقی الدین اکثر و بیشتر استغراق کی حالت میں رہا کرتے تھے اتفاقا یہ اس وقت اس عالم استغراق سے باہر تھے انھوں نے حضرت معین الحق سے نسب نامہ بیان فرمایا اور اس کے علاوہ تحقیق کے سلسلے میں مقام بھکر جانے کی بھی تاکید کی۔ اس شہر میں رہنے والے اپنے نسب کے رشتہ داروں سے اپنے نسب کی سند حاصل کی۳ جو منبع الانساب کی تصنیف کا سبب ہوئی۔

منبع الانساب جو کہ نسب نامہ کا ماخذ ہے جس میں انساب انبیاء، ائمہ معصومین واولاد امجاد، چودہ خانوادہ، اور صوفیہ کہ قصے اور حصول ومراقبہ کا ذکر شامل ہے۔تصوف کے شجرے نسب اور فضائل کے ذکر کے ساتھ ساتھ اس تصنیف کی اہمیت وخصوصیت اسلیے اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ اس کتاب میں مصنف نے تصوف کے مختلف مسائل کو بھی بیان کیا ہے۔

کتاب منبع الانساب گیارہ ابواب پر مشتمل ہے یہ گیارہ ابواب درج ذیل ہیں۴۔

۱۔ **فصل اول:** اس پہلی فصل میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تک کے نسب نامہ اور حضرات انصار مدینہ کا تعارف ومہاجرین کا ذکر کیا گیا ہے۔انصار کے مطابق کہا گیا ہے کہ انصار ان مسلمانوں کو کہا جاتا ہے جو رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی تشریف آوری سے پہلے ان نشانیوں پر ایمان لا چکے تھے جو توریت، انجیل، زبور، اور دیگر انبیائے کرام کے صحیفوں میں بیان کی گئی ہیں۔ان تمام کتابوں میں یہ خوشخبری موجود ہے کہ پیغبر آخرالزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں گے اور حضور صلی علیہ وسلم کے آثار ونشانیاں بھی ان آسمانی کتابوں میں درج ہیں ۔اسلیے یہ انصار حضرات آپ کی ولادت سے پہلے آپ پر ایمان لا چکے تھے۔الفاظ دیگر یہ کہے سکتے ہیں کہ انصار وہ لوگ ہیں جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت نہیں کی اور نہ ہی آپ سے ملاقات ہوئی۔حضور کے کمالات و مناقب کے بارے میں لوگوں سے سنا تو حضور کی زیارت سے پہلے ہی آپ پر ایمان لا چکے تھے ۔لیکن یہ حضرات وہ معیار نہیں رکھتے تھے جو اہل بیت اور اشراف عرب کو حاصل ہیں۔ان کے گروں میں رتبہ پیشہ سے وابستہ افراد جیسے نداف، لوہار ،حجام، وغیرہ ہیں اور کچھ تجارت پیشہ بھی ہیں ۔رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: کل المومین اخوت یعنی سارے اہل ایمان آپس میں بھائی بھائی ہیں ۵۔مہاجرین کے مطابق کہا جاتا ہے کہ مہاجرین وہ لوگ ہیں جنہوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ سے مدینہ ہجرت کی۔

۲۔ **فصل دوم:** اس فصل میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک کے سارے نبیوں کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔مثلاً حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، سام بن نوح علیہ السلام، حام بن نوح علیہ السلام ، یافث بن نوح علیہ السلام ، ہود علیہ السلام ، ابراہیم علیہ السلام ، لوط علیہ السلام ، اسمعیل علیہ السلام ، اسحاق علیہ السلام ، یعقوب علیہ السلام، خضر علیہ السلام، ایوب علیہ السلام، شعیب علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام، الیاس پیغبر علیہ السلام، اشموئیل پیغمبر علیہ السلام، داود علیہ السلام، عزیز علیہ السلام، دانیال علیہ السلام، یونس علیہ السلام، حضرت زکریا علیہ السلام، حضرت یحیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، اور خاتم النبین رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک کے نسب نامہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

۳۔ **فصل سوم:** تیسری فصل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزندان کے اسماء گرامی وولادت اور وفات کا ذکر، دوازدہ امام

کے فرزندوں کا نسب نامہ، اسامی، وولادت ووفات کے علاوہ چہاردہ معصوم علیہ السلام کا نسب نامہ، تاریخ ولادت کو شامل کیا گیا ہے، اس کے علاوہ نزول، وحی، ہجرت، معراج، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ ولیہ وسلم کی ازواج مطہرہ مثلا خدیجہ ،الکبری، ام سلمہ، سودہ، عایشہ، حفصہ، حبیبہ، زینب، میمونہ، صفیہ، جویریہ، امامہ، اسماء، وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۶۔

دوازدہ امام میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حضرت امام ابومحمد الحسن البسط علیہ الصلوت والسلام، حضرت ابی عبداللہ الحسن البسط بن علی ابی طالب علیہ الصلوات والسلام، حضرت امیر المومنین امام زین العابدین صلوات اللہ وسلامہ علیہ، حضرت محمد باقر علیہ الصلوات والسلام، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام، حضرت امام موسی کاظم علیہ الصلوات والسلام، حضرت امام علی موسی الرضا صلوات اللہ وسلامہ، حضرت امام محمد تقی علیہ السلام، حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام، حضرت امام مہدی علیہ الصلوات والسلام، ان دوازدہ امام کا ذکر تفصیل کے ساتھ بیان کرنے کے بعد دوازدہ امام کو منظوم میں بھی تحریر کیا گیا ہے۷۔

۴۔ **فصل چہارم:** اس فصل میں مختلف ممالک مثلا عرب، عجم، ایران اور ہندوستان میں پھیلی ہوئی سادات کرام کی شاخوں کے نسب نامے اور حضرت مخدوم مخدوم شعبان ملت کا خانوادہ کا ذکر شامل ہے۔ سادات کرام کے نسب نامہ میں ان حضرات کا ذکر شامل ہے مثلا حضرت سید جعفر بن امام علی نقی، حضرت سید اسماعیل بن سید جعفر، حضرت سید عقیل بن سید اسماعیل، حضرت اشرف، حضرت سید محمد شریف، حضرت سید اکرم، حضرت سید منور، حضرت سید امجد، حضرت سید احمد کا ذکر کیا گیا ہے۔

حضرت مخدوم شعبان ملت کے خانوادہ میں حضرت سید محامد، حضرت میر سید محمد مکی بھکری، حضرت سید محمد بدر الدین، حضرت سید محمد صدر الدین اور حضرت سید بدر الدین بدر عالم، حضرت سید شعبان ملت، حضرت مخدوم شاہ منہاج الدین حاجی الحرمین، حضرت مخدوم سید تقی الدین کے بارے میں تحریر کیا ہے۔ سادات بخاری مخدوم شاہ حسام الدین مانکپوری، مخدوم خواجہ محمد عیسی جونپوری کا ذکر ہے۔

سادات ومشائخ کے نسب نامہ میں ان بزرگان کا ذکر کیا گیا ہے مثلا سلطان الہند سید معین الدین حسن چشتی اجمیری قدس اللہ سرہ العزیز، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، حضرت سید ابوجعفر امیر ماہ بہرایچی، حضرت میر سید علا الدین جیوری، **سادات نیشاپوری** میں حضرت میر سید علاء الدین کنتوری، **سادات صفوی** میں حضرت شاہ صفی الدین، حضرت شاہ نعمت اللہ ولی، اور **سادات زیدیہ** میں حضرت میر سید صاحب الجیش، حضرت میر سید معز الدین، سادات نجیب میں میر سید معز الدین بن میر سید علاء الدین، **سادات رودلی** میں حضرت میر سید سلیم معروف سید سلونی، اور حضرت میر سید محمد اصفہانی اور حضرت سید گیسو دراز بندہ نواز بن سید راجہ، **سادات رضوی** میں حضرت میر سید علی ہمدانی، **سادات ترمذی** میں حضرت سید

عبدالحکیم ترمذی، حضرت مخدوم شاہ احمد عبدالحق، سید محمد بن سید محمود کرمانی، حضرت سید محمد بن جعفر المکی، الحسینی، سید بن یوسف بن سید جمال الدین حسینی، **سادات گلاوٹھی** میں حضرت شاہ بدیع الدین مدار قدس اللہ سرہ العزیز، حضرت میر سید شمس الدین طاہر اور حضرت میر سید سلطان بہرایچی، حضرت میر سید ابراہیم بن سید معین الدین بن عبدالقادر الحسنی القادری الابرجی، حضرت سید رفیع الدین، حضرت میر سید مسعود عرف شاہ سید و قدس اللہ سرہ العزیز۔ **سادات باریک پور** میں حضرت میر صدر جہاں جونپوری حضرت میر سید بایزید۔ **سادات ٹانڈہ** میں حضرت میر سید محمد ثانی بھکری، حضرت خواجہ تقی الدین نوح، حضرت مولانا تقی الدین اودھی، حضرت شیخ تقی الدین، حضرت شاہ عاشق ابدال نوفلی، نظام الدین قبلہ رو، **سادات نگرانوں** کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

۵۔ **فصل پنجم**: اس پانچویں فصل میں سلسلۂ طریقت کے چاروں مشائخ، چودہ خانوادے اور ان سے نکلی ہوئی نسب کے ناموں کا ذکر ہے۔ مثلا خانوادوں میں عجمیان، طیفوریان، کرخیان، سقطیان، طوسیان، فردوسیان، گازرونی، سہروردی زیدیان، عیاضیان، چشتیان، ادھمیان، ھبریان، قادریہ وغیرہ جس میں سے چند خانوادہ جیسے قادریہ میں حضرت شیخ ابوبکر شبلی، حضرت شیخ ابو الفضل عبدالواحد تمیمی، حضرت شیخ ابو الفرج طرطوسی، حضرت شیخ ابوالحسن ہکاری، حضرت خواجہ ابو سعید مبارک مخزومی، حضرت شیخ حماد دباس، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ، خانوادہ سہروردیہ میں حضرت شیخ معروف کرخی، حضرت شیخ سر سقطی، حضرت شیخ جنید بغدادی، حضرت شیخ ممشاد دینوری، حضرت شیخ محمد عمویہ، حضرت شیخ عبداللہ بن خفیف، حضرت شیخ ابوالعباس نہاوندی، حضرت شیخ اخی زنجانی، حضرت شیخ وجیہ الدین عمر سہروردی، حضرت شیخ بہاء الدین زکریہ ملتانی، حضرت شیخ صدر الدین عارف، حضرت شیخ رکن الدین ابوالفتح، حضرت شیخ نجم الدین ابراہیم، حضرت شاہ منہاج الدین حاجی الحرمین، حضرت مخدوم شاہ شعبان ملت، حضرت شاہ تقی الدین، حضرت شاہ نعمت ولی کا شجرہ طریقت، شجرہ سلسلۂ چشتیہ] منظوم [شجرہ سلسلۂ عیدروسیہ، سلسلۂ شاذلیہ، سلسلۂ شطاریہ، سلسلۂ کبرویہ، سلسلۂ نقشبندیہ، سلسلۂ سہروردیہ، سلسلۂ قادریہ، کو منظوم کی شکل میں بیان کیا ہے۸۔

۶۔ **فصل ششم**: اس میں تصوف کے اذکار، اشغال اور اکساب وغیرہ کا بیان ہے مثلا سلوک کی کیفیت، آیۃ الکرسی، سورہ اخلاص، سورہ فاتحہ، استغفار، اور علم ناسوتی، ملکوتی، جبروتی، لاہوتی کا ذکر کیا گیا ہے اسکے علاوہ حبس دم کے طریقے، پاس انفاس، مراقبہ کا بیان شامل ہے۹۔

۷۔ **فصل ہفتم**: فصل ہفتم میں روح، راہ سلوک کے اشارات اور کلمات تصوف کی تشریحات وغیرہ کو بیان کیا گیا ہے مثلا اشارت نماز، روزہ، زکوۃ، حج، مجاہدہ، سلوک، معرفت، لاہوت، جبروت، ملکوت، ناسوت، کے علاوہ اشارت در بیان قلب، اشارت در بیان بہشت، اشارت در بیان دوزخ، اشارت در بیان قیامت، اشارت در بیان دین، اشارت در دنیا

،اشارت در بیان فکر،اشارت در بیان تلاوت کلام اللہ،اشارت در بیان خلق خالق،اشارت در بیان خاموشی،اشارت در بیان قناعت،اشارت در بیان حجرہ نشستن،اشارت در بیان تسبیح،،اشارت در بیان مراقبہ،اشارت در بیان مجاہدہ،اشارت در بیان مشاہدہ،اشارت در بیان تقوی،اشارت در بیان صلاحیت،اشارت در بیان ہمت،اشارت در بیان مسکنت، اشارت در بیان رضا،اشارت در بیان ایمان،اشارت در بیان اخلاص،اشارت در بیان استقامت،اشارت در بیان توبہ،اشارت در بیان شکر وشاکر،اشارت در بیان صبر،اشارت در بیان توکل،اشارت در بیان تلقین،اشارت در بیان تصوف،اشارت در بیان تجرید،اشارت در بیان تقرید کوتفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۱۰۔

۸۔**فصل ہشتم**: آٹھویں فصل میں تصوف سے متعلق بعض احادیث پر اختلاف آراء ہیں۱۱۔

۹۔**فصل نہم**: اس فصل میں ایمان مفصل،آمنت باللہ، پر حاصل سیر بحث کی ہے۔آمنت باللہ کے معنی ہیں اللہ تعالی نے رسول کے ذریعے جو شریعت اتاری ہے اس کی صداقت وحقانیت پر کامل یقین رکھو اور اس کو قبول کر کے احکام رسول کی اطاعت وفرمابرداری کرو،اللہ اوراس کے رسول نے جس چیز کے کرنے کا حکم دیا ہے اس پر عمل کرو اور جس چیز سے منع کیا ہیں اس سے پرہیز کرو پھر یہ کہ اعتقاد واطاعت کوئی وقتی وعارضی چیز نہیں بلکہ ان پر پختگی کے ساتھ قائم ودائم رہو اور زندگی کے کسی بھی لمہ میں ان سے انحراف نہ کرو۔

۱۰۔**فصل دہم**: یہ فصل چار یار،پنجتن پاک،دوازدہ امام و چہاردہ معصوم پاک وان کی مدح وقصیدہ اور حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ العزیز کی مدح پر مشتمل ہے۔

۱۱۔**فصل یازدہم**: جبکہ گیارھویں باب میں انسان کے عروج ونزول اور فقراء کے مراتب کو بیان کیا ہے۔

۱۲۔فصل دوازدہم: اس آخری فصل میں بارہ ائمہ سادات کی نسلوں اور حضرت مخدوم شاہ تقی الدین جھونسوی قدس سرہ العزیز کا منظوم نسب نامہ ہے۔

اس نسخہ کی تصیح وتدوین متن کا کام سب سے پہلے مرکز تحقیقات فارسی علیگڑھ مسلم یونیورسٹی سے ہوا ہے۔اس سے قبل اس کتاب کے نسخہ مختلف کتب خانوں میں پردہ خفا میں تھے۔

لہذا اس کتاب کے ایک تعارفی جائزہ کے بعد ہم نتیجہ کے طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ کتاب منبع الانساب نہ صرف نسب نامہ کو معلوم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے بلکہ الفاظ دیگر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب ایک اسلامی تاریخی سند کی بھی حیثیت رکھتی ہے۔

منابع وحواشی:

1۔ History of indo Persian literature, page221

۲۔ خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، صفحہ ۵۹

3۔ History of indo Persian literature, page 221

۴۔فہرستوارہ کتابہای فارسی، جلد۳،صفحہ۲۳۱۱

Catalogue of British museum, page 3481,history of indo Persian literature page 949

۵۔منبع الانساب،صفحہ ۶۱

۶۔منبع الانساب،صفحہ ۱۲۲

۷۔منبع الانساب،صفحہ ۱۵۳

۸۔منبع الانساب،صفحہ ۳۷۳۔۳۶۱

۹۔منبع الانساب،صفحہ ۴۰۹، ۴۰۷، ۳۹۴، ۳۸۴، ۳۷۹

۱۰۔منبع الانساب،صفحہ ۴۱۳

۱۱۔منبع الانساب،صفحہ، ۴۶۷

Catalogue and books

1. Catalogue of Arabic and Persian manuscript in khudabakshoriental public library, volume 32, Patna,1980

2. Catalogue of the Persian manuscript in the British museum,chartes rieu, volume1

3. Catalogue of Arabic, Persian and urdu books in the Asafiyahlibrary, fihrist-e-kutb-e-arabi farsi wa urdu Makhzun-e-kutbkhanaAsafiyah, volume 3,Hyderabad, 1347A H

4. Manba-ul-Ansab, syed moinul Haq jhoonsavi, Edit by S.M. AsadAli khurshid, Institute of Persian Research, Aligarh Muslim University, Aligarh, 2021

5. History of Indo-Persian literature, Nabi Hadi, Iran culture House,

New Delhi, 2001

6. Fehrestvara-ye ketabha-ye Farsi, An Annotated Bibliography of Persian works, Including Manuscripts Description, volume 3, Ahmad Monzavi,Tehran,1384/2004

☆☆☆

ڈاکٹر محمد توصیف
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ہنگامۂ عشق از آنند رام مخلص: ایک تعارف

خامہ شو سینای حمدش چون کلیم
بسم او کوہست رحمٰن الرحیم

آنند رام، ایک ہندوستانی فارسی شاعر اور مصنف، جن کا تخلص "مخلص" ہے، لاہور کے ضلع سیالکوٹ کے قصبہ سودھرا میں ۱۱۱۱ھ میں پیدا ہوئے ان کے والد کا نام راجہ ہردی رام تھا، مخلص نے اس دور کے لحاظ سے اپنے آپ کو اس ماحول میں ڈھال لیا تھا اور اپنے اندر فارسی کی خوب لیاقت پیدا کر لی تھی، حالانکہ بچپن میں گنجفہ (تاش کے کھیل کی طرح کا ایک کھیل) کا بہت شوق تھا لیکن والد کی سختی کی وجہ سے اس شوق کو ترک کر دیا، مخلص محمد شاہ کے دور میں وزیر اعتماد الدولہ کا وکیل تھا اس کی صلاحیت اور سیاسی امور میں فعال ہونے کی وجہ سے رائے رایان کا خطاب مستطاب ملا۔ ریو نے لکھا ہے کہ ۱۱۳۳ھ میں سراج الدین علی خان آرزو کی وجہ اور ان کی کوشش کی وجہ سے مخلص کو یہ خطاب ملا، لیکن ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کی تحقیق نے ریو کے اس قول کو غلط ثابت کر دیا وہ کہتے ہیں کہ معالہ اس کے برعکس ہے اور خزانہ عامرہ اور مختلف تذکروں کا حوالہ دیتے ہیں۔

مخلص کو فارسی میں کامل دستگاہ تھی اس لئے وہ اپنی جولان فکری کی صلاحیت کو روک نہیں سکے اور شاعری کا انتخاب کیا، جب سراج الدین علی خان آرزو شاہجہان آباد میں سکونت اختیار کی تو مخلص حسن اتفاق سے کسی مجلس میں آرزو سے ملے، آپسی مزاج و مذاق کی مناسبت سے دونوں کی مصاحبت رفاقت میں تبدیل ہوگئی اور مخلص کی کوشش کی وجہ سے آرزو کو بادشاہ وقت سے رتبہ، جاگیر اور خطاب خانی حاصل ہوا، آرزو خود اپنے تذکرہ موسوم مجمع النفائس میں قلمزد ہیں کہ آنند رام مخلص بیحد خوش اخلاق آدمی تھے تیس سال سے میرا قیام دہلی میں ہے اس کی وجہ صرف مخلص کی عنایات ہیں، رقعات اور دیگر تصانیف میں بھی آرزو نے مخلص کے باہمی تعلقات پر روشنی ڈالی ہے اور مخلص نے بھی اپنی اکثر و بیشتر تصانیفوں اس کا ذکر کیا ہے، ایک اور شاعر جن سے مخلص کی دوستی تھی وہ شرف الدین پیام ہیں ان کے بارے میں بھی مخلص کی تصانیف میں ذکر ملتا ہے۔

شاعری کے میدان میں مخلص نے ابتداء میں میرزا عبدالقادر بیدل سے اصلاح لی اس کے بعد خان آرزو کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا، اس بات کا ثبوت مخلص کے رقعات سے ملتا ہے، باوجود اس کے کہ وہ شاعری میں بیدل کے شاگرد تھے لیکن جو نازک خیالی اور پیچیدگی بیدل کے کلام میں ہے مخلص کے کلام میں موجود نہیں ہے لیکن پھر بھی ان کی شاعری خاصی مقبول ہے، شاعری میں دیوان، رباعیات، مثنویات کے علاوہ مخلص نے نثری میدان میں کارہائے نمایہ انجام دیا ہے البتہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ مخلص بطور نثر نگار زیادہ مقبول ہیں، ان کی تصانیف مراۃ الاصطلاح، رقعات، چمنستان اور دیگر کتابوں سے معاصرین کے حالات و واقعات بہت تفصیل سے معلوم ہوتے ہیں، مخلص نفث الدم میں عرصہ دراز تک مبتلا رہے اور بالآخر اس بیماری سے ۱۱۶۴ھ میں وفات پائی۔ ان کی مشہور تصانیف درج ذیل ہے۔

۱۔گلدستۂ اسرار۔ یہ ان خطوط کا مجموعہ ہے جو کہ نادر شاہ نے کابل کے صوبے دار کو لکھے تھے

۲۔انتخاب تحفۂ سامی۔ سام مرزا کا تذکرہ تحفۂ سامی کا انتخاب ہے

۳۔ بدائع ووقائع۔ اس میں تاریخی کوائف اور سفروں کے احوال خاص کر نادر شاہ کا حملہ بیان کیا گیا ہے۔ کچھ حصے شائع ہو چکے ہیں۔

۴۔رقعات مخلص۔۱۱۴۹ھ بمطابق ۱۷۳۶ء میں تصنیف ہوئی اس میں بعض ادبی خطوط اور تاریخی حیثیت سے مفید ہے اور یہ کتاب انشائے آنندرام کے نام سے مطبع شمس المطابع، دہلی سے شائع ہوئی۔

۵۔پری خانہ۔ ایک تصویری مرقع کا دیباچہ ہے جس میں مشہور خوشنویسوں کی خطاطی کے نمونہ پیش کئے گئے ہیں۔

۶۔چمنستان۔ عجائب وغرائب، ادبی نکات پر مشتمل ہے ۱۱۵۹ء میں مرتب ہوئی، یہ مطبع نولکشور سے شائع ہو چکی ہے۔

۷۔ہنگامۂ عشق۔ اس میں کنور سین کرناٹکی اور رانی چندر پربھا کے حسن وعشق کی کہانی بیان کی گئی ہے یہ ۱۱۵۲ء میں لکھی گئی۔

۸۔کارنامۂ عشق۔ شاہزادہ گوہر اور ملکہ مملوکات کے حسن وعشق کی داستان ہے یہ ۱۱۴۴ء میں مرتب ہوئی، مرکز تحقیقات فارسی، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی سے ۲۰۱۷ء میں شائع ہوئی۔

۹۔دستور العمل۔ مشق خطوط نویسی کا نمونہ۔

۱۰۔راحت الافراس۔ یہ کتاب گھوڑوں اور ان کے امراض اور علاج کے بارے میں ہے۔

۱۱۔مرقع مخلص۔ اس میں مخلص کے مشہور ہمعصروں کے ہاتھوں کی تحریریں موجود ہیں۔

۱۲۔مراۃ الاصطلاح۔۱۱۵۸ء میں تصنیف ہوئی یہ فارسی کی لغت ہے جو کہ حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دی گئی ہے مہاورات اور امثال کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ پروفیسر چندر شیکھر، حمید رضا قلیچ خانی، ہومن یوسفدہی کی کوششوں سے نیشنل مینوسکرپٹ میشن نئی دہلی سے شائع ہو چکی ہے۔

۱۳۔سفرنامۂ مخلص۔ بدائع وقائع کا ایک حصہ ہے جو کہ سید اظہر علی کی کاوشوں سے سلسلۂ مطبوعات کتابخانہ رام پور سے ۱۹۴۶ء میں شائع ہوئی۔

۱۴۔تذکرۃ الشعراء۔اس میں مخلص نے حدوداً ۲۰۴ شعراء کے احوال بیان کئے ہیں اور اپنے ہمعصروں کے حالات اختصار سے بیان کئے گئے ہیں۔

۱۵۔رباعیات فارسی۔

۱۶۔دیوان فارسی۔

بادشاہ اکبر کے حکم سے ۹۹۰ ہجری میں فارسی زبان ہندوستان میں حکومت کی سرکاری زبان بن گئی اور اس دور سے فارسی زبان کی طرف توجہ بڑھی۔اس دور کی نثرنویں اور دسویں صدی ہجری کے انداز اور سیاق وسباق کی پیروی کرتی ہے،اور حکومت کی تبدیلی کا نثر کے انداز پر کوئی خاص اثر نہیں ہوا۔

اورنگ زیب کی وفات کے بعد تیموریوں کا دوسرا دور شروع ہوا جو اس خاندان کے زوال کا دور ہے۔اس دور کے بادشاہوں نے ثقافتی اور ادبی امور پر کم توجہ دی جس کی وجہ سے فارسی زبان ہندوستان میں اپنا مقام کھو بیٹھی۔اس کے باوجود اس دور میں قابل ہندستانی بھی ہیں جنھوں نے اہم ادبی کارنامے انجام دیئے۔،ہندوستانیوں نے فارسی زبان میں نثر کے ساتھ ساتھ میں شاعری کے میدان بھی میں بیش بہا اور کارآمد تخلیقات پیش کی۔گیارویں صدی سے شاعروں اور ادیبوں کا ایک گروہ ہندوستانی رسمی اور روایتی داستانوں کا فارسی میں ترجمہ کرنے میں دلچسپی لینے لگا،جن میں خاص کر عشقیہ داستانیں قابل ذکر ہیں۔

ہندوستانی رزمیہ بزمیہ حماسی وعشقیہ داستانوں کا فارسی ترجمہ تیموریوں ومغلوں کے دور سے آغاز ہوا اور عروج کو پہنچا،اس دور میں فارسی داستان نویسی کی ابتداء ہندی وسنسکرت داستانوں کے ترجموں سے ہوئی،شعراء وادباء نے بہت سی داستانوں کو اپنے ترجمے کے ذریعہ زندہ کیا ہے اور کچھ شعراء وادباء نے ازسرنو ہندوستانی باستانی داستانوں کو تحریر کیا ہے، جس طرح سے ہندوایران میں خمسہ وشاہنامہ کی تقلید کا سلسہ ہے لوگوں نے خمسہ کے جواب میں خمسہ اور شاہنامہ کی تقلید میں شاہنامہ لکھا ہے اسی طرح ہندوستان کی بھی چند داستانیں ایسی جن کو بہت سے شعراء وادباء نے اپنے اپنے طریقوں سے قلمبند کیا ہے ان داستانوں میں منوہر مدھومالتی، ہیررانجھا،کامروپ وکامتا، پنون وسی، پدماوت وغیرہ یہ وہ چند مشہور نام ہیں جن کو شاعروں ونثرنگاروں نے موضوع بحث بنایا ہے۔

انہیں ترجموں کی فہرست میں سے ایک ہنگامہ عشق ہے،اس ہندوستانی باستانی داستان کو مخلص نے ۱۱۵۲ھ میں لکھا،یہ ایک عشقیہ داستان ہے،اصلاً یہ داستان پدماوت کا فارسی ترجمہ ہے داستان پدماوت کو سب سے پہلے اودھی زبان

میں ملک محمد جایسی نے لکھا، ملک محمد جایسی (۹۰۴-۹۹۹) نے شیر شاہ سوری کے دور حکومت میں اس داستان کو لکھا اس کی سن تالیف ۱۵۴۰ء بمطابق ۹۴۷ھ ہے، داستان پدماوت کو جایسی نے نظم کے قالب میں ڈھالا ہے، یہ اودھی زبان میں لکھی گئی اور خاص یہ ہے کہ اس کا رسم الخط عربی ہے، مخلص نے اسی داستان کو فارسی نثر میں پیش کیا ہے۔

پدماوت کلاسیکی ادب کا عظیم شاہکار ہے اس کی شہرت ومقبولیت کا اندازہ دنیا کی مختلف زبانوں میں ہوئے اس کے تراجم سے لگایا جاسکتا ہے، ملک محمد جایسی کی داستان کو فارسی میں کئی شعراء ونثر نگاروں نے ترجمہ کیا ہے، سب سے پہلا شاعر جس نے اس داستان کو فارسی کا جامہ پہنایا اس کا نام عبدالشکور بزمی (۱۰۰۱-۱۰۷۳ھ) ہے، بعہد جہانگیر اس نے ۱۶۱۸ء میں اس داستان کا منظوم ترجمہ کیا اور اس کا نام رت پدم رکھا۔ دوسرا شاعر جس نے اس داستان کا فارسی ترجمہ کیا وہ عاقل خان رازی ہے اس نے ۱۶۵۸ء بمطابق ۱۰۶۹ھ میں اس داستان کو لکھا اور اس کا نام شمع و پروانہ رکھا۔ اسی طرح ایک شاعر کہ جس کا نام ذاکر ہے اس نے ۱۲۲۲ھ میں اس داستان کا منظوم ترجمہ کیا۔ رای گووند منشی نے بھی اس داستان کا فارسی نثر میں ترجمہ کیا اور اس کا نام تحفۃ القلوب رکھا اس کا سن تالیف ۱۶۵۲ء ہے۔ آنند رام مخلص نے بھی اس داستان کو فارسی نثری قالب میں ڈھالا اور اسکا نام ھنگامہ عشق رکھا۔ رتن سین و پدماوتی کی عشقیہ داستان کو امام نامی شاعر نے بوستان سخن کے نام سے ترجمہ کیا جس کا قلمی نسخہ انڈین نیشنل میوزیم نئی دہلی میں موجود ہے، ان تراجم کے علاوہ دیگر اور کئی ترجمے فارسی نظم ونثر میں اس داستان کے ہوئے ہیں اور جو موجود ہیں ان میں چند یہ ہیں مثنوی پدماوت از حسن غازانہ، مثنوی حسن وعشق از حسام الدین (سن تالیف ۱۶۶۰ء بمطابق ۱۰۷۱ھ)، مثنوی فرح بخش از لچھی رام، خلاصہ نثر پدماوت از نواب ضیاء الدین احمد خان، قصص پدماوت از حسین غزنوی، خلاصہ پدماوت جائسی از سید محمد عشرتی، اس کے علاوہ دو اور ترجمے موجود ہیں لیکن ان کے مصنفین کے بارے میں ہمیں معلومات فراہم نہیں ہوتی وہ دو نام درج کئے جاتے ہیں ایک قصہ پدمنی اور دوسرا قصہ رتن و پدم۔ یہ وہ چند نام ہیں جن کا ذکر کیا گیا جن تک ہماری دسترس ہوسکی۔

مخلص نے اس داستان کی ابتداء مناجات وحمد وثنا کے بعد ہنگامہ عشق کا سبب تالیف بیان کیا ہے:

''اما بعد بر خدا وندان محبت و شوق وصاحبان وجد و ذوق پوشیده مباد کہ در سنه یکہزارویکصدوپنجاه و دو هجری سال (بیست ودوم) از جلوس.......... صاحبقران ثانی ابو الفتح ناصرالدین محمد شاه پادشاه غازی.........فقیر آنند رام مخلص را در ایام بودن دارالخلافۂ شاهجہان آبادحفظها الله تعالی من الآفت و الفساد.......... به اتفاق..........سراج الدین علی خان آرزوو..........محمد قلی خان..........شاعرو..........

راو کرپارام و............فتح سنگھ ویاران دیگر اتفاق سیر چری شاہ مدار............که متصل به تالاب کشنداس مجمع رنگین می شود،افتاد۔ به دکنی خدمتکار............ گفتم افسانه باید گفت............و او این حکایت رنگین که ملك محمد جایسی مصنف پدماوت در هندی به زبان پورب سرتاسر............ لبریز در و نگاشته و بنای معانی غریب و تشبیهات بدیع گذاشته است نقل کرد۔از آنجا که متضمن نیرنگهای محبت است بی اختیاردل رابه درد آورد و با خود گفتم که اگر این معشوق هندی را در لباس فلمکاری فارسی جلوه داده آیدممکن که در نظر ذوق این فن مستحسن نماید،لهذا قلم پریشان رقم طرح تحریرش انداخت............ در عرصه یك هفته رسانده به هنگامۂ عشق موسوم ساخت۔

(قلمی نسخہ علی گڑھ صفحہ ۲۔۳)

اور کتاب کے آخیر میں تاریخ تالیف بھی کہی ہے:۔

..................به تقدیر چون این فقره ی چند مشعر است بر احوال آن ماه سپهر وفا، یعنی رانی چندر پربها، لهذا فکر معنی در کمند که کلمه نغمه ی چند، تاریخ اتمامش یافته بود،قلم پریشان رقم قطعه ی آن بدین موجب تحریر نمود............

چون این نغمه ی چند نقاش شوق
به این رنگ بر صفحه تصویر کرد
به تحریك دل سال اتمام آن
قلم نغمه ی چند تحریر کرد

از خدمت صدرآرایان انجمن فضل و کمال وچمن سرایان بهارستان رنگینی خیال که عندلیبان سرا بستان سخنوری وطوطیان شکر ستان معنی گستری اند التماس آنست که هر گاه بسیر این نسخه پردازند

عیبی اگر بنظر رسد بپوشد و در افشای آن بمقتضای اینکه در عفو لذتست که در انتقام نیست، بزبان طعن نکو شند............

(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ۸۳)

اس کتاب کی نثر اگر چہ شاعرانہ ہے مختلف صنعتوں اور لفظی ومعنوی آرائشوں سے آراستہ ہے، بقول مخلص کے نثر رنگین ہے لیکن دیگر آثار بطور خاص دیباچہ پری خانہ کے مقابلے میں اسکی نثر سادہ اور بے تکلف ہے اور خود مخلص نے اس کتاب کے آخر میں لکھا ہے کہ:۔

ازین جهت در بند عبارت آرائی و معنی پیرائی نبود ، حرفی چند سرسری نگاشتم ؛ورنه صد سال میتوان سخن از لطف یار گفت-بااین همه اگر پای انصاف................ این قدر هم کفایت می کند؛و اگر معامله بالعکس است چه حاصل اگر قلم بدائع رقم ،به تکلف بساط سخن آراید"۔ (قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ۸۳)

رانی چندر پربھا کی تعریف کرتے ہوئے مخلص رقمطراز ہے

"در سطور مسطور وعده رفته بود که احوال آن سر حلقه معشوقان رعنا یعنی رانی چندر پربها که کنور سین به عشقش دل باخته و حسن شیرینیش شور در عالم انداخته..........آرایش هنگامی که به سندهوررنگینش کنند،جدول شنجرفی است بر صفحهٔ سیاهی کشیده یا درخشنده برقی است ....چون لباس گلبدنی در بری کند مصرع منقوطی است...........رخسارش هندوی است دود آتش پرستی...........دو قبه نور دو ....دو قبه ای است در قلمرو حسن بلند گردیده................(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ۱۹،۲۰،۲۱،۲۲)

آنندرام نے اس داستان میں جابجا اپنے و دیگر شعراء کے اشعار بھی قلمبند کئے ہیں،اس داستان میں جن جن شعراء کے مصرعے، ابیات کو درج کیا گیا ہے ان میں حافظ، جامی، خاقانی، صائب، حکیم شفائی، ناصر علی سرہندی، عرفی شیرازی، داراب بیگ جویا وغیرہ ،اس داستان میں مولف نے اپنی،غزلیات ومثنویات کے اشعار بھی درج کئے ہیں۔ مخلص کے اشعار زیادہ تر کوتاہ اوزان سادہ رواں ہیں۔ ھنگامہ عشق میں درج مخلص کے اشعار کا نمونہ:

شاخ گل را تنگ در بر میکشم فصل بهار
همچو آن یاری که آید بعد سالی از سفر
(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۵۷)

لاله با داغ اززمین روید
کار سوداییان خدا ساز است
بر زبان هاست قصه عشقم
مخلص این کار اشك غماز است
(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۲۷)

ساکنان شهر خوش آب و هوای الفتیم
عشق می بارد چو کنعان از درودیوار ما
(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۵۵)

سیاحت پیشه ام از بیستون عشق می آیم
حکایت های شیرینی زحال کوهکن دارم
(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۵۶)

الا ای خوش نشینان قفس می آیم از گلشن
به جای نامه گلبرگی به بال خویشتن دارم
(قلمی نسخہ علی گڑھ ص ۷۳)

دائم زمی تهی ست چو خورشید جام ما
گاهی نبود گردش گردون به کام ما
بی وجه نیست این همه مقبول اهل درد
چون نی نبود زذوق لبالب کلام ما
هر جانبش فتاده زبس خونچکان پریست
خالی زسیر همچو چمن نیست دام ما
معلوم نیست چشم که سامان عشوه کرد

لبریز شد زنکهت نرگس مشام ما
مسموع شد که یار گرفتار چون خودیست
آخر ازو زمانه کشید انتقام ما
مسغنی ام زدولت شور جنون که ہست
زلف ورخ تو سلطنت روم وشام ما
آن روز کز مزاج شود شور عشق کم
گم باداز جریده ی ایام نام ما
لبریز از ترانه ی شور محبت است
دیوان شعر مخلص شیرین کلام ما
(قلمی نسخہ علی گڑھ ص ۴۸)

حسن و آفت جان بود نمی دانستم
فتنه پرداز جهان بود نمی دانستم
دل که بردم بسر زلف کسی کم مخلص
حاصل هر دو جهان دو نمی دانستم
(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۶۵)

اس کتاب میں مخلص نے متعدد شعراء کے اشعار ومصرے جا بجا قلمبند کیا ہے نمونتہً چند شعر پیش کئے جا رہے ہیں

چرا از دست می رفتم چرا بیمار می بودم
اگر می بودم بربالین من سیب زنخدانش
(صائب تبریزی)

حلاوتی که تورا در چه زنخدان است
به کنه آن نرسد صد هزار فکر عمیق
(حافظ شیرازی) (قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۴۱)

می نماید عارضش از حلقه زلف سیاه
یا نشانیده است بر انگشتری آیینه را

(داراب بیگ جویا)(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۲۰)

اس داستان میں آنندرام نے بہت سارے ہندی الفاظ کا بھی استعمال کیا ہے جن میں زیادہ تر خاص جگہوں ، پیڑ پودوں اور کھیلوں کے نام شامل ہیں ان میں چند یہ ہیں۔ چیلہ (غلام) پورب (مشرق)، کیلا (موز)، جوگی (مرتاض) جوگن (زن مرتاض)، ہولی (ایک تیوہار کا نام)، مالا (گردن بند)، رانی (ملکہ)، کیتکی (ایک درخت کا نام)، چتر (باہوش) ناری (زن) سکھی سہیلی (دوست) وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

آنندرام نے اس کتاب میں ترکیبات و وصفی عبارات وطولانی جملوں کا استعمال کیا ہے۔ مخلص نے اپنی نثر کو مسجع ومقفع عبارات سے آراستہ کیا ہے مثلاً "چشم دنباله کشیده غزالی به کمند بند گردیده" "تار ابریشمی است به غنچه های یاسمین پذیرفته آرایش"۔" درخشنده برقی است از ابر متجلی گردیده"
(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۲۰)

اگرچہ یہ کتاب مضمون کے اعتبار سے ایک داستان ہے لیکن مخلص نے سخن کی آرایش کے لئے ادبی آرایوں و صنعتوں کو ملحوظ خاطر رکھا ہے۔ ادبی آرایوں میں خاص کر تلمیح، کنایہ، تشبیہ، استعارہ وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ آنندرام مخلص نے اس داستان میں صنائع لفظی کا بھی استعمال کیا ہے جس کی مثال ذیل میں درج کی جارہی ہے:۔

"دلی می خواہم چون اشك از مژه ی عاشق چکیده ،از جوهر درد آفریده،دلی به رنگ لاله آتش حل کرده در پیاله،دل چون قفس بلبل کار گاه ناله،دلی مانند چشم معشوقان شهره به سیاه مستی،دلی چون آیینه مصروف حسن پرستی،دلی بسان غنچه در جراحت کده معتکف، دلی چون بال کبك ،تخته ی مشق الف،دلی صهبایی عشقت در پیاله، کباب آتش خود همچو لاله،دلی از داغ رنگا رنگ گلشن،جواب یك قفس بلبل بشون " (قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۱)

تشبیہ کی مثال:

" آن ساعد سیمین، دسته گلی است پنهان در آستین " (قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۲۱)

گردن از خونهایی ناحق بیاضی است حنایی........... گلدسته ای است از یاسمین کافوری شمعی است که پروانش دل اهل انجمن" (ایضاً)

"بند پیرهن گشود نش به وا شد در باغ می ماند" (ایضاً)

"تعویذ بازوی نور است" (ایضا)

مخلص نے اپنی نگارش کی روش سے اپنے جملوں کو زندہ کر دیا ہے اور اس انداز میں اپنے مطالب کو بیان کیا ہے جس سے تصویر ہو بہو ہمارے سامنے آجاتی ہے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے اس تصویر کے بارے میں ہم پڑھ نہیں رہے بلکہ براہ راست وہ ہماری نظروں کے سامنے ہے، تصویر کشی میں مخلص کو غضب کا کمال حاصل تھا، چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں:۔

"ابرو در بانی است برای پدیزاد حسن؛دو کمانی است جهت صیاد حسن؛دو مشکین سایبانی است افروخته؛دو هلالی است یکجا به سپهر دلبری،طرح جلو انداخته"

خال رخسارش هندوی است دود آتش پرستی در دماغ با دزدی است به کمین چیدن گل در باغ یا بر سر آتش سپندی است یا اختر طالع یکی از ستاره سوختگان دردمند" (قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۲۰-۲۱)

تشخیص جو کہ استعارہ کا ایک اہم و زندہ ترین جزو ہے، ھنگامہ عشق کی نثر میں استعارہ کی بہت ساری مثالیں ہمارے سامنے موجود ہیں۔مثلاً

"مینا به اخراج غم از شهرستان دل،لوای سبز بر افراشته و شیشه از ساغر مانند فرنگی پسران، کلاه بر سر کج گذاشته"

(قلمی نسخہ علیگڑھ صفحہ ۶۲)

بطور مجموعی یہ کہا جا سکتا ہے کہ آنند رام مخلص کا یہ ترجمہ جو کہ اپنی زبان و بیان کے لحاظ سے ایک منفرد حیثیت کا حامل ہے، مخلص نے اس داستان کو اور دلکش بنانے کے لئے موقع بہ موقع جو دیگر شعراء کے کلام کا استعمال کیا ہے وہ اس کتاب کے بیان کو اور شیریں بناتا ہے۔ چونکہ کتاب ھذا ابھی زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی ہے لہذا مناسب معلوم دیتا ہے کہ ہندوستان میں موجود اس کے قلمی نسخوں کے بارے میں چند اہم معلومات یہاں درج کی جائیں:

(۱) ھنگامہ عشق۔ مولانا آزاد لائبریری۔ علی گڈھ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

شمارہ ۔ حبیب گنج گلکشن ۱۷۱-۸ ـ ۲۴۵ ۵۰

تاریخ کتابت۔ ۱۲۷۳ھ

خط - خط نستعلیق

تعداد صفحہ - ۱۶۶

تعداد سطر ہر صفحہ- ۱۱ سطر

آغاز- خداوند قلم آشفته رقم راچرا قدرت که به بهار پیرای چمنستان ثنایت پردازد واین بریده زبان ژولیده بیان را چه بارا که به چمن آرایی بهارستان حمدت گردان دعوی بر افرازد

اختتام- هر نقش قدم حرف سری می گوید ؛هر کهنه خرابه از دری می گوید؛ دنیا ست فسانه پاره ای ما گفتیم؛وان پاره که ماند دیگری می گوید-

(۲) هنگامۂ عشق- لائبریری ایوان غالب، نئی دہلی

شمارہ- ۱۰۵-۴۴۱۷-۱

تاریخ کتابت- ندارد

خط - خط نستعلیق شکستہ

تعداد صفحہ- ۱۵۳

سطر ہر صفحہ- ۱۱ سطر

آغاز - خداوند قلم آشفته را چه بارا و قدرت که به بهار پیرای چمنستان ثنایت پردازدواین ژولیده جان و بریده زبان راچه جرائت که چمن آرایی بهارستان حمدت گردن دعوی بر افرازد-

اختتام- به ترانه های کنایه آمیز و لطیفه های شوق انگیز میل نمودند و دست آخر به این اکتفا نکرده، به دشنام هایی رنگین......

(۳) هنگامۂ عشق- لائبریری انجمن ترقی اردو دہلی

شمارہ - ۱۰۱-۳:اب:۶۱

تاریخ کتابت- ندارد

خط - نستعلیق

تعداد صفحہ - ۹۸

تعداد ہر صفحہ۔ ۲۳

آغاز۔ خداوند قلم آشفته رقم را چه قدرت که به بهارپیرای چمنستان ثنایت پردازد واین بریده زبان ژولیده بیان را چه بارا که به چمن آرایی بهارستان حمدت گردن دعوی بر افرازد۔

اختتام۔ هر نقش قدم حرف سری می گوید؛هر کهنه خرابه ازدری می گوید؛دنیاست فسانه پاره ای ما گفتیم؛ وان پاره که ماند دیگری می گوید۔

(۴) ھنگامۂ عشق۔ بنارس ہندو یونیورسٹی، بنارس

شمارہ ۔	۲۱۵۹۶۰
تاریخ کتابت۔	۱۸۳۴ء
خط ۔	نستعلیق
تعداد صفحہ ۔	۹۸
تعداد ہر صفحہ۔	۲۳

کتابیات:۔

(۱) آرزو، سراج الدین علی خاں، مجمع النفائس، تصحیح وترتیب عابد رضا بیدار، چاپ دوم، پٹنہ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ۱۹۹۲ء۔

(۲) آزاد، غلام علی بلگرامی، خزانۂ عامرہ، مطبع نولکشور کانپور ۱۸۷۱ء۔

(۳) بزمی، عبدالشکور، داستان پدماوت، تصحیح دکتر امیر حسن عابدی، تہران انتشارات بنیاد فرہنگ ایران ۱۳۵۰ھ شمسی۔

(۴) خوشگو، بندرابن داس، سفینۂ خوشگو، تصحیح سید شاہ عطاء الرحمان کاکوی، ادارۂ تحقیقات عربی وفارسی پٹنہ، ۱۹۵۹ء۔

(۵) ریو، چارلس۔ کیٹلاگ آف د پرشین مینسکر پٹ ان برٹش میوزیم۔ ج ۲۔ لندن۔ ۱۹۸۱ء۔

(۶) سید عبداللہ، ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ، دہلی ۱۹۴۲ء۔

(۷) گوپاموی، قدرت اللہ، نتائج الافکار، بمبئی ۱۳۳۶ شمسی۔

(۸) مخلص، آنندرام، ہنگامۂ عشق، قلمی نسخہ، حبیب گنج کلکشن نمبر شمار ۲۴۵۔۵۰، مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علیگڑھ۔

(۹) ہندی، بھگوان داس، سفینۂ ہندی، تصحیح سید شاہ عطاء الرحمان کاکوی، ادارۂ تحقیقات عربی وفارسی پٹنہ، ۱۹۵۸ء۔

آمنہ زیدی
ریسرچ اسکالر
ڈاکٹر رام منوہر لوحیا اودھ یونیورسٹی، ایودھیا

مولانا محمد باقر جوراسی: شخصیت اور کارنامے

شخصیت کی تعریف کئی طرح سے بیان کی جاتی ہے جب کہ شخصیت میں کسی فرد کی مکمل نفسی، اخلاقی اور سماجی حیثیت اس کی شخصیت کہلاتی ہے۔ شخصیت کے ضمن میں انسان کی ان جبلی اور اکتسابی اوصاف حمیدہ کی توضیح کی جاتی ہے جو انسان کے تشخص میں اہم مقام رکھتے ہیں۔ شخصیت کی عام اور مختصر سی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ شخصیت کسی انسان کی مجموعی خصوصیات کا نام ہے۔ شخصیت ایک وسیع اصطلاح ہے جس کے دائرہ تصرف میں انسان کی تمام جسمانی اور ذہنی خصوصیات شامل ہیں۔ کسی بھی شخص کی شکل وصورت، جسم، ذہن، اس کے احساسات، جبلات، جذبات، میلانات اور ادراکات نیز اس کے علاوہ تمام اعضائے جسمانی، اس کی تمام دلچسپیاں، اس کی ذہانت، اس کا غور وفکر اور اس کے اکتسابات غرض کہ اس کی تمام وہ خصوصیات جو اسے کسی دوسرے انسان سے متمائز اور متفائز کرتی ہیں، شخصیت میں شامل ہیں۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ شخصیت میں وہ تمام جسمانی اور ذہنی خصوصیات شامل ہیں جو موروثی و اکتسابی ہوں۔

محمد باقر جوراسی چوں کہ ایک عالم دین تھے اور ایک عالم دین کے ذہنی ارتقا اس کی فکری نمو، تکوین شخصیت اور بنائے ذات میں اگر ایک طرف حیاتیاتی عوامل، مورثات جبلی اور پیدائشی خصلتیں فعال ہیں تو دوسری طرف انفرادی (خاندانی ماحول) اور اجتماعی (تربیت وتعلیم) کچھ داخلی (شعور) اور خارجی (تہذیب وثقافت کے) اسباب بھی تشکیل وتعمیر سیرت میں کارفرما ہیں۔ اس کلیہ کے تناظر میں علامہ جوراسی نے ایسے علمی ماحول میں آنکھیں، جہاں کی بعض پردہ نشین خواتین بھی حافظؔ وفردوسیؔ، خیامؔ وسعدیؔ کے فارسی اور میرؔ وغالبؔ، انیسؔ ودبیرؔ کے اردو اشعار برمحل اور بے تکلف پڑھ دیا کرتی تھیں۔ آپ کے والد بزرگوار نے جو خود بھی ہمہ صفات دور بینی ہی کی بنا پر آپ کو کتاب وفن کی زیارت و سماعت کے بجائے قدیم حوزوی انداز میں تکمیل کتاب ومہارت فن پر مستحسن تاکید فرمائی آپ اپنی مثال ذہانت، سرعت فہم، ذکا اور تحصیلی ذوق وشوق کی بنا پر اس عصر کی تمام درسی وفنی کتابیں بالاستیعاب اس انداز سے پڑھ ڈالیں کہ تشریح کے ساتھ ساتھ اکثر ''متن'' بھی حفظ کرلیا کرتے تھے (۱)۔

آپ کا نام محمد باقر، تخلص باقرؔ جوراسی اور والد کا نام میر مہدی حسن تھا۔ آپ ۴ جولائی ۱۹۱۹ء مطابق ۵ شوال المکرّم ۱۳۳۷ہجری بروز جمعہ اودھ کی تاریخی بستی جوراس ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے (۲)۔ آپ کے فرزندوں کے

مطابق ''محمد باقر'' نام کے علاوہ ''چراغ خانہ مہدی'' (۱۹۱۹ء) آپ کا تاریخی نام قرار پایا تھا (۳)۔آپ ایک علمی، مذہبی اور متدین گھرانے میں پیدا ہوئے، والد سید مہدی حسن جوراس ضلع بارہ بنکی کی ہمہ صفت اور جامع شخصیت کے مالک تھے اور بستی میں قابل قدر نگاہوں سے دیکھے جاتے تھے۔آپ کی ابتدائی تعلیم کا آغاز گھر سے ہی ہوااور پہلے استاد آپ کے والد میر مہدی حسن ہیں جن سے آپ نے اردو، فارسی اور عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھیں (۴)۔محمد باقر جوراسی نے اگر چہ باقاعدہ طور پر کسی مدرسہ یا اسکول میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی مگر اس معاملے میں وہ خاصے خوش قسمت رہے کہ ان کو دبستان لکھنو اور نظام مدرسہ سے وابستہ اچھے استاد اور معلم نصیب ہوئے جن کی تعلیمات نے آپ کی علمی صلاحیت اور شعری خلاقیت میں نکھار پیدا کر دیا۔ والد کے علاوہ قرب و جوار کے مشہور علما مولانا محمد مہدی، مولانا سید حافد علی زید پوری، مولانا سید غضنفر علی وغیرہ اور معروف شعرا فراست حسین فراست زید پوری، سید سجاد حسن طور ناپاروی وغیرہ سے کسب فیض کیا اور فنون لطیفہ میں مہارت حاصل کی (۵)۔

مولانا محمد باقر جوراسی آٹھ سال تک مسلسل صاحب فراش اور معالجین کے زیر علاج رہے۔۱۶ مئی ۲۰۰۴ء کو کوما میں چلے گئے۔ چھ دن تک کوما کی حالت میں رہنے کے بعد ۲۲ مئی ۲۰۰۴ء کو ۱۰ بجے دن میں اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ان کو ان کے آبائی وطن جوراس میں سپرد خاک کیا گیا (۶)۔ماہنامہ اصلاح لکھنو نے ان کی یاد میں دسمبر میں ایک خصوصی شمارہ بھی شائع کیا ہے۔جس میں ملکی اور غیر ملکی ادیب وشعرا نے ان کی ہمہ جہت شخصیت پر روشنی ڈالی ہے اور موصوف کے شعر و نظم کے جواہر پاروں کی عظمت کا قصیدہ پڑھا ہے اور ساتھ ہی ملک اور بیرون ملک سے لوگوں کے منثور و منظوم تعزیت ناموں کو بھی اس خصوصی شمارے میں جگہ دی گئی ہے۔اس خصوصی شمارے میں محمد باقر جوراسی مرحوم کے عقیدت مندوں اور ہندوستان کے مختلف علاقوں کے علما اور دانشوروں اور بیرون ملک پاکستان و ایران کے علما و اکابر کے تقریبا تعزیتی پیام شائع ہوئے ہیں جن سے ان کی علمی و ادبی روابط کا اندازہ ہوتا ہے۔سبھی لکھنے والوں نے ان کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے دنیا سے رخصت ہوجانے کو علمی نقصان قرار دیا ہے۔اس کے علاوہ ملک اور بیرون ملک کے تقریبا شعرا و ادبا نے ان کے انتقال پر اردو اور فارسی زبانوں میں تعزیتی نظمیں اور قطعات تاریخ بھی کہے جس کو اس خصوصی شمارے میں جگہ دی گئی ہے۔

باقر جوراسی کو بچپن ہی سے مطالعہ و کتب بینی کا شوق تھا اور نوجوانی میں اس شوق میں مزید اضافہ ہوا تو آپ لکھنے کی طرف مائل ہوئے اور ''ادیب'' نامی رسالے کا اجرا کیا جس میں آپ کے ہی بیشتر مضامین و شعری کلام ہوا کرتے تھے۔ نوجوانی میں رسالے کا اجرا کرنا اور ایسے وقت میں رسالے کا اجرا کرنا جب موجودہ زمانے کی طرح وسائل موجود نہ تھے پھر بھی انھوں نے رسالوں کے ذریعہ دینی و مذہبی باتوں کو پہنچانے کا بیڑا اٹھایا (۷)۔اس رسالہ کی اشاعت بند ہوجانے کے بعد ایسا نہیں تھا کہ صحافتی کاموں سے دوری اختیار کر لی تھی بلکہ شیعوں کے سب سے قدیم رسالہ اصلاح سے وابستہ رہے اور مولانا محمد باقر نقوی (مدیر سابق ماہنامہ اصلاح) کے انتقال کے بعد ماہنامہ اصلاح کے سرپرست قرار پائے (۸) اور زندگی کی آخری عمر تک ماہنامہ اصلاح کے سرپرست و نگراں رہ کر صحافتی امور سے وابستہ رہے اور موقع بہ موقع آپ کے

مضامین اور شعری کلام ماہنامہ اصلاح کی زینت بنتے رہے۔صحافتی امور کے علاوہ آپ کو شعر وشاعری سے کچھ خاص لگاو تھا اور چودہ پندرہ سال کی عمر ہی میں انھوں نے اپنا پہلا کلام سلام کی ہیئت میں کہا اور اسے اس وقت کے مشہور شاعر فراست حسین فراستؔ زید پوری کو دکھایا۔انھوں نے یہ کلام دیکھ کرانھیں داد وتحسین سے نوازا(۹)۔چنانچہ ۱۷سال کی عمر میں ایک منقبت رنگ تغزل میں نظم کر کے جب اپنے استاد کو دکھائی تو انہوں نے اسے نا قابل ترمیم قرار دیا اور جب دورانِ محفل مذکورہ قصیدے پر لوگ داد وتحسین پیش کرتےتو خود استاد محترم بہ آوازِ بلند یہ اعلان بھی کرتے جاتے تھے کہ میں نے اس پر قلم نہیں لگایا ہے۔گویا ۱۷سال کے سن میں خود استاد نے اپنے شاگرد کو ایک پختہ کار شاعر کی سند عطا فرمادی تھی۔اس طرح استاد کی جانب سے انہیں مسلم الثبوت شاعر تسلیم کیا گیا(۱۰)۔ اپنی شاعری کے اس سفر میں انھوں نے مختلف اصناف سخن پر طبع آزمائی فرمائی ہےمگر ایک مذہبی مزاج رکھنے کی وجہ سے صنف غزل پر بہت کم توجہ مبذول کی ہے خاص طور پر عشقیہ شاعری کا موصوف کے کلام میں فقدان ہےالبتہ بعض قصائد کی ابتدا میں جو اشعارِ تشبیب ہوتے ہیں ان میں رنگ تغزل پایا جاتا ہے مگر یہ تغزل عامیانہ نہیں ہوتا بلکہ اس میں عشق خدا اور عشق رسولؐ وآل رسولؐ کے عشق کی شکل میں سامنے آتا ہے۔ان کے قصائد ومنقبت رباعیات وقطعات کا ذخیرہ زیادہ مقدار میں موجود ہے۔اگر چہ مختلف عنوانات کیذیل میں بصورت نظم مشق سخن کے نمونے بھی نظر سے گزرے ہیں لیکن نوحے،سلام اور قطعات جن میں قطعاتِ تاریخ بھی شامل ہیں ان کی قادر الکلامی کا شاہکار ہیں۔

علمی وادبی آثار:

جیسا کہ گذشتہ گفتگو میں ذکر ہو چکا ہے کہ محمد باقر جوراسی کی پرورش ایک دینی اور علمی گھرانے میں ہوئی اور آپ بچپن سے مطالعہ وکتب بینی کے شوقین تھے لہذا بچپن ہی سے پڑھنے اور لکھنے سے رغبت تھی اور جیسے جیسے عمر بڑھتی گئی نکھار آتا گیا۔آپ نے شاعری کی طرح مضمون نویسی کا آغاز بھی جوانی سے کیا تھا اور سال کی عمر میں پہلا مضمون درس عبرت لکھا۔البتہ ان کے بیشتر مضامین مذہبی اور اصلاحی نوعیت کے ہیں جس میں بعض مقامات پر انشا پردازی کے بہترین نمونے دیکھے جاسکتے ہیں۔ان کی نثر نگاری میں ان کے کچھ خطوط کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے البتہ یہ خطوط بہت ہی کم ملتے ہیں اور اسی طرح ترجمہ نگاری بھی ان کی نثر کا ایک اہم حصہ ہے۔انھوں نے عربی اور فارسی کتابوں کا سلیس اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے۔یہاں پر ان کی علمی اور ادبی تالیفات وتخلیقات کا ذکر ضروری ہے:

نثری تالیفات:

آپ کی نثری تخلیقات میں بیسیوں مضامین اور کچھ خطوط شامل ہیں۔البتہ بیشتر مضامین مذہبی نوعیت کے ہیں جواس وقت کے قومی و مذہبی جرائد مثل ہفتہ روزہ سرفراز ہفت روزہ نظارہ،ماہنامہ الواعظ اور ماہنامہ اصلاح میں شائع ہوتے تھے۔آپ کے مضامین میں درس عبرت،کربلا،وفات یا شہادت،ہائے حبیب خدا،وفات رسول سنت گریہ،امام حسین کے حقوق پانی پر،معرفت امیر المومنین اور غلو،عزاداری کے فوائد اور اثرات،جناب صدیقی مدیر نئی دنیا دہلی کے نام،یادضیاالملت،مہدی منتظر،امام عصر کا ایک خادم،عالمہ غیر معلّمہ،خلقت حسینی،دماغ ملت شیعہ،اصلاح منزل امتحان

میں، مرنے کے بعد کیا ہوگا، اسلام دین فطرت ہے، جنت وجہنم، حسد، حضرت ام کلثوم، مسلم لیگی شیعوں کو کھلا ہوا چیلنج، مختصر سوانح حیات مولوی سید مہدی حسن، صبر تلخ است ولیکن برشیریں دارد، ماہ رمضان اور تلاوت قرآن وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ان کے تمام مضامین دین و مذہب کی حمایت میں لکھے گئے ہیں اور کچھ مضامین میں اخلاقیات کو موضوع قرار دیا گیا ہے اور اسی طرح کچھ مضامین مذہب شیعہ کے عقائد وتعلیمات سے متعلق ہیں۔ مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ ان کے مضامین کے موضوعات کا بیشتر حصہ مذہب واخلاقیات ہے۔البتہ ان مضامین کے طرز بیان واستدلال سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ انھیں اردو زبان و بیان پر مکمل دسترس تھی اور انھوں نے اپنے انھیں مضامین میں انشا پردازی کے نمونے پیش کیے ہیں۔ان کے علاوہ خطوط اور کچھ لطائف بھی موجود ہیں جن کو ان کی نثر نگاری کا بیش قیمت سرمایہ قرار دیا جاسکتا ہے۔

ترجمہ نگاری:

باقر جوراسی کے علمی آثار میں ترجمہ نگاری اہم حصہ رہی ہے انھوں نے فارسی اور عربی زبان سے مختلف تاریخی، مذہبی اور اخلاقی کتابوں کے اردو میں ترجمہ کیے ہیں جن میں زاد المعاد، مرد نامتناہی، شبہائے پشاور، در پیش گاہ امام صادق، رسالہ ابوشاکر دیصانی، مغز متفکر جہان شیعہ، امام ثامن، کیفر گناہ، عالم برزخ، امام قائم، داستانہائے پراکندہ، عبداللہ ابن سبا، مالک اشتر، علامات ظہور حجت، داستانہائے شگفت، شوفاز غم، آشیانہ غم، العلائم وغیرہ جیسی کتابیں اہمیت کی حامل ہیں۔ یہ کتابیں ایران وعراق کے مشہور علما و محققین مثلاً شیخ محمد حسین ہمدانی، جناب ہاشم محلاتی، آی اللہ دستغیب شیرازی، عبد الحسین شرف الدین، محمد رضا علیم، آی اللہ مرعشی نجفی، ذبیح اللہ منصوری وغیرہ کی اہم تالیفات ہیں۔آپ کی ترجمہ نگاری کے حوالے سے مزید گفتگو نثر نگاری کے ذیل میں کی جائے گی یہاں پر سید مسعود عابدی کا بیان نقل کرنا ضروری سمجھتے ہیں جس سے اندازہ ہوجائے گا کہ انھیں ترجمہ نگاری کے تمام اصول وضوابط سے مکمل آگاہی تھی، وہ تحریر کرتے ہیں کہ ''علامہ جوراسی نے جو بھی ترجمہ کیے ہیں وہ انتہائی وقیع ہیں آپ کے ترجموں کے ترجمہ کی ضرورت نہیں پڑتی۔آپ کی عبارت بہت ہی سہل، مکمل سادہ، واضح وآشکار اور عام فہم ہونے کے ساتھ ساتھ فارسی یا عربی زدہ نہیں ہے'' (۱۱)۔

شعروادب:

شعروشاعری محمد باقر جوراسی کا محبوب مشغلہ تھا لہذا اس میدان میں بہت زیادہ کلام کہے ہیں۔ان کا کلام اتنی مقدار میں ہے کہ ایک دیوان مرتب کیا جاسکے مگر ابھی کسی نے ان کے تمام کلام کو مدون نہیں کیا ہے لیکن ان کے کلام کو دیکھ کر یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے ہزارہا اشعار کہے ہیں جن میں حمد و نعت، نظم، منقبت، مثنوی، قصائد، سلام، مرثیے اور رباعی وقطعات شامل ہیں۔سید مسعود عابدی آپ کی شاعری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ علامہ جوراسی نے حمد، نعت، منقبت، مناجات، روایاتی مثنوی، قطعات، نوحے، مرثیے اور سلام وغیرہ ادبیات عالیہ مذہب کے پیش منظر وپس منظر میں دبستان لکھنو کی مذہبیاتی شاعری کو بام عروج پر پہنچایا۔انھوں نے اس مکتب ادب کے قدیم مناسب روایات واسالیب سے بھی کسب فیض کیا اور بطریق احسن مذہب کے حوالے سے جدیدیت و مابعد جدیدیت کے تقاضوں کو بھی پورا کیا۔ان کی شاعری ان کی غیر معمولی ادبی قوت حاسہ اور لغوی بصیرت کا پتہ دیتی ہے ان کا منظوم علمی سرمایہ بھی نہ صرف یہ کہ کثیر ہے بلکہ

ادبی وزن اور ثقافتی معیار کے لحاظ سے بہت وقیع ہے۔ان کا کلام ذہن میں محفوظ رہنے کی بھرپور قوت رکھتا ہے اب کے شعرخوانی کا انداز اتنا دلکش اور مسحور کن ہوتا تھا کہ پردہ ذہن پر مضمون شعر کی تمثالی اور تجسمی تصویر ابھر آتی تھی (۱۲)۔

باقر جوراسی نے اپنی سنجیدہ اور مذہبی طبیعت کی بنا پر شاید غزل پر طبع آزمائی تو نہیں کی مگر ان کے قصائد اور سلام میں رنگ تغزل ضرور نظر آتا ہے۔رثائی ادب میں ان کا عظیم مقام قرار دیا جاسکتا ہے کیوں کہ انھوں نے مرثیہ، سلام، نوحے وغیرہ میں قادر الکلامی اور استادی دکھائی ہے اور ساتھ ہی ان کی شاعری کا ایک رخ دینی تبلیغ، اصلاح قوم وملت بھی رہا ہے۔ڈاکٹر عراق رضا زیدی لکھتے ہیں کہ مولانا محمد باقر جوراسی کا نام بیسویں صدی کے ان شعرا وعلما میں سرفہرست ہے جنہوں نے تبلیغ دین میں اپنے قلم کا بھرپور استعمال کیا ہے۔ان کے قلم کی جولانیاں نثر ونظم دونوں میدانوں میں یکساں نظر آتی ہیں (۱۳)۔ پروفیسر فضل امام رضوی آپ کی مدحیہ شاعری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ ''ان کی مدحیہ شاعری وہ میزان مقرر کرتی ہے جس سے موجودہ اور آئندہ نسلوں کو استفادہ کرنا ضروری ہے'' (۱۴)۔

حوالہ جات:

۱۔رفتی ونام تو ز زبانم نمی رود، سید مسعود عابدی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح لکھنو، بابت نومبر ودسمبر ۲۰۰۴، ص ۱۰۸۔

۲۔ چراغ سید مہدی چراغ خانہ مہدی، سید محمد غافر باقری جوراسی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر ودسمبر ۲۰۰۴ء، جلد ۳، شمارہ ۱۱و۱۲، ص ۹۳، ذی حشم اور محترم شخصیت سید محمد راحم رضوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت جنوری تا مارچ ۱۹۹۹ء، جلد ۹۴، شمارہ ۱ تا ۳، ص ۲۱۵، لکھنو۔

۳۔ چراغ سید مہدی چراغ خانہ مہدی، سید محمد غافر باقری جوراسی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر ودسمبر ۲۰۰۴ء، جلد ۳، شمارہ ۱۱و۱۲، ص ۹۳، ''ذی حشم اور محترم شخصیت'' سید محمد راحم رضوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت جنوری تا مارچ ۱۹۹۹، ص ۲۱۶۔

۴۔ذی حشم اور محترم شخصیت، سید محمد راحم رضوی، ماہنامہ اصلاح، بابت جنوری تا مارچ ۱۹۹۹ء، جلد ۹۴، شمارہ ۱ تا ۳، ص ۲۱۷۔

۵۔مثالی شخصیت، سید عطا مہدی رضوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر ودسمبر ۲۰۰۴ء، جلد ۳، شمارہ ۱۱و۱۲، ص ۴۰، ذی حشم اور محترم شخصیت، سید محمد راحم رضوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت جنوری تا مارچ ۱۹۹۹ء، ص ۲۱۷۔

۶۔نازش خاندان ماموں: خدا حافظ، سید قائم مہدی بارہ بنکوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر دسمبر ۲۰۰۴ء، ص ۱۰۰۔

۷۔ایسا کہاں سے لائیں کہ تجھ سا کہیں جسے، محمد حسنین باقری، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر ودسمبر ۲۰۰۴ء، ص ۱۴۵-۱۴۶۔

۸۔ایضا، ص ۱۴۶۔

۸۔ زمیں سے اٹھے آسماں کیسے کیسے، سید محمد راحم رضوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر و دسمبر ۲۰۰۴ء، جلد ۳، شمارہ ۱۱و۱۲، ص ۹۱۔

۱۰۔ محمد جابر جوراسی سے لی گئی معلومات

۱۱۔ رفتی و نام تو زز بانم نمی رود، سید مسعود عابدی، ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر و دسمبر ۲۰۰۴، ص ۱۱۰ و ۱۱۱۔

۱۲۔ ایضا، ص ۱۱۱ و ۱۱۲۔

۱۳۔ تاریخ گوئی فارسی در شعر مولانا محمد باقر جوراسی، عراق رضا زیدی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر و دسمبر ۲۰۰۴ء، ص ۷۳۔

۱۴۔ جناب باقر جوراسی کی قصیدہ نگاری، سید فضل امام رضوی، مشمولہ ماہنامہ اصلاح، بابت نومبر و دسمبر ۲۰۰۴ء، ص ۱۷۔

☆☆☆

پروفیسر رضوان اللہ آروی
پٹنہ، بہار

نقش ھائی رنگ رنگ

(مجموعۂ مقالات ادبیات فارسی)

’’فارسی بیں تا ببینی نقش ھائی رنگ رنگ‘‘

مرزا غالب کے اس مصرع کی مصداق ہے، ڈاکٹر زرّینہ خان کی کتاب ’نقش ھائی رنگ رنگ‘۔ سترہ (۱۷) مقالات پر مشتمل یہ مجموعہ، مؤلفہ کی تحقیقی ژرف نگاہی اور تنقیدی بصیرت کا حسین امتزاج ہے۔ یہ مقالات فارسی ادب و شاعری، تنقید و تحقیق اور تدوین متن جیسے متنوع موضوعات پر مشتمل اور تذکرہ نگاری، تاریخ نویسی، تصوف و ملفوظ اور لغات و فرہنگ جیسی مختلف جہتوں پر محیط ہے۔ یہ مقالات مختلف اوقات میں لکھے گئے، مختلف رسائل میں شائع ہوئے اور مختلف سیمیناروں میں پیش کئے گئے۔ یوں تو ان مقالات میں مؤلفہ نے فارسی ادبیات کے حوالے سے کئی نئے جہانوں کی دریافت کی ہے، تاہم تذکرہ شعراء فارسی اور عہد وسطیٰ کی تاریخ سے ان کی خصوصی دلچسپی نے اس کتاب کو ایک مخصوص عہد کی ادبی وسیاسی تاریخ کا ایک حسین مرقع بنا دیا ہے۔ ڈاکٹر زرّینہ نے ان موضوعات سے اپنے شغف کا اظہار کرتے ہوئے خود اپنے پیش گفتار میں لکھا ہے کہ فارسی کی طالب علم کی حیثیت سے ادبیات فارسی کے ساتھ انہیں تاریخ سے گہرا لگاؤ رہا ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ اپنے پایان نامہ کے لئے بھی انہوں نے ایک تذکرہ ہی کا انتخاب کیا اور میر غلام علی آزاد بلگرامی کے تذکرہ ’سرو آزاد‘ پر تحقیقی مقالہ لکھ کر ڈاکٹریٹ کی سند حاصل کی۔ اس کتاب پر ان کا ایک مبسوط تحقیقی مقالہ اس کتاب کی بھی زینت ہے۔ اس تذکرہ کا انتخاب شاید انہوں نے اس لئے بھی کیا ہے کہ اس میں تذکرہ کے ساتھ تاریخ کے عناصر بھی موجود ہیں، کہ شعراء کے حالات وکوائف کے بیان میں بلگرامی نے اُس زمانے کے تاریخی حالات وواقعات کو بھی سمیٹ لیا ہے۔ مؤلفہ نے اس کی نشاندہی کرتے ہوئے اُس زمانے کے رسم ورواج اور ہنداسلامی تہذیب وثقافت کے اُن نمونوں کو بھی اجاگر کیا ہے جو، اس کتاب میں بکھرے پڑے ہیں۔۔۔ بلگرامی کے اس تذکرے کی انفرادی خصوصیات کے ذیل میں ڈاکٹر زرّینہ نے خاص طور پر شعرا کے اشعار کی شرح اور حواشی ابیات کی طرف اشارہ کیا ہے جو بلگرامی کا انفراد واختصاص ہے۔ اس کے علاوہ دیگر شعرا سے ان شعرا کے کلام کا موازنہ بھی اس تذکرے کا نشان امتیاز ہے۔ ’سرو آزاد‘ بنیادی طور پر تذکرہ ہے، تنقیدی کتاب نہیں ہے۔ تاہم بلگرامی کے تجزیاتی مطالعے نے اس کو تنقیدی جہت بھی دے دی ہے۔ فنی اعتبار

سے اس کا جائزہ لیتے ہوئے مؤلفہ نے خاص طور پر عروض و بلاغت کے فن میں بلگرامی کی مہارت کو نمایاں کیا ہے۔اس کتاب کی جامعیت کا تجزیہ کرتے ہوئے مؤلفہ نے اُن مکاتیب کا بھی حوالہ دیا ہے جو مختلف شعرانے بلگرامی کو ذاتی طور پر لکھے تھے اور جن میں اُن شعرا کی سوانح کے اہم حصّے آ گئے تھے۔بلگرامی نے شعرا کے حالات کے بیان میں ان مکاتیب سے بھی استفادہ کیا ہے۔

'سروآزاد' کی طرح میر غلام علی آزاد بلگرامی کے دوسرے تذکرہ 'ید بیضا' پر بھی ڈاکٹر زرّینہ کا ایک مفصّل مقالہ اس کتاب میں شامل ہے،جس میں بلگرامی کی انہی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے مؤلفہ نے اس کی کچھ ایسی جدّتوں اور اختراعات کو بھی اجالا ہے جو دراصل بلگرامی کی اولیات میں شمار ہونے کے قابل ہیں۔اور اپنی اس کوشش میں وہ تذکرہ 'ید بیضا' کے متن سے گزر کر اس کے مقدمہ تک پہنچی ہیں جس میں بلگرامی نے فارسی کے اولین شاعر کے تعین کے ساتھ،شاعری کے کیف وکم سے بھی بحث کی ہے۔اس بحث کا جائزہ لیتے ہوئے مؤلفہ نے فارسی کے جدید مؤرخین اور ناقدین کی آراء سے بلگرامی کا نہ صرف تقابل کیا ہے بلکہ ان کے درمیان مماثلت کا پہلو بھی تلاش کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔یہ جدید اور قدیم دونوں ادب پر ان کی گہری نگاہ کا اشاریہ ہے۔ڈاکٹر زرّینہ کی تحریریں چونکہ تحقیق وتنقید دونوں کا بہترین نمونہ ہوتی ہیں،اسی وجہ سے وہ متن میں پوشیدہ جہانِ معنیٰ کو کشف کرنے میں کامیاب رہتی ہیں۔اس کی بہترین مثال آزاد بلگرامی کے اُن اشعار کی تشریح وتوضیح ہے جو خود بلگرامی نے 'ید بیضا' میں درج کیا ہے۔آزاد بلگرامی کے ان اشعار کے حوالے سے مؤلفہ نے اس کے یہاں تصوف وعرفان اور اخلاق کے موضوعات کے ساتھ تغزل کے مضامین کی بھی نشاندہی کی ہے اور خاص طور پر اس کی تاریخ گوئی پر ناقدانہ نظر ڈالی ہے جو،اس کی ادبی شخصیت کی نمایاں جہت ہے۔

